UNIVERSAL
LIBRARY

OU_226215

UNIVERSAL
LIBRARY

# معتزلہ

## اور اُن کے عروج و زوال

Checked 1996

کے متعلق

مولنا مولوی محمد عبد الحلیم صاحب شرر کا ایک
بسیط لکچر جو مسلم اکیڈیمی کے اجلاس منعقدہ ۱۹ نومبر ۱۹۲۶ء
مین پیش ہوا

اور

خاکسار محمد سراج الحق (حکیم) منیجر و پرنٹر و پبلشر نے
اس کو سنہ ۱۹۲۶ء مین
دلگداز پریس مین چھاپ کر لکھنؤ محلہ کٹرہ بزن بیگ خان
سے شائع کیا

# کارخانۂ روض الریاحین لکھنؤ کا اعلیٰ عطر

١٢٩٧٢ (آپ ایک دفعہ آزما کے تو دیکھیں)

عطر کے لیے لکھنؤ مشہور ہے مگر افسوس ہے کہ جو عطر ہے وہ باہر والوں کو نہیں ملتا کیونکہ کمیشن مال کی روانگی نوکروں کے ہاتھ ہے۔ اور اُن کے دغل وفصل کا خمیازہ اُن ہی غریبوں کو اُٹھانا پڑتا ہے جو باہر سے منگوانے اور بے دیکھے خریدنے پر مجبور ہیں۔ اور بعض اشتہار دینے والوں کی یہ حالت ہے کہ روپیہ کا مال دو کوڑی کو بھی جا کر بھیج دیتے ہیں۔ یہ عام خرابیاں دیکھ کے ہم نے ذمہ لیا ہے کہ باہر کے جو صاحب طلب فرمائیں اُن کے لیے معتبر اور مستند کارخانوں کے عطر اعلیٰ درجے کے تیل وغیرہ خاص طور پر اہتمام کر کے مال بخوبی جانچ کے اور بکفایت خرید کر کے روانہ کر دیا کریں جس کا بہت اچھا اور قابل اطمینان انتظام کیا گیا ہے۔ عطر کے شائق ایک بار امتحاناً منگوا کر دیکھ لیں کہ ہمارے ذریعے سے اُنھیں کیسا اچھا عطر اور کن داموں کو ملتا ہے۔

## عطروں کی فہرست حسب ذیل ہے

| | | | |
|---|---|---|---|
| عطر گلاب فی تولہ عہ عہ ہے ہے | عطر شک حنا فی تولہ سے صر للعہ ہے ۶ عیہ | عطر زعفران فی تولہ ہے سے للعہ سے | عطر نسیم فی تولہ سے ۶ عیہ عیہ |
| 〃 موتیا 〃 صہ للعہ ہے ۶ عیہ عیہ | 〃 صنوبر 〃 سے صر للعہ سے ۶ عیہ عیہ | روح گلاب 〃 لہ للہ ہہ، صہ | 〃 سنگترہ 〃 ہے ۶ عیہ عیہ |
| 〃 حنا 〃 عہ ہے سے صر للعہ سے ۶ عیہ عیہ | 〃 سورنگی 〃 سے صر للعہ سے ۶ عیہ عیہ | 〃 یاسمن 〃 ہے ہے | 〃 شہناز 〃 سے ۶ عیہ عیہ |
| 〃 کیوڑہ 〃 عہ ہے صر للعہ سے ۶ عیہ عیہ | 〃 سہاگ 〃 صہ للعہ ہے ۶ عیہ عیہ | 〃 مخلوط عنبری 〃 ہے | 〃 ارگجا 〃 ہے ۶ عیہ عیہ |
| 〃 چمبیلی 〃 عہ ہے صر للعہ سے ۶ عیہ عیہ | 〃 عروس 〃 صر للعہ سے ۶ عیہ عیہ | 〃 عود ناہ 〃 سے ۶ عیہ عیہ | 〃 مولسری 〃 ہے ۶ عیہ عیہ |
| 〃 جوہی 〃 سے صر للعہ سے ۶ عیہ عیہ | 〃 بیلہ 〃 صہ للعہ ہے ۶ عیہ عیہ | 〃 ہار سنگھار 〃 سے ۶ عیہ عیہ | 〃 خس 〃 ہے ۶ عیہ عیہ |
| 〃 موگرہ 〃 سے صر للعہ سے ۶ عیہ عیہ | 〃 پانڑی 〃 سے ۶ عیہ عیہ | 〃 گل مٹی 〃 سے ۶ عیہ عیہ | 〃 چمپا 〃 للعہ سے ۶ عیہ عیہ |
| 〃 عنبر 〃 صہ للعہ ہے ۶ عیہ عیہ | 〃 ابنۃ المطر 〃 ۶ عیہ عیہ | 〃 گیندا 〃 سے ۶ عیہ عیہ | 〃 گل حنا 〃 صہ للعہ ہے ۶ عیہ عیہ |
| 〃 مشک عنبر 〃 سے صر للعہ سے ۶ عیہ عیہ | 〃 مدن مان 〃 صر للعہ سے ۶ عیہ عیہ | 〃 پودینہ 〃 عیہ عیہ | 〃 شمامۃ العنبر 〃 ہے سے |
| 〃 ناگیسر 〃 عہ صہ | 〃 اگر فرقی 〃 للعہ ہے | روح خس 〃 ہے صہ للعہ | 〃 اگر گل نو ایجاد 〃 سعہ |

## خوشبودار تیلوں کی فہرست ملاحظہ ہو

| | | | |
|---|---|---|---|
| روغن چمبیلی فی سیر عا سعہ، عیہ للعہ عکار | روغن بیلہ فی سیر عہ سعہ، عیہ للعہ عکار | روغن کیوڑہ فی سیر عہ عہ، ہے عیہ للعہ عکار | روغن حنائی سیر عہ ہے، عیہ للعہ عکار |

## اعلیٰ درجے کا خوشبودار عمدہ بامزہ تنباکو

| | | |
|---|---|---|
| زردہ تنباکو مشکی فی سیر عہ سعہ، ہے صہ للعہ، زعفرانی ۶ | قوام مشکی فی تولہ عہ ۸، ۶، ۴، زعفرانی ۲ | گولیاں مشکی طلائی فی تولہ عیہ، نقرئی ۱۰، ۸، ۶، بلا ورق عہ |

نوٹ۔ درخواست آتے ہی ویلیو پی ایبل روانہ ہوگا۔ باردانہ و مصارف ڈاک ذمہ خریدار

## آپ کا خادم حکیم محمد سراج الحق منیجر دلگداز کٹرہ بزن بیگ خاں لکھنؤ

معتزلہ ۔ ۲۹۷۱۴۸ ۱

# معتزلہ

## اور اُن کا عروج وزوال

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

حقیّت اسلام کی سب سے بڑی اور سب سے واضح دلیل یہ ہے کہ وہ ایک سیدھا سادہ مطابق فطرت دین ہے۔ اُس نے اپنی ابتدائی تبلیغ مین بجاے دقیق موشگافیون کے جو فلسفیون کو بہکا بہکا کے حق اور فطرۃ اللہ سے ہٹاتی رہتی ہین دنیا کو ایسا عملی دین بتایا جو تمدن انسانی اور فطرت دنیوی کے لیے تمام قوانین وشرائع سے زیادہ مناسب تھا۔ اور اُس نے فلسفیون کے جنون زا خیالات وشبہات کو الگ پھینک کر ایسے دینی ودنیوی اعتدال کا راستہ بتایا جو نوع انسانی کی اصلاح مین بہمہ وجوہ بہتر اور افضل ترین کہا جاسکتا ہے۔

ایک طرف جملہ مذاہب عالم کے دیندار وپرہیزگار تارک الدنیا راہب بن گئے تھے۔ اور دنیا سے اس قدر بے تعلق ہو گئے تھے کہ اُن سے دین ودنیا کو بجاے فائدے کے ضرر پہونچ رہا تھا۔ وہ گویا دنیا مین آئے ہی نہ تھے اور دنیا والون سے اُنھین کوئی سروکار نہ تھا۔ دوسری طرف دنیادار لوگ خدا اور اُس کی عبادت

سے اس قدر دور پڑ گئے تھے کہ گویا اُنھین خدا اور اُس کی شریعت سے
کوئی سروکار ہی نہ تھا۔ اِسی بے اعتدالی کو اسلام نے مٹایا۔ دیندارون
سے کہا دنیا مین آنے کا یہ مقصد نہین کہ اپنی نجات اور خداپرستی کی دھن
مین دنیا والون کی فلاح اور عالم کی اصلاح کو بھول جاؤ۔ اور دنیادارون
کو بتایا کہ دنیا کی ہوس اور عیش پرستی مین اتنے غافل نہ ہو کہ خدا بھی یاد نہ
رہے۔ چنانچہ تمام دنیوی لذتین ایک صحیح اور سچے اعتدال کے ساتھ جائز بتادی
گئین۔ راہب اور مقتدایانِ اُمم جو سارا وقت اپنے روحانی مالیخولیا مین
صرف کر رہے تھے اُنھین بتایا گیا کہ اتنا محدود وقت خداپرستی مین صرف
کر کے دنیا کو اعتدال سے برتو تو تمھارا ہر دنیوی کام بھی موجب ثواب اور
عبادت کے حکم مین ہوگا۔ دنیاپرستون سے کہا کہ تم مشاغل دنیوی کو چھوڑ
کے اتنا وقت عبادت الٰہی مین صرف کرو تو تمھارے دنیوی کام بھی دین کے
کام بن جائین گے۔ اس طرح عابد و دنیاپرست اور مقتدا و مقتدی دونون
ایک درجے پر آکر ایک رنگ کے ہو جائین گے۔

صحابہ کے عہد اور خیرالقرون کے بابرکت زمانے تک یہ یکسانی
قائم رہی۔ سیدھے سادے عقائد رہے۔ خلوص و بے ریائی کی عبادت
رہی۔ اور مسلمانون کی دینی و دنیوی ترقی کی کوئی حد و نہایت نہ تھی۔

اصول و اعتقادی مسائل مین کبھی کوئی شخص عقلی شک و شبہ
ظاہر بھی کرتا تو قرآن و حدیث کے احکام و نصوص بتا کے خاموش کر دیا
جاتا۔ نہ کسی کا عقیدہ بدلتا۔ اور نہ کسی کے زہد و تقویٰ مین فرق آتا۔

مگر تعلیمات نبوت کا اثر جس قدر کمزور ہوتا گیا اُسی قدر وسوسہ ہاے شیطانی نے قیل وقال اور چون وچرا کے شبہے پیدا کرنا شروع کردیے۔ پیروِ دین علماے سلف نے خوب کہا ہے کہ حکم الٰہی یا نص کے مقابلے مین سب سے پہلے جس نے بربناے قیاس چُون وچرا کا شُبہ پیش کیا وہ شیطان تھا۔ خدا نے حکم دیا کہ آدم کا سجدہ کر اور اُس نے یہ قیاسی حُجت پیش کی کہ کیون کرون۔ جبکہ مین آدم سے افضل ہون۔ مین آتشین نژاد ہون۔ اور آدم ذلیل خاکی پتلا۔ مین تو تیرے سوا کسی کے آگے سجدہ نہ کرون گا۔" یہ نص صریح کے آگے پہلی فلسفیانہ قیاسی مخالفت تھی۔

بعینہ اسی طرح پہلی صدی اسلامی کے ختم ہونے سے پیشتر ہی عقائد اسلامیۂ منصوصہ کے مقابل عقلی گدّے لگائے۔ اور قیاسی شُبہے پیش کیے جانے لگے۔

چنانچہ صحابہ کے زمانے ہی مین مَعبد جُہنی، غیلان دمشقی اور یونس اسواری نے قدریہ کے عقائد کا اظہار کیا۔ اور بُرائی بھلائی کے مقدر ہونے پر اعتراض کرنے لگے کہ جب خدا نے بندون کے افعال اپنے اختیاری رکھے ہین تو پھر ثواب و عذاب کی کیا وجہ ہے؟ مگر اُس وقت اُن کے یہ شُبہات اُنھین پر ختم ہو گئے۔ اور فتنہ بڑھنے نہ پایا۔

اب وہ زمانہ آیا کہ حضرت حسن بصری جامع بصرہ مین حدیث کا درس دے رہے تھے۔ اُن کی ولادت سنہ ۲۱ھ مین ہوئی تھی اور سنہ ۱۱۰ھ مین سفر آخرت فرمایا۔ وہ ایک دن بصرے کی جامع مسجد

ین طلبہ کے حلقے مین بیٹھے درس حدیث دے رہے تھے کہ شاگردون مین سے واصل بن عطا غزال نام ایک شخص نے اُٹھ کے سوال کیا۔ "یا امام زمانہ! ان دنون جدا جدا خیالات کے مختلف گروہ پیدا ہو گئے ہین۔ ایک اُن لوگون کو کافر بتاتا ہے جو کبیرہ گناہون کے مرتکب ہون۔ اور دوسرے گروہ کا خیال ہے کہ کبیرہ گناہون سے دین مین مطلق خلل نہین پڑتا۔ اس لیے کہ اُن کے اعتقاد مین عمل کو دین و ایمان مین کوئی دخل نہین۔ پہلا اعتقاد خوارج کا ہے۔ اور دوسرا مرجیہ کا۔ آپ اس بارے مین کیا ارشاد فرماتے ہین؟" حضرت حسن سر جھکا کے غور فرمانے لگے لیکن قبل اس کے کہ آپ جواب دین واصل خود ہی بول اُٹھا "اور مین تو یہ کہتا ہون کہ مرتکب کبیرہ نہ مومن مطلق ہے۔ اور نہ کافر مطلق۔ بلکہ کفر و ایمان کے درمیان اُس کا ایک تیسرا درجہ ہے۔ نہ وہ کافر ہے نہ مومن ہے" یہ کہتے ہی وہ حضرت حسن کے حلقۂ درس سے اُٹھ کر مسجد کے ایک دوسرے ستون کے پاس جا بیٹھا۔ اپنے اس نئے خیال کی تبلیغ کرنے لگا۔ اور اپنا ایک نیا حلقۂ تعلیم جاری کر دیا۔ حضرت حسن نے اُس کی یہ سرتابی دیکھی تو فرمایا۔ "اِعتزَلَ عنا" یعنی ہم سے الگ ہو گیا۔ اور اُسی وقت سے اُس کے گروہ کا نام حضرت حسن کے ان الفاظ کی بنیاد پر "معتزلہ" پڑ گیا۔ اس کے بعد واصل نے اپنے اور اعتقادات ظاہر کرنا شروع کیے جو دراصل عقل و قیاس پر مبنی تھے۔

بعد ازان حضرت امام زین العابدین کے صاحبزادے زید

شہید واصل بن عطار کے شاگرد ہوئے۔ اور کہتے ہین کہ شیعون کا سب سے پہلا فرقہ "زیدیہ" ہے۔ جو اُنھین کی جانب منسوب ہے۔ چنانچہ "زیدیہ" لوگون کے اور نیز اثنا عشری شیعون کے وہی عقائد ہین جو واصل بن عطا کے تھے۔

اس زمانے سے معتزلہ لوگون نے زیادہ انہماک کے ساتھ فلسفہ کی کتابون کا مطالعہ شروع کیا۔ اور جب ہارون و مامون کے عہد مین فلسفہ یونان کی کتابین بہ کثرت ترجمہ ہوئین تو اِن لوگون کو اپنے خیالات و شبہات کے لیے فلسفی دلیلین مل گئین۔ اور اُنھون نے ایک نیا عقلی اسلامی فن ایجاد کیا جس کا نام علم "کلام" قرار دیا۔

محدثین و فقہاے سلف اور بڑے بڑے ائمۂ دین اِن لوگون کو جہان کہین نصوص کتاب و سنت کے خلاف پاتے مخالفت کرتے۔ آخر کار باہم مناظرے چھڑ گئے۔ معتزلہ اپنی عقلی دلیلون سے اُن کو پریشان و لاجواب کرتے۔ اور وہ کہتے کہ "ہم قرآن و حدیث کو بے دلیل مانتے ہین۔ اور تمھاری اِن قیاسی خیال آرائیون اور عقلی حجتون سے ہمارے اعتقاد مین فرق نہین آ سکتا۔" امام احمد حنبل اور امام شافعی و دیگر ائمۂ حدیث نے تو وہی طریقہ رکھا کہ کتاب و سنت مین جو پاتے چاہے سمجھ مین آئے یا نہ آئے اُس پر اعتقاد رکھتے۔ اور کہتے۔ خدا کہتا ہے کہ وہ عرش پر کھڑا ہے۔ ہم بھی مانتے ہین کہ وہ کھڑا ہے۔ مگر یہ نہین کہہ سکتے کہ اُس کا کھڑا ہونا کیسا ہے۔ اِسی

طرح وہ اپنے ید اور وجہ (ہاتھ اور منھ) بتاتا ہے ہم بھی تسلیم کرتے ہین کہ اُس کے ید اور وجہ ہین مگر یہ نہین جانتے کہ اُس کا ید کیسا ہے اور وجہ کیسا ہے۔

معتزلہ کہتے کہ "اگر خدا کھڑا ہے تو لازم ہے کہ کسی محل اور وضع مین ہو۔ اُس کے ہاتھ اور چہرہ ہین۔ تو ماننا پڑے گا کہ جسمانی پُتلا ہے" اور محدثین جب جواب دیتے کہ "ہم نہ اُس کے جسم مانتے ہین نہ اعضا اور نہ اُس کا کسی وضع و محل مین ہونا تسلیم کرتے ہین۔ مگر یہ ضرور کہین گے کہ خود اُس نے اپنے آپ کو اپنے کلام مین جن چیزون کی جانب منسوب کیا ہے اُن کی طرف وہ ضرور منسوب ہے۔ گو ہم نہین جانتے کہ اُس کا کھڑا ہونا کیسا ہے اُس کے ہاتھ کیسے ہین اُس کا چہرہ کیسا ہے۔ مگر اُس کے ارشاد کے مطابق اِن سب چیزون کے موجود ہونے کے قائل ہین" تو اُس پر تمسخر کرتے۔

آخر جب اہل حدیث کی طرف سے قرین قیاس عقلی جواب شافی نہ دیے جاسکے اور قیاس پرست معتزلہ نے اُن کا مضحکہ اُڑانا شروع کیا تو مسلمان کثرت سے اُن کے پیرو ہونے لگے۔ یہان تک بنی عباس کے نامور خلفاے سلطنت۔ مامون رشید۔ معتصم باللہ۔ متوکل علی اللہ۔ اور الواثق باللہ نے بھی معتزلہ کے مسلک کو اختیار کر لیا۔ یہ حالت دیکھ کے علماے دین مین سے عبداللہ بن سعید کلابی ابو العباس قلانسی۔ اور حارث محاسبی نے عاجز آکر ناگواری کے ساتھ معتزلہ ہی کے انداز سے حمایت

دین مین عقلی جوابات دینا شروع کیے۔ اِس سے اُن بزرگون کے ذاتی اعتقادات پر اگرچہ کوئی اثر نہین پڑا تھا۔ مگر بحث کا انداز ایسا تھا کہ اُنھین معتزلہ ہی کی وضع کی باتین کرتے دیکھ کر ستند ائمۂ محدثین اُن پر بھی بدگمانیان کرنے لگے۔

اِن دنون ایک طرف تو اکابر محدثین معتزلہ سے اس درجہ بدگمان تھے کہ حمایت دین اور اُن کے مسلک حق کے ثبوت مین بھی اگر کوئی عالم فلسفیون کی طرح عقلی دلیلین پیش کرتا تو وہ اُس کو بُرا سمجھنے لگتے۔ دوسری طرف معتزلہ کی یہ حالت تھی کہ پیروان کتاب وسنت کو احمق اور جاہل سمجھتے اور جب اُن کو اپنے منقولی مذہب سے کسی طرح ہٹتے نہ دیکھا۔ تو انھین کافر وبے دین بلکہ مشرک کہنے لگے۔ اور ہم مذہب خلفا کی مدد سے اُن پر جور وتشدد شروع کر دیا۔ چنانچہ معتزلی العقیدہ خلفاے بنی عباس نے علماے حدیث وفقہ پر بیحد مظالم کیے۔ اور یہ حالت ہو گئی کہ اہل سنت کو نہ بھاگنے کا راستہ ملتا تھا اور نہ کوئی پناہ کی جگہ نظر آتی۔

اب ہم مختصر طور پر یہ بتانا چاہتے ہین کہ معتزلہ کے اصلی عقائد کیا تھے۔ اور فلسفہ کی آمیزش نے اُنھین کس طرح بہکا کے فاران کے دامن سے ہٹا کر اُس پہاڑی کے پاس پہونچا دیا تھا جس پر یونانیون کے دیوتا اپالو کا مندر بنا ہوا تھا۔

اِن لوگون کے زیادہ تر مباحث اصولی مسائل سے تعلق رکھتے تھے۔ لہذا یہ بتانے کی ضرورت ہے کہ متکلمین کی مراد اصولی

مسائل سے کیا ہے۔ دین مین دو باتین ہین۔ اول معرفت باری تعالے۔ دوسری اُس کی عبادت۔ یہ ظاہر ہے کہ معرفت اصل ہے۔ اور عبادت فرع۔ لہذا جو مسائل معرفت و توحید کے متعلق ہون وہ اصولی ہین اور جو مسائل عبادت و شریعت سے علاقہ رکھین وہ فروعی۔ اسی بنا پر علم کلام کا موضوع اصول ہین۔ اور علم فقہ کا موضوع فروع اسی تقسیم کی بنا پر معتزلہ اور اُن کے علم کلام کے مسائل توحید۔ عدل۔ وعد۔ وعید۔ اور سمع وعقل قرار پا گئے۔

وضاحت کے لیے مین مذکورہ مسائل اصول کو ذرا تفصیل کے ساتھ بیان کرنا چاہتا ہون۔

**اول توحید**۔ اس کی نسبت اہل سنت اور وہ تمام لوگ جو صفات باری تعالیٰ پر عقیدہ رکھتے ہین سب کا یہ مسلک ہے کہ اللہ جل شانہ اپنی ذات مین واحد ہے۔ اُس کا کوئی قسیم یعنی برابر والا نہین۔ وہ اپنے جملہ صفات الٰہیہ مین اکیلا ہے۔ یعنی کوئی اس کا نظیر نہین اور اپنے جملہ افعال مین بھی اکیلا ہے۔ یعنی کوئی اس کا شریک نہین۔ اس کے خلاف معتزلہ کا یہ عقیدہ تھا کہ باری تعالیٰ اپنی ذات مین اس طرح واحد ہے کہ نہ اُس کی تقسیم ہو سکتی ہے اور نہ اُس مین کوئی صفت ہے۔ اور اپنے افعال مین یون واحد ہے کہ اُس کا کوئی شریک نہین۔ لہذا نہ اُس کی ذات کے سوا کوئی قدیم ہے۔ اور نہ اُس کے افعال مین کوئی اور حصہ دار ہے۔ دو قدیمون کا ہونا محال ہے۔ اور علیٰ ہذا القیاس دو قادر ون

کے درمیان ایک مقدور کا ہونا بھی غیر ممکن ہے۔ یعنی کوئی مخلوق نہین ہو سکتا جس پر دو قادرون کی حکومت ہو۔ یہ معتزلہ کے خیال کی فلسفیانہ توحید ہے۔

**دوسرے عدل**۔ عدل کے بارے مین اہل سنت کا یہ عقیدہ ہے کہ خداے تعالیٰ کے اپنے افعال مین عادل ہونے کے یہ معنی ہین کہ وہ جل شانہٗ اپنے ملک اور اپنے مملوکون مین جیسا تصرف چاہتا ہے کرتا ہے۔ لہذا اُس کے عادل ہونے کا مطلب یہ ہے کہ اپنی مخلوق مین اپنی مشیّت کے مطابق جیسا تصرف چاہے کرے۔ اور جو اس کے ضد ہو اُس کا نام اہل سنت کی اصطلاح مین ظلم ہے۔ لہذا اُس کے حکم مین کسی طرح کے جور اور اُس کے تصرف مین کسی قسم کے ظلم کا ہونا محال ہے۔ اس کے خلاف معتزلہ کہتے ہین عدل یہ ہے کہ باری تعالیٰ کا ہر کام اور ہر تصرف ہماری حکمت اور ہماری عقل کے تقاضے کے مطابق ہو۔ یعنی اُس کے ہر فعل کا از روے عقل انسانی بہترین صورت پر ہونا لازم ہے۔

**تیسرے وعد و وعید** یعنی اُس کا وعدہ ثواب کرنا۔ اور عذاب کا خوف دلانا۔ اس مین یہ اختلاف ہے کہ اہل سنت کے نزدیک وعد و وعید خداے تعالیٰ کا کلام ازلی ہے۔ اُس نے جو احکام نافذ فرمائے اُن پر عمل کرنے کی صورت مین وعدہ ثواب کیا۔ اور جو ممنوعات بتائے اُن کے ارتکاب پر عذاب کی دھمکی دی۔ لہذا جو نجات پائے وہ اُس وعدے کے مطابق مستحق ثواب ہوا۔ اور جو گنہگار ہو وہ اُس کے مطابق

مستوجب عقاب ہوا۔ تقاضائے حکمت اور فیصلۂ عقل کی وجہ سے کوئی چیز اُس جل جلالہ پر واجب نہین ہے۔ برخلاف اس کے معتزلہ کہتے ہین کہ کلام باری اول مین تھا ہی نہین۔ اور اُس نے جو حکم فرمائے یا جن باتون سے منع کیا یا کوئی وعدہ کیا یا کسی عذاب سے ڈرایا سب اپنے کلام حادث سے کیا۔ لہذا جس کی نجات ہوئی اپنے افعال سے ہوئی۔ اور مستحق ثواب ہو گیا۔ اور جو مبتلائے عذاب ہوا خود اپنے افعال کے پاداش مین پکڑا گیا۔ اور از روے اصولِ حکمت عقل اسی کی متقاضی تھی۔

**چوتھے سمع و عقل** سمع سے مراد قرآن و حدیث ہین جو بذریعۂ سماعت سنے گئے۔ اور عقل سے مراد تقاضائے عقل ہے اس مسئلہ مین اہل سنت کا یہ اعتقاد ہے کہ بندہ جتنے فرائض اور واجب امور کا مکلّف ہے سب سمع سے یعنی قرآن و حدیث سے ہین صرف معرفتین عقل سے حاصل ہوتی ہین۔ لہذا عقل نہ کسی چیز کو اچھا کرتی ہے نہ کسی چیز کو بُرا۔ نہ وہ کسی بات کی مقتضی ہوتی ہے۔ اور نہ کسی کام کو واجب کرتی ہے۔ اور سمع سے اگرچہ معرفت نہین حاصل ہوتی۔ مگر احکام کو واجب وہی کرتی ہے۔ اس کے خلاف معتزلہ کے نزدیک عقل سمع پر قاضی اور حاکم ہے۔

انھین مسائل کی بنا پر معتزلہ اپنے آپ کو سب سے بڑا موحّد بتاتے اور اپنا لقب ”اصحاب عدل و توحید،، قرار دیا تھا۔

**اُن کے عام اعتقادات** یہ تھے کہ اللہ جل شانہٗ قدیم ہے اور قدیم ہونا اُس کی خاص ترین صفت ذات ہے۔ صفات باری کے قدیم ہونے سے اُن کو کُلیتہً انکار تھا۔ اور اُس جل شانہ کے عالم قادر اور حَیّ (زندہ) ہونے کے بارے مین وہ یہ تقریر کرتے کہ وہ عالِم علم سے اور قادر قدرت سے اور حی حیات سے نہین بلکہ اپنی ذات سے عالم و قادر و حی ہے۔ یہ تینون قدیم صفات ایک قسم کے معانی ہین جو اُس کی ذات قدیم مین قائم ہین۔ کیونکہ اگر صفات علم و قدرت و حیات اُس کی ذات مین شریک ہو جائین گے تو تعدد ذات لازم آئے گا اور یہ شرک ہے۔

اس مسئلہ مین بھی اُن کے سب گروہون کو اتفاق تھا کہ باری تعالیٰ کا کلام حادث اور ایک خاص محل مین مخلوق ہے جس سے عبارت صرف آواز ہے۔ قرآنون کے نسخون مین جو کلام موجود ہے وہ اُس کلام مذکورہ کی نقل ہے۔ اُن کے اس خاص مسئلہ نے دوسری اور تیسری صدی ہجری مین اہل سنت کے محدثین اور فقہاے سلف مین قیامت بپا کر دی تھی۔ اور بڑے بڑے علما کلام الٰہی کے قدیم کہنے کے جرم پر اسیر و پابزنجیر کیے گئے۔ اور بہت سے قتل ہو گئے۔

اس مسئلہ مین بھی سب معتزلہ متفق ہین کہ اس کے **ارادے سُننے**۔ اور **دیکھنے** کی صفتین جو قرآن و حدیث مین متواتر خدا کی جانب منسوب کی گئی ہین وہ ایسے معانی بھی نہین ہو سکتین جو اُس جل شانہ کی ذات مین قائم ہون۔ مگر اس مین اُن کے درمیان اختلاف پڑا

ہوا ہے کہ اِن صفتون کا وجود کیونکر ہے؟ اور اگر وہ معانی ہین تو اُن کا محل کون ہے؟

عالم آخرت مین رُویت باری تعالیٰ کے انکار مین بھی سب کو اتفاق ہے۔ اسی طرح اُن تمام صفات سے بھی قطعاً انکار کرتے ہین جن سے عقلاً خدا کا کسی جہت یا مکان مین ہونا یا جسمانی ہونا یا متحیز ہونا یا اُس کا نقل و حرکت کرنا ظاہر ہو۔ اور جن آیات قرآنی مین ان امور کا ذکر آگیا ہے اُن کو متشابہ کہتے اور اُن مین تاویل کرنا واجب جانتے ہین۔ اور اسی اعتقاد کو وہ اپنے نزدیک اصلی توحید تصور کرتے ہین۔

اس عقیدے مین بھی تمام معتزلہ کو اتفاق ہے کہ بندہ اپنے کامون پر قادر اور اپنے بُرے بھلے تمام افعال کا خود ہی خالق ہے۔ چنانچہ انھین افعال کی بنا پر مستوجب سزا و جزا ہو گا۔ حضرت عزاسمہٗ کی ذات اس سے مبّرا و منزّہ ہے کہ اُس کی جانب بُرائی ظُلم۔ جَور اور افعال کُفر و معصیت کو منسوب کیا جائے۔ اس لیے کہ وہ ظلم کو پیدا کرے تو ظالم قرار پائے گا جیسے کہ عدل کے پیدا کرنے سے وہ عادل ہے۔

یہ بھی اُن کا متفق علیہ عقیدہ ہے کہ اللہ جل شانہ صرف بھلائی اور نیکی کرتا ہے۔ از روے حکمت بندون کے مصالح کا لحاظ رکھنا اُس پر واجب ہے۔ اگرچہ اِس بارے مین وہ باہم مختلف ہین کہ آیا اُس پر یہ بھی واجب ہے کہ وہی کام کرے جو سب سے اچھا ہو۔ اور بندون کے حال پر لطف کرے۔ اسی چیز کا نام اُنھون نے اپنی اصطلاح

مین عدل رکھا ہے۔

اس مسئلہ مین بھی سارے معتزلہ متحد الخیال ہین کہ مومن اگر اطاعت و توحید کے ساتھ دنیا سے جائے تو مستحق ثواب ہوگا۔ اور خدا کی جانب سے اجر یا فضل ہونا جداگانہ معانی سے عبارت ہے۔ اور یہ چیزین ثواب کے علاوہ ہین۔ لیکن اگر انسان گناہ کبیرہ مین مبتلا ہونے کے بعد بغیر توبہ کیے دنیا سے جائے تو وہ ہمیشہ مبتلائے عذاب رہے گا۔ ہان اُس کا عذاب کفار کے عذاب سے خفیف البتہ رہے گا۔ اور اسی چیز کو وہ لوگ اپنی اصطلاح مین وعد و وعید کہتے ہین۔

اس مسئلہ مین بھی سارے معتزلہ کا اتفاق ہے کہ حصول معرفت اور شکر نعمت سمع یعنی نص شرع کے وارد ہونے سے پیشتر ہی انسان پر واجب تھے۔ پھر اِس کے ساتھ کہتے ہین کہ اچھے اور بُرے کی معرفت عقل سے ہوتی ہے۔ یعنی اچھا کام کرنا اور بُرے کامون سے بچنا انسان پر از روے عقل واجب ہے۔ تکالیف شرعیہ کا نزول خدا کی مہربانیان ہین جن کو اُس نے انبیا کے ذریعے سے بھیجا۔ اور بندون کو اختیار دے کر آزمایش مین ڈالا۔ تاکہ جو ہلاک ہو دلیل و بُرہان سے ہلاک ہو۔ اور جو جیے دلیل سے جیے۔

اِنھین عقائد کی بنا پر اُنھین "قدریہ" کہتے ہین۔ جس کے اصطلاحی معنے یہ ہین کہ وہ بندون کے اپنے افعال پر قدرت رکھنے اور اُن کے فاعل مختار ہونے کے قائل ہین۔ لیکن اس عقیدے کی مذمت مین کئی

صریح اور صحیح حدیثین وارد ہین۔ جن کی صحت مین معتزلہ کو بھی شک نہین۔ ایک حدیث یہ ہے کہ "القدریۃ مجوس ھذہ الامۃ" یعنی قدر کا عقیدہ رکھنے والے اس اُمت یعنی امت محمدی کے مجوسی ہین۔

دوسری یہ کہ "القدریۃ خصماء اللّٰہ فی القدر" یعنی قدریہ لوگ مسئلۂ قدر مین خدا کے دشمن ہین۔ ان حدیثون کی زد سے بچنے کے لیے معتزلہ نے لفظ قدر کے معنے ہی بدل کے بہت عام کر دیے۔ اور کہنے لگے "قدر اس عقیدے کا نام ہے کہ کہا جائے خیر و شر دونون خدا نے مقدر کر دیے ہین" مگر قدر کے جو معنی ہم نے پہلے بتائے وہ عہد رسالت سے چلے آتے تھے۔ اور کبھی بیشتر یہ معنی نہین سمجھے گئے جو لغت مین تصرف کر کے معتزلہ نے بتائے ہین۔

امامت کے مسئلہ مین معتزلہ مین بڑا اختلاف ہے بعض شیعون کے عقائد کیطرف مائل ہو گئے ہین۔ اور بعض اہل سنت کے ہم خیال ہین۔

یہ وہ مسائل تھے جن مین تمام ائمۂ معتزلہ کو اتفاق ہے۔ مگر کتب فلسفہ کے مطالعے سے اُن پر یونان کے فلاسفۂ الٰہیین اور طبعیین دونون کے خیالات کا روز بروز زیادہ اثر پڑتا گیا۔ اور ہر روز اُن کی ایک نئی شان نظر آئی۔ چنانچہ اُن کے مختلف فاضلون نے اپنے مجتہدانہ انداز اور فلسفیانہ اسلوب سے ہر روز ایک نئی صورت دکھائی۔ اور اُن کے بہت سے فرقے ہو گئے۔ جن مین سے بارہ کا شہرستانی نے خاص طور پر

ذکر کیا ہے۔ اور وہ حسب ذیل ہیں۔ واصلیہ۔ ہذیلیہ۔ نظامیہ۔ حائطیہ۔ بشریہ۔ معمریہ۔ مزداریہ۔ ثمامیہ۔ ہشامیہ۔ جاخطیہ۔ خیاطیہ۔ جبائیہ۔

مسلمانوں کی واقفیت اور مذکورہ فرق معتزلہ کی حکیمانہ جہالت کی دکھانے کے لیے مین مختصر طور پر اُن سب کے خیالات وعقائد کا بیان کردینا ضروری سمجھتا ہون۔ اور بغیر اس کے آپ کو اُس عہد کے خطرناک ترین فتنے کا صحیح اندازہ بھی نہ ہوسکے گا۔

**واصلیہ** یہ فرقہ اُسی واصل بن عطا غزال کا پیرو ہے جس نے حضرت حسن بصری کے حلقۂ درس سے جُدا ہوکر اپنی نئی مسجد بنائی۔ اور جس کی اس حرکت سے معتزلہ کو "اعتزال" کا خطاب ملا۔ یہ شخص عبدالملک بن مروان کے عہد سے ہشام بن عبدالملک کے عہد تک تھا۔ اس کے پیرو سرزمین اندلس تک جا پہونچے تھے۔ اور "واصلیہ" کہلاتے تھے۔ ان کے عقائد کو چار بحثون سے تعلق ہے جن کو وہ قاعدے کہتے ہین۔

**پہلا قاعدہ** یہ تھا کہ ان لوگون کو خدا کے صفات علم۔ قدرت ارادے۔ اور حیات سے انکار تھا۔ اس عقیدے کی بنیاد واصل نے اس ظاہری مسلم الثبوت مسئلہ پر رکھی جس کے ماننے مین کسی کو بھی شبہہ نہین کہ "دو قدیم ازلی خداؤن کا وجود محال ہے" چنانچہ کہا کرتا "جس کسی نے کسی معنے یا صفت کو قدیم بتایا اُس نے گویا دو خداؤن کے موجود ہونے کا دعوی کیا"

اُس کے پیرو دن نے اُس کے بعد فلاسفۂ یونان کی کتابون

کا مطالعہ کیا۔ اور بڑھتے بڑھتے اِس حد کو ہونچے کہ خدا کے جملہ صفات کے منکر ہو گئے ۔ سب صفتون کو اُس کے عالم و دانا ہونے کی دو صفتون مین سمیٹ لائے۔ اور حکم لگا یا کہ یہ اُسکی ذاتی صفتین ہین۔ ہوتے ہوتے جبائی نے کہہ دیا کہ "یہ دونون اُسکی ذات کے دو اعتبارات" ہین۔ یا بقول ایک دوسرے مجتہد فی الاعتزال ابو ہاشم کے "دو حالتین ہین"۔ انھین متکلمین معتزلہ کا دعویٰ ہے کہ حسن بصری بھی اس جانب مائل ہو گئے تھے کہ انھون نے باری تعالیٰ کے جملہ صفات کو اکیلی ایک صفت عالمیت مین سمیٹ دیا۔ مگر مجھے اس کا یقین نہین۔ اس لیے کہ تمام ائمۂ محدثین سلف اس خیال کے کلیتہً خلاف تھے۔ اور کیون نہ خلاف ہوتے جبکہ کتاب و سنت مین اللہ جل شانہ کے بہت سے صفات کو صاف اور صریح الفاظ مین مذکور پاتے تھے۔

**دوسرا قاعدہ**۔ عقیدۂ قدر کے متعلق تھا۔ اس مین واصل بن عطا نے اُس مبتدع مسلک کو اختیار کر لیا تھا جس کا فتنہ معبد جہنی اور غیلان دمشقی سے ظاہر ہونے کے بعد اب دب چکا تھا۔ اس مسئلہ مین واصل کو پہلے قاعدے سے زیادہ انہاک تھا۔ اور اُس کی تقریر اس مسئلہ مین یہ تھی کہ "باری تعالیٰ حکیم و عادل ہے۔ لہذا اُسکی جانب ظلم و شر کو منسوب کرنا جائز نہین۔ اور نہ یہ ہو سکتا ہے کہ وہ بندون کو جو حکم دے اُس کا ارادہ اُس کے خلاف ہو۔ خود ہی ایک بات کا حکم دے۔ اور پھر اُسی کی بنا پر عذاب کرے۔ اس لیے ضرور ہے

خود بندہ فاعل خیر وشر ہو۔ اور خود اپنے اختیار سے ایمان وکفر کو اختیار کرے۔ یا عبادت ومعصیت کرے۔ اس صورت مین بندے کو خود اپنے افعال کا بدلہ ملے گا۔ پروردگار جل شانہٗ نے اُس کو اُن افعال کی قدرت دی ہے۔ غرض بندے اپنے افعال حرکات سکنات۔ اعتمادات افکار اور علوم مین پورے مختار ہین"

اُس کا یہ بھی مقولہ تھا "محال ہے کہ بندے کو ایک حکم ہو اور اُس پر عمل کرنا اُس کے امکان سے باہر ہو۔ وہ بالطبع اپنے لیے قدرت اور عمل چاہتا ہے۔ اور اُس کی اس فطرت سے انکار کرنا بداہت کا منکر ہونا ہے"۔ مگر تعجب معلوم ہوتا ہے کہ مذکورۂ بالا اقتدارات کے ساتھ واصل نے بلا مین پڑنے۔ عافیت۔ شدت۔ راحت۔ مرض۔ شفا۔ حتے کہ زندگی اور موت کو بھی اقتدارات انسانی کے ضمن مین رکھا ہے۔

تیسرا قاعدہ "منزلت بین منزلتین"، کا مسئلہ جس کی دھن مین وہ اپنے اُستاد سے جُدا ہوا تھا۔ اس مین اُس کا اعتقاد یہ تھا کہ کافر و مومن کے درمیان ایک تیسرا درجہ فاسق کا ہے۔ جو خیال ظاہری نصوص قرآنی کے خلاف ہے۔ اُس کا یہ بھی بیان تھا کہ آخرت مین صرف دو گروہ ہونگے۔ ایک جنت والون کا اور دوسرا دوزخ والون کا۔ فاسق وہان دونون سے جدا ہوگا۔ اُس پہ عذاب مین تخفیف ہوگی۔ اور اُس کا مقام کافرون

سے بالاتر ہو گا۔

**ہذیلیہ** ابو ہذیل حمدان بن ابی الہذیل علاف کے پیرو۔ یہ معتزلہ کا بہت بڑا امام تھا۔ اور اُن کی طرف سے مناظرہ کیا کرتا واصل بن عطاء کے شاگرد خالد طویل کا شاگرد تھا۔ اور دس مسئلوں مین اُس نے عام معتزلہ لوگون سے اختلاف کیا۔

**پہلا** اللہ تعالی عالم ہے علم سے اور اُس کے علم سے مراد خود اُس کی ذات پاک ہے۔ اسی طرح وہ قادر ہے قدرت سے اور حی ہے حیات سے۔ اور یہ سب صفات اُس کے عین ذات ہین۔ جن لوگون کو فلاسفۂ یونان کے خیالات معلوم ہین وہ بخوبی سمجھ سکتے ہین کہ یہ باتین اُنھین سے لی ہوئی ہین۔ یونان کے حکیمون کا اعتقاد تھا کہ باری تعالی واحد ہے جس مین کسی قسم کی کثرت نہین اور صفات ذاتِ باری سے الگ کوئی معانی قائم بالذات نہین بلکہ اُس کے عین ذات ہین۔ جو لوگ خدا سے تعالی کو علم سے نہین بلکہ خود اپنی ذات سے عالم بتاتے ہین اور وہ لوگ جو اُس وحدہٗ لاشریک کو علم کے ذریعہ سے عالم بتاتے مگر اُس علم کو عین ذات کہتے ہین دونون مین فرق یہ ہے کہ پہلے نفی صفت کرتے اور ذات باری کو بے صفات ثابت کرتے ہین اور دوسرے صفت کو مانتے ہین مگر اُسے عین ذات باری کہتے ہین ابوالہذیل اپنے خیال کے مطابق اگر ذات باری تعالی مین صفات وجہات

کو ثابت کر سکے تو یہ بعینہٖ نصاریٰ کا مسئلہ "اقانیم ثلثہ" ہو گا۔

**دوسرا** اُس نے ایسے ارادوں کے موجود ہونے کا دعویٰ کیا جو کسی محل مین نہ ہون اور اُنھین ارادون کا مرید یعنی ارادہ کرنے والا خدائے جل جلالہ کو بتایا۔ مگر متاخرین معتزلہ اس مسئلہ مین اُس کے خلاف ہین۔

**تیسرا** باری تعالیٰ کے کلام کے بارے مین اُس نے دعویٰ کیا کہ اُس مین سے بعض ایسے ہین جو کسی محل مین نہین قائم ہین جیسے کہ اُس کا قول "کُن" جو کسی محل مین نہ تھا۔ اور بعض محلون مین ہین جیسے اوامر نواہی۔ اور آخبار۔ اس مسئلہ مین اُس نے یہ تفریق کی ہے کہ تکوین یعنی پیدا کرنے کا حکم دینا اور "کن" کہنا اور تھا اور تکلیف یعنی بندون کو مکلف بنانے کا حکم اور ہے۔

**چوتھا**۔ مسئلہ قدر جس کا اوپر ذکر آچکا ہے۔ اس مین اگرچہ سارے معتزلہ اُس کے ہم خیال ہین مگر اُس نے سب سے الگ ایک تھوڑی سی جدّت طرازی بھی کی ہے یعنی وہ دنیا مین تو قدر کا قائل ہے۔ مگر آخرت مین جبر کا۔ کہتا ہے "جنت و دوزخ مین بندون کو اپنے افعال و حرکات پر قدرت نہ حاصل ہو گی۔ اُن کے تمام افعال خدا سے تعالےٰ کے مخلوق ہون گے کیونکہ وہان اگر اُن کے افعال اختیاری ہوتے تو وہ مکلف بھی ہو جاتے"

**پانچوان** اُس کا دعویٰ ہے کہ جنت اور دوزخ والون

کے افعال و حرکات منقطع ہو جائین گے اور وہان ایک سکون کا عالم ہو گا۔ اُس سکون مین ساری لذتین جنت والون کے ساتھ اور سارے ہموم و آلام دوزخ والون کے ساتھ جمع ہو جائین گے۔ اُس کا یہ عقیدہ جہم کے عقیدے سے ملتا جلتا ہے جو قائل تھا کہ جنت و دوزخ دونون فنا ہو جائین گے۔

**چھٹا**۔ استطاعت یعنی کچھ کرنے کی قدرت ہونا۔ اس مین وہ کہتا ہے کہ استطاعت ایک عرض ہے بہ خلاف تندرستی و مرض کے۔ اُس نے افعال قلب اور افعال جوارح مین بھی تفریق کی ہے۔ کہتا ہے کہ قدرت و استطاعت نہ ہونے کے باعث افعال قلب کا وجود نہین ثابت ہوتا۔ اور افعال جوارح کے وجود کو اُنھین اختیاری تسلیم کرنے کے باعث اُس نے مان لیا ہے۔ اس کے ساتھ مدعی ہے کہ بندے کے افعال سے جو امور پیدا ہون وہ بھی اُسی کے افعال ہین۔ بجز رنگ۔ مزے۔ اور بو اور ایسی تمام چیزون کے جن کی کیفیت نہ معلوم ہو۔ علم و ادراک کے بارے مین وہ کہتا ہے کہ حادث مین جو سماعت۔ تعلیم۔ یا خبر سے کسی ذات مین پیدا ہو جایا کرتے ہین۔ مگر اُن کو اللہ پیدا کرتا ہے بندون کے افعال نہین ہین۔

**ساتوان**۔ کہتا ہے صاحب فکر پر واجب ہے کہ ورود سمع سے پہلے ہی خدا کو دلائل سے پہچانے۔ اور نہ پہچانے تو مستوجب

عذاب ہوگا۔ اسی طرح ہر بُری چیز کی بُرائی اور ہر بھلی چیز کی بھلائی کا عقل سے سمجھ لینا بھی اُس پر واجب ہے۔ چنانچہ اچھے کام کو اختیار کرنا اور بُرے کام سے پرہیز کرنا اُس پر واجب ہے۔ عبادت کی نسبت اُس کا قول ہے کہ اُس سے نہ خدا مقصود ہے اور نہ تقرب الٰہی۔

**آٹھوان**۔ اجل اور رزق کے معاملے مین وہ کہتا ہے کہ تقدیری ہین۔ اگر کوئی شخص نہ قتل کیا جائے تو بھی موت کا مقررہ وقت آتے ہی مرجائے گا۔ کیونکہ عمر مین زیادتی وکمی جائز نہین۔ اور رزق کے بارے مین کہتا ہے کہ جو چیزین جائز ہین وہی رزق ہین ناجائز چیز رزق نہین ہوسکتی۔

**نوان**۔ بعض لوگ اُس کا یہ عجیب قول بھی بتاتے ہین کہ ارادۂ باری غیر مراد ہے۔ یعنی خود خدا کو اُس کا ارادہ نہ تھا۔ کسی مخلوق کو پیدا کردینا ہی اُس کا ارادہ ہے۔ اُس کے خیال مین کسی شے کو پیدا کرنا ایک شے غیر ذات ہے۔ پیدا کرنے کی نسبت کہتا ہے کہ وہ خدا کا ایک قول ہے جو کسی محل مین ہے۔ اور مدعی ہے کہ قبل تخلیق عالم ازل مین خدائے تعالیٰ کے سمیع وبصیر ہونے کے یہ معنے ہین کہ عنقریب سُنے اور دیکھے گا۔ اور یہی معنے غفور۔ رحیم۔ خالق۔ اور رازق وغیرہ کے ہین کہ آئندہ بخشے گا۔ رحم کرے گا۔ اور پیدا کرے گا۔ اور روزی دے گا۔

**دسوان**۔ ایک جماعت نے اُس کا یہ قول بھی نقل کیا ہے کہ غائب چیزمین حُجۃ بیس شہادتون سے قائم ہوتی ہے جن مین سے ایک یا زیادہ کا جنتی ہونا شرط ہے۔ قائل ہے کہ زمین ایسے اولیاء اللہ اور معصومین سے کبھی خالی نہین رہتی جو نہ جھٹلائے جاسکین۔ اور نہ کبائر کے مرتکب ہون۔ ہُذیل مذکور متوکل علی اللہ کے زمانے مین سو برس کا ہوکر ۲۳۵ھ مین رہ نورد آخرت ہوا۔

**نظّامیہ**۔ ابو نعیم بن سیّار نظّام کے پیرو۔ اس شخص نے کتب فلسفہ کا بہت مطالعہ کیا تھا۔ اور اگلے فلسفیون کی باتون کو بہ کثرت معتزلہ کے خیالات مین ملایا کرتا۔ اُس کے مخصوص خیالات ومعتقدات یہ ہین۔

**پہلا**۔ خیر وشر کے خدا کی جانب سے مقدر ہونے کے انکار مین وہ اتنا اور بڑھ گیا کہ کہتا ہے "اللہ جل شانہ کی نسبت نہین کہا جاسکتا کہ وہ بُرائیون اور گناہون پر قادر ہے" دیگر معتزلہ کہتے تھے کہ "اُن پر خدائے تعالےٰ قادر تو ہے مگر کرتا نہین" نظّام اُن کے خلاف کہتا ہے کہ "نہین وہ بُرائی کر ہی نہین سکتا" اور اس کی دلیل یہ پیش کرتا ہے کہ بُرائی جب بُری چیز ہے اور جس کی جانب منسوب ہو اُس کی صفت ذاتی ہوا کرتی ہے تو اُسے اللہ جل شانہ کی جانب کیسے منسوب کیا جاسکتا ہے؟ کیونکہ اُس سے فعل بد کا سرزد ہونا بھی بُرائی ہے۔ لہذا واجب ہے کہ ایسا نہ ہو۔ جو ذات

عدل کرنے والی ہو اُس کی نسبت نہین کہا جا سکتا کہ وہ ظلم کی قدرت رکھتی ہے" یہ بھی کہتا ہے کہ جن باتون مین بندون کی رفاہ و فلاح نظر آئے اُن پر تو خدا تعالےٰ قادر ہے۔ مگر جن باتون مین بندون کی بھلائی مقصود نہ ہو اُن پر اُسے قدرت نہین ہو سکتی۔ اور نہ ہے۔ مگر یہ اصول فقط دنیا کے لیے اور دنیا مین ہے۔ امور آخرت کے بارے مین اُس کا عقیدہ ہے کہ وہان خدا کو اتنی بھی قدرت نہین کہ اہل نار کے عذاب کو کچھ گھٹائے بڑھائے یا اہل جنت کی نعمتون مین کسی قسم کی کمی زیادتی کرے۔ یا کسی کو دوزخ سے نکال کے جنت مین یا جنت سے نکال کے دوزخ مین پہونچا دے

لوگون نے اعتراض کیا کہ "اس سے تو خدا مجبور ہو گیا قادر تو اُسے کہتے ہین جو اپنے افعال مین سے کسی کے ترک یا اختیار کرنے کی قدرت رکھتا ہو" اُس نے جواب دیا کہ "جو الزام تم مجھے دیتے ہو وہی تم پر بھی عائد ہوتا ہے۔ اس لیے کہ تم بھی اُس سے بعض افعال کے صدور کو محال بتاتے ہو"

**دوسرا۔** ارادۂ باری تعالیٰ یعنی ارادے کی صفت سے وہ متصف ہی نہین ہے۔ اور قرآن و حدیث مین جہان جہان خدا کا ارادہ کرنا بتایا گیا ہے وہان ارادے سے مراد ارادہ نہین بلکہ پیدا اور ایجاد کرنا مقصود ہے۔

**تیسرا۔** کہتا ہے کہ بندون کے جملہ افعال صرف حرکات

ہین۔ سکون بھی حرکت ہی ہے کیونکہ وہ حرکت قیامی کا نام ہے۔ علوم اور ارادے سب حرکات نفس ہین۔ اُس کی اصطلاح مین حرکت تغیر و تبدل کا نام نہین بلکہ اس سے مراد کسی تغیر کا مبدا میل ہے۔

چوتھا۔ فلسفیون کی طرح وہ بھی کہتا ہے کہ انسان دراصل روح کا نام ہے۔ نفس اور جسم اُس کے آلات اور قالب ہین۔ روح کی تعریف یہ کی ہے کہ وہ ایک جسم لطیف ہے جو بدن کے رگ رگ اور ریشے ریشے مین جاری وساری ہے۔ جیسے مائیت گلاب مین۔ دُہنیت تلون مین۔ یا زبدیت دودھ مین۔ روح ہی ہے جسے قوت استطاعت۔ زندگی۔ اور ارادہ حاصل ہے۔ لہذا وہ کام پر عمل کرنے سے پہلے ہی مستیطع ہے۔

پانچوان۔ چونکہ قدرت واستطاعت کا درجہ عمل سے پہلے اور افضل ہے لہذا قدرت واستطاعت ہی خدا کا وہ فعل ہے جو پیدا کرنے کو واجب کرتا ہے۔

چھٹا۔ جزو لا یتجزی سے اس کو بخلاف عام متکلمین کے انکار تھا۔

ساتوان۔ یہ کہ جوہر بہت سے عرضون سے مرکب ہے اور اُنھین کے مجتمع ہونے سے جوہر بن گیا۔

آٹھوان۔ اس کا دعوی تھا کہ خدائے تعالے نے تمام

موجودات کو ایک ہی وقت مین پیدا کر دیا۔ اُسی حال پر جس پر کہ اب ہین۔ آدم کی تخلیق اُن کی اولاد کی پیدایش سے پیشتر نہ تھی۔ صرف اُن کا ظہور پہلے اور اولاد کا بعد ہوا۔

**نوان**۔ قرآن کا معجزہ فقط اِس قدر ہے کہ اُس مین گذشتہ وآیندہ واقعات کی خبر دی گئی ہے۔ فصاحت و بلاغت کے اعتبار سے نہین۔ یہ غیر ممکن نہ تھا کہ عرب کوئی قرآن کی سُورت تصنیف کر کے پیش کر دیتے۔

**دسوان**۔ یہ کہ وہ اجماع کو شرع مین حجت نہین مانتا تھا۔ اور نہ احکام شرعیہ مین قیاس کے جائز ہونے کا قائل تھا کہتا کہ حجۃ صرف امام معصوم کا قول ہوتا ہے۔

**گیارھوان**۔ ہذیل کا رُجحان شیعیت کیطرف تھا چنانچہ وہ کبار صحابہ پر طعن کیا کرتا تھا۔ اُس نے پہلے تو یہ دعوی کیا کہ امامت بغیر نص یعنی صریح حکم خدا و رسول کے نہین ہو سکتی اِس کے بعد دعوے کرتا کہ جناب رسول خدا صلعم نے حضرت علی کی امامت کے بارے مین صریح نص فرمادی تھی اور اُس کو اس قدر صاف اور عیان کر دیا تھا کہ اُس مین ذرا سے شبہ کی بھی گنجایش نہ تھی مگر حضرت عمر نے اُس کو چھپا ڈالا۔ اور سقیفۂ بنی ساعدہ کے موقع پر ابوبکر کو خلیفہ بنا دیا۔ اسی طرح کے اور بہت سے الزامات اُس نے حضرت عمر کو دیے جیسے کہ عموماً شیعہ دیا کرتے ہین۔ اسی قدر نہین وہ بہت سی دُور از عقل اور

خلاف قیاس روایتون کو پیش کرکے صحابہ پر طعن و تشنیع کرنے لگا تھا۔

**بارھوان**۔ یہ کہ جو شخص عاقل اور صاحب بصیرت و نظر ہو اُس پر باری تعالٰے کی معرفت حاصل کرنا واجب ہے۔ اور انسان کے تمام افعال مین تحسین و تقبیح یعنی بھلا یا بُرا سمجھنے کا حاکم اور قاضی وہ شرع کے مقابلے مین عقل کو بتاتا۔

**تیرھوان**۔ وعد و وعید کے مسئلہ کے متعلق اُس نے فیصلہ کیا کہ چوری۔ ظلم اور فسق جب تک زکٰوۃ کے درجے یعنی دوسو درہم کی مقدار کو نہ پہونچ جائین جُرم نہین ہین۔

**حائطیہ**۔ احمد بن حائط کے پیرو۔ اور انھین کے قریب قریب **حدثیہ** فرقہ تھا جو لوگ فضل حدثی کے پیرو تھے۔ یہ دونون نظام کے شاگرد تھے۔ اور فلسفہ کی کتابین پڑھ پڑھ کے وہ نئی بحثین پیدا کرتے اور انوکھے مسائل نکالتے۔ مگر اُن کی خاص تین باتین قابل بیان ہین۔

**پہلی**۔ یہ کہ اُس نے نصرانیون کی پیروی مین حضرت مسیح کی ذات مین ایک الٰہی حکم تسلیم کرلیا۔ اور معتقد تھا کہ مسیح ہی ہین جو حشر کے دن بندون کا حساب و کتاب کرین گے۔ کہتا کہ قرآن مجید مین جو آیا ہے "وَجَاءَ رَبُّكَ وَالْمَلَكُ صَفًّا صَفًّا" اُس مین رب سے مسیح مراد ہین۔ اس کے ساتھ یہ بھی کہ وہ ابر کے سایے مین آئین گے۔ آیۂ کریمہ "اَوْ يَاْتِيَ رَبُّكَ" مین اسی طرف اشارہ ہے۔ اسی

طرح احادیث "اِنَّ اللّٰہَ خَلَقَ آدَمَ عَلٰی صُوْرَۃِ الرَّحْمٰن" (بہ تحقیق اللہ نے آدم کو رحمٰن کی صورت پر پیدا کیا) اور "یَضَعُ الْجَبَّارُ قَدَمَہٗ فِی النَّارِ" (جبار (خدا) اپنا قدم دوزخ مین رکھے گا) مین "رحمٰن" اور "جبار" سے مراد مسیح ہین۔ اُس کا قول تھا کہ مسیح نے جسمانی جسد کا قالب پہن لیا۔ دراصل وہ کلمۂ قدیمہ متحدہ تھے۔ اور یہی عقیدہ نصارا کا ہے۔

دوسری بدعت تمام معتزلہ سے قدم آگے بڑھا کے مسئلۂ تناسخ کا بھی قائل ہو گیا۔ کہتا تھا کہ "خدا نے جملہ مخلوق کو عاقل و بالغ صحیح و سالم اس دنیا کے سوا ایک دوسرے عالم مین پیدا کیا۔ پھر اُن مین علم اور اپنی معرفت کو پیدا کر دیا۔ اور اپنی نعمتین اُن کو عطا کین۔ یہ جائز نہین ہے کہ باری تعالےٰ پہلے پہل جسے پیدا کرے وہ عاقل ناظر اور عبرت پذیر نہ ہو۔ اُنھین پیدا کرنے کے بعد سب کو اپنا شکر ادا کرنے کا مکلف کیا۔ بعض نے اطاعت کی اور اُس کے حکمون پر عمل کیا۔ بعض نے نافرمانی کی۔ اور بعض نے بعضے احکام مانے اور بعضے نہین مانے۔ جنھون نے سب احکام پر عمل کیا اُنھین جنت مین رکھا۔ جنھون نے کُل حکمون کی نافرمانی کی اُنھین اُس اصلی عالم نعمت سے نکال کے دوزخ مین پھینک دیا۔ اور جنھون نے بعضے حکم مانے اور بعضے نہین مانے اُنھین اس دنیا مین بھیجا۔ اُن کو یہ کثیف جسم پہنائے۔ اور مختلف صورتون سے خوف و ضرر۔ شدت و سہولت اور آلام و لذات

مین مبتلا کیا۔ اُن کو اُن کے گناہون کے مناسب آدمیون اور جانورون کی صورتین دین۔ چنانچہ وہ اپنے گناہون کے مطابق دنیا مین صورتین بدلتے رہین گے" بعد کو چند اور ائمۂ معتزلہ بھی اس خیال مین اُس کے ہم زبان ہو گئے۔ اور بعضون نے اس پہ یہ اور اضافہ کیا کہ "جن کی بہائم کی صورتین ہون یا وہ جنھین نبوت کا اعلی درجہ حاصل ہوا اُن پر سے اُن دونون حالتون مین شرع کی تکلیفین اُٹھ جاتی ہین"

حائطیہ اور حدثیہ کا یہ عقیدہ بھی ہے کہ آخرت مین پانچ عالم ہین۔ دو ثواب کے اُن مین سے ایک جس مین۔ کھانا پینا۔ مقاربت صحبت۔ باغ اور نہرین۔ کُل جسمانی لذات ہین۔ دوسرا جس مین صرف روحانی لذتین اور غیر جسمانی لطف ہین۔ تیسرا محض عذاب وعقاب کا عالم ہے اس سے جہنم مراد ہے۔ اس مین کوئی ترتیب اور درجہ بندی نہین۔ بلکہ سب کی حالت یکسان ہے۔ چوتھا وہ پہلا عالم نعمت ہے جس مین خدا ے تعالے نے تمام مخلوقات کو اس عالم دنیوی مین آنے سے پہلے پیدا کیا تھا۔ اور یہ پہلی جنت ہے۔ پانچوان وہ مقام اور عالم ہے جس مین خدا نے پہلے پہل سب کو مکلف کیا۔

**تیسری**۔ رویت باری سے انکار۔ اس بارے مین جتنی آیتین اور حدثین وارد ہوئی ہین اُن کے متعلق اُس کا خیال تھا کہ سب مین عقل اوّل فعّال کا دیکھا جانا مراد ہے جو مخلوق کو صورتین

عطا کرتی ہے۔ آنحضرت صلعم نے جو فرمایا ہے کہ "اول ما خلق اللہ العقل فقال لہ اقبل فاقبل ثم قال لہ ادبر فادبر فقال وعزتی وجلالی ما خلقت خلقا احسن منک بک اعز وبک اذل وبک اعطی وبک امنع"۔ (اللہ نے پہلے جو چیز پیدا کی عقل ہے۔ تخلیق کے بعد اُس سے کہا ادھر پھر وہ ادھر پھری۔ پھر کہا اُدھر مڑ وہ اُدھر مڑ گئی۔ تب فرمایا۔ اپنی عزت وجلال کی قسم کھا کے کہتا ہون کہ مین نے تجھ سے اچھی کوئی چیز نہین پیدا کی۔ تجھی سے مین عزت دون گا۔ اور تجھی سے ذلت۔ تجھی سے دون گا اور تجھی سے (روزی کو) روکون گا۔) اس سے وہی عقل اول فعال مراد ہے جو قیامت کے روز نمایان ہوگی سامنے سے پردے اٹھ جائین گے۔ اور وہ چودھوین رات کے چاند کی طرح آنکھون کے سامنے ہو جائے گی۔ خود باری تعالے ہرگز نہ دیکھا جا سکتا۔

**بشریہ**۔ بشر بن معتمر کے پیرو۔ یہ معتزلہ کے بڑے فاضل علما مین سے تھا۔ اور مسئلہ "تولد" کا یہی پہلا بانی ہے جس مین وہ حد سے گزر گیا۔ اس مسئلہ اور چند اور مسائل مین وہ دیگر معتزلہ سے منفرد ہے جو حسب ذیل ہین۔

پہلا۔ اُس کا تولد کا مسئلہ وہ یہ تھا کہ اُس کے خیال مین رنگ۔ مزہ۔ بو اور تمام ادراکات محض سننے سے پیدا ہوتے ہین۔ اور دیکھنے کی نسبت کہتا کہ ممکن ہے یہ قوت ادراکیہ کسی غیر پر عمل کرنے سے پیدا ہو جاتی ہو۔

**دوسرا**۔ استطاعت اُس کی تحقیق مین سلامتی اعضا صحت جوارح۔ اور اُن کے آفات سے محفوظ رہنے سے استطاعت پیدا ہوتی ہے۔

**تیسرا**۔ اُس کا دعوی تھا کہ اللہ جل شانہ معصوم بچے پر ظلم کرنا چاہے تو کر سکتا ہے۔ مگر وہ ایسا کرتا نہین۔ گو کہ ایسا ہے مگر یہ اچھا نہین کہ کہا جائے وہ ظلم کر سکتا ہے۔ بلکہ یہ کہنا چاہیے کہ خدا کسی معصوم بچے پر ظلم کرے تو دراصل وہ بچہ نابالغ نہین۔ بلکہ عاقل و بالغ ہوگا۔ اُس نے گناہ کیا۔ اور مستحق عذاب ہوگیا۔

**چوتھا**۔ اُس کا یہ قول بھی سُنا گیا ہے کہ اللہ جل شانہ کا ارادہ بھی اُس کے افعال مین سے ایک فعل ہے دو صورتون پر یا تو یون کہ وہ صفت ذات ہے۔ یا یون کہ صفت فعل ہے صفت ذات کی صورت یہ ہے کہ وہ جل شانہ ہمیشہ اپنے تمام افعال کا ارادہ کرتا تھا۔ اور نیز اپنے بندون کی تمام عبادتون کا۔ اس لیے کہ وہ حکیم ہے اور یہ جائز نہین کہ کوئی حکیم بھلائی اور نیکی کا علم رکھے اور اُس کا ارادہ نہ کرے۔ اور صفت فعل یون کہ اُس نے پیدا کرتے وقت اپنے فعل نفس کا ارادہ کیا۔ لہذا وہ ارادہ بھی مخلوق اور قبل تخلیق ہے۔

**پانچوان** وہ کہتا ہے خدا کے پاس ایک لُطف ہے۔ اگر اُسے کام مین لائے تو تمام ساکنین ارض ایمان لاکر مستحق ثواب

ہو جائین۔ مگر خدا پر واجب نہین ہے کہ بندون کے ساتھ ایسا سلوک کرے۔ کیونکہ اُس کے لیے لازم نہین ہے کہ ہر امر مین اصلح یعنی بہترین صورت کو اختیار کرے۔ اصلح ایک اضافی شے ہے۔ اور کوئی ایسا اصلح نہین جس سے کوئی اصلح تر موجود نہ ہو۔ خدا کے لیے صرف اتنا واجب و لازم ہے کہ بندون کو قدرت و استطاعت دے۔ اور اس کے ساتھ دعوت۔ ہدایت۔ رسالت اور فکر و غور کے ایسے وجوہ و اسباب بصیرت پیدا کر دے۔ اس کے بعد جب وہ اپنے افعال مین فاعل مختار ہو گیا۔ تو دو خاطرون یعنی دونون نفسون کی کشمکش سے مصئون و مامون ہو گیا۔ اور یہ دونون نفس خدا کی طرف سے نہین بلکہ شیطان کی طرف سے ہین۔ کہتا ہے فکر و خوض کرنے والے کے پاس اُس کے فکر کرنے سے پیشتر شیطان آکر اُس کے دل مین شکوک و شبہات نہین پیدا کرتا۔ اور اگر شیطان کا فکر سے پہلے آنا تسلیم کیا جائے تو اس بارے مین پھر وہی تقریر ہو گی کہ اسباب بصیرت اُس سے پیشتر پیدا ہو چکے تھے۔

**چھٹا** یہ کہ جو کوئی گناہ کبیرہ مین مبتلا ہونے اور اُس سے توبہ کرنے کے بعد پھر اُس کا مرتکب ہو تو اُس کا پہلا استحقاق عذاب عود کر آتا ہے۔ اگرچہ توبہ سے پہلے اُس عذاب کے متعلق شرط تھی کہ عود نہ کرے گا۔

**معمریہ**۔ معمر بن عباد سلمی کے پیرو۔ یہ سب سے بڑا قدری العقیدہ شخص تھا صفات الٰہی اور خیر و شر کے منجانب اللہ ہونے

مین وہ اس درجہ سخت اور شدّ د تھا کہ اُس کے خلاف عقیدہ رکھنے والون کو کافر و گمراہ بتاتا۔ اور چند خاص مسائل مین دیگر معتزلیون سے متفرد ہے۔

**پہلا**۔ کہتا ہے کہ خداے تعالی نے بجز اجسام کے کسی چیز کو نہین پیدا کیا۔ اعراض اجسام نے اختراع و ایجاد کیے ہوئے ہین۔ یا بالطبع پیدا ہو گئے ہین۔ جیسے آگ سے جلانا۔ آفتاب سے گرمی وغیرہ۔ یا اختیاری طور پر پیدا ہوے ہین جیسے کہ حیوان حرکت و سکون اور اجتماع و افتراق کو پیدا کرتا ہی حیرت کی یہ بات ہے کہ اُس کے خیال مین جسم کا پیدا ہونا اور فنا ہونا بھی عرض ہین۔ اور جب وہ کہتا ہے کہ خدا نے عرض کو نہین پیدا کیا تو سمجھنا چاہیے کہ اُس کے خیال مین جسم کا پیدا اور فنا ہونا بھی خداے تعالی کے کام نہین ہین۔ اس عقیدے کا انجام یہ ہے کہ خداے تعالے کا کوئی فعل باقی ہی نہین رہتا۔ اور مسلمانون کا خدا یونانیون کا خداے معطل بن جاتا ہے۔

**دوسرا**۔ یہ کہ اعراض ہر نوع مین غیر متناہی ہین۔ پھر اس کے ساتھ اُس نے دعوی کیا کہ "ہر عرض کسی محل مین قائم ہے اور اُن کا قیام ایسے معانی سے مراد ہے جو اُس قیام کو واجب کر دیتے ہین"

**تیسرا**۔ یہ قول بھی اُس کی جانب منسوب کیا جاتا ہے۔

کہ خدا کے زمانے کا ارادہ غیر شدنی ہے۔ اور وہ اُس کے کسی
چیز کو پیدا کرنے یا اُس کے امر و نہی و اخبار کے بھی علاوہ ہے۔
اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ ارادۂ باری تعالےٰ ایک مجہول و نامعلوم
الاصل چیز رہ گیا۔ اُس کا یہ بھی قول ہے کہ انسان کے لیے بجز ارادے
کے اور کوئی فعل نہیں ہے۔ وہ ارادہ عام اس سے کہ مباشرۃً ہو یا
تولیداً۔ یعنی چاہے اُس کا فعل ہو۔ یا اُس کی ایجاد۔ اور قیام و قعود
اور حرکت و سکون میں سے جو خیر و شر کے متعلق ہوں اُس کے تکلیفی
افعال ہیں یعنی وہ کام ہیں جن سے وہ مکلف ہوتا ہے۔ یہ افعال اس
کی جانب نہ بطریق عمل منسوب کیے جاتے ہیں۔ نہ بطریق تولید۔ اُس
کے مسلک میں انسان ایک معنی یا جوہر ہے غیر جسد۔ وہ عالم قادر
مختار اور حکیم ہے۔ نہ متحرک ہے۔ نہ ساکن۔ نہ متکوّن ہے۔ نہ متمکن۔
نہ دیکھا جاتا ہے نہ چھوا جاتا ہے۔ اور نہ محسوس ہوتا ہے۔ اور
نہ وہ کسی زمانے میں محصور ہے۔ لیکن وہ مدبر جسد ہے۔ اور
بدن سے اُس کو صرف تدبیر و تصرف کا علاقہ ہے۔

چوتھا۔ یہ امر بھی اُس کی جانب منسوب کیا جاتا ہے
کہ وہ اللہ جل شانہ کے قدیم ہونے سے بھی منکر تھا۔ اس لیے کہ لفظ
قدیم "قِدَم" سے ماخوذ ہے جو ایک فعل ہے۔ اور ذات باری اس
سے منزہ ہے کہ کسی اور چیز سے ماخوذ ہو۔ اور اسی کی بنا پر اُس
نے دعویٰ کیا کہ "باری تعالےٰ کا وجود زمانی نہیں ہے" اسی مسئلہ

اس نے کہا کہ "خلق غیر مخلوق ہے اور احداث غیر محدث ہین"
جعفر بن حرب نے اُس کا یہ دعوی بھی بیان کیا ہے کہ "محال ہے اللہ تعالے خود اپنی ذات کا علم رکھتا ہو۔ یعنی اپنے کو جانے۔ کیونکہ اگر جانے تو عالم و معلوم ایک ہو جائین گے" پھر کہتا ہے "اسی بنا پر یہ بھی محال ہے کہ خدا اسے تعالے کو اپنے غیر کا علم ہو۔ اور یہ بھی محال ہے کہ من حیث اپنے موجود ہونے کے اُسے موجود ذات پر قدرت حاصل ہو"

اِن خیالات سے صاف نظر آتا ہے کہ فلسفۂ یونان کے چکر مین پڑ کے معتزلہ کہان سے کہان پہونچ گئے تھے۔ اور ناقص عقل کی تقلید مین جس کو وہ حماقت سے شرع پر حاوی سمجھ گئے تھے اُن سے کیسی بے عقلی اور جہالت کی باتین سرزد ہونے لگین۔

**مُزداریہ**۔ عیسیٰ بن صُبیح مکنّی بہ ابو موسیٰ اور ملقب بہ مُزدار کے پیرو۔ یہ شخص بشر بن معمر کا شاگرد اور معتزلہ مین بڑا عابد و زاہد تھا جس کے باعث "راہب معتزلہ" کے لقب سے مشہور ہو گیا۔ چند امور مین وہ بھی دیگر معتزلہ سے متفرد ہے۔

پہلا۔ کہتا تھا کہ اللہ تعالے کو اس کی قدرت ہے کہ جھوٹ بولے یا ظلم کرے۔ لیکن اگر ایسا کرے تو وہ معاذ اللہ جھوٹا اور ظالم خدا ہو گا۔

دوسرا۔ اس کا قول تولّد یعنی افعال کو خود بندون کے

پیدا کرنے کے بارے مین اپنے اُستاد بشر کے مثل ہے۔ مگر اتنی زیادتی کے ساتھ کہ کہتا ہے "تولّد کے اصول کے مطابق ممکن ہے کہ دو فاعلون سے ایک فعل پیدا ہو"

**تیسرا۔** قرآن مجید کے بارے مین کہتا ہے "انسان کو قدرت ہے کہ قرآن کا ایسا کلام تصنیف کر دے۔ جو بہ لحاظ فصاحت اور باعتبار ترتیب و بلاغت کے ویسا ہی ہو جیسا کہ ہمارا قرآن ہے" یہ شخص مسئلۂ خلق قرآن مین بڑا متشدد تھا۔ اور جو لوگ کلام الٰہی کو قدیم بتاتے اُنھین کافر بتاتا۔ اُس نے دو قدیم ثابت کیے۔ اور کہا جو شخص سلطان زمانہ کے مشابہ بننا چاہے کافر ہے۔ نیز بادشاہ کی نسبت کہا "وہ نہ وارث ہوتا ہے نہ مورث" اُس کا دعویٰ تھا کہ جو لوگ بندون کے افعال کو خدا کا مخلوق بتائین یا کہین کہ باری تعالےٰ آنکھون سے دیکھا جا سکتا ہے وہ سب کافر ہین۔ اُس کو تکفیر مین نہایت غلو تھا۔ یہان تک کہ کہنے لگا لا الٰہ الا اللّٰہ کہنے مین بھی آدمی کافر ہو جاتا ہے۔ ابرہیم سندی نے پوچھا "دنیا کے لوگ کیسے ہین" کہا "سب کافر ہین" ابراہیم نے یہ جواب سُن کر کہا "تو جنت مین جس کا عرض آسمانون اور زمینون کے برابر ہے۔ اکیلے آپ جائین گے یا آپ کے تین ہمخیال" اس کا اُس نے کچھ جواب نہین دیا۔

**ثمامیہ۔** ثمامہ ابن اشرس نُمیری کے پیرو۔ اُس کو یقین تھا کہ جو فاسق بغیر توبہ کیے مرجائے وہ ہمیشہ دوزخ مین رہے گا۔

اور زمانۂ زندگی دنیوی کے اندر وہ نہ کفر مین ہے نہ اسلام مین بلکہ دونون کے درمیان ایک تیسرے درجے مین ہے۔ یہ بھی چند مسائل مین متفرد ہے۔

**پہلا**۔ یہ کہ افعال متولدہ کا کوئی فاعل نہین ہے۔ اور انھین فاعل اسباب کی طرف بھی منسوب نہین کرسکتے کیونکہ اس مین لازم آئے گا کہ کبھی بعض افعال کو کسی فنا شدہ فاعل کی ذات منسوب کرین اکثر ایسا ہوتا ہے کہ سبب کا اصلی بانی مر کے مٹ جاتا ہے اور پیدا شدہ چیز باقی رہتی ہے۔ اور ان افعال کو باری تعالے کی طرف بھی منسوب نہین کرسکتے۔ اس لیے کہ اس صورت مین بُرے کام بھی خداے وحدہ لاشریک کی جانب منسوب کیے جائین گے۔ اسی کشمکش مین پڑ کے اُس نے گھبرا کے کہہ دیا کہ "افعال وہ متولدات ہین جن کا کوئی فاعل نہین"

**دوسرا**۔ اُس کا دعوی تھا کہ کفار مشرکین ہون یا مجوس یہودی ہون یا نصارا، زندیق ہون یا دہریے قیامت کے دن بالکل سب خاک ہو جائین گے۔ اور یہی حال تمام حیوانون چرند اور بہائم وطیور کا ہو گا۔

**تیسرا**۔ استطاعت کے مسئلہ مین وہ کہتا ہے کہ قادر ہونا سلامتی نفس اور صحت اعضا کا نام ہے۔ اور اس کا کہ تمام اعضا ہر قسم کی آفتون سے محفوظ ہون۔ اور یہ چیز فعل سے پہلے ہوا کرتی ہے۔

**چوتھا**۔ یہ کہ معرفت غور و خوض اور فکر سے پیدا ہوتی ہے۔ اور یہ ایک ایسا فعل ہے جس کا تمام پیدا ہونے والے افعال کی طرح کوئی فاعل نہیں ہے۔

**پانچوان**۔ اُس کا دعوی ہے کہ تحسین و تقبیح یعنی کسی چیز کو اچھا یا بُرا سمجھنا دونون عقل سے ہین۔ اور معرفت اور ورود نص یعنی فرمان الٰہی و حکم رسالت پناہی سے پہلے انسان پر واجب ہے جیسا کہ دوسرے ائمۂ معتزلہ کہتے ہین۔ مگر وہ اس مین اتنی ترقی کرتا ہے کہ کفار مین سے بعض اپنے خالق کو نہین پہچانتے اور معذور ہین ساتھ ہی یہ بھی کہتا ہے کہ تمام معرفتین بدیہی ہین۔ اور جو خدا کی معرفت پر مجبور نہ ہو جائے وہ جانورون کی طرح بندون کا مسخر ہے۔

**چھٹا**۔ کہتا ہے انسان کا بجز ارادے کے کوئی فعل نہین ہے۔ اور اس کے بعد جو کچھ ہے وہ ایک حادث ہے جس کا کوئی محدث نہین۔

**ہشامیہ**۔ یہ لوگ ہشام بن عمرو فوطی کے پیرو تھے جو قدر یعنی انسان کے فاعل مختار ہونے کے مسئلہ مین تمام ائمۂ معتزلہ سے زیادہ سخت تھا۔ اور کسی فعل کے باری تعالے کی جانب منسوب کرنے کے نہایت مخالف تھا۔ اصولی مسائل مین اُس کے خاص اجتہادات یہ ہین۔

**اول** کہتا کہ مومنون کے دلون مین اتحاد کو اللہ جل شانہٗ

نہین پیدا کرتا۔ حالانکہ قرآن مجید مین صریح موجود ہے "مَآ اَلَّفْتَ بَیْنَ قُلُوْبِھِمْ وَلٰکِنَّ اللّٰہَ اَلَّفَ"، (تو نے مومنون کے دلون کو نہین متحد کیا بلکہ اللہ نے کیا)۔

**دوم**۔ یہ کہ ایمان کو مومنون کے دلون مین اللہ محبوب نہین بناتا۔ اور نہ اُن کے دلون مین اس کو رونق دیتا ہے۔ حالانکہ کلام اللہ مین صاف موجود ہے کہ حَبَّبَ اِلَیْکُمُ الْاِیْمَانَ وَزَیَّنَہٗ فِیْ قُلُوْبِکُمْ، (اس نے ایمان کو تمھارا محبوب بنایا۔ اور تمھارے دلون مین اُسے بارونق کیا۔) اسی طرح وہ اس کے بھی خلاف تھا کہ طبع کرنے (چھاپنے) اور مہر کرنے کے افعال کو خدا کی جانب منسوب کیا جائے گو کہ قرآن پاک مین صاف طور پہ اس کے خلاف موجود ہے۔ خَتَمَ اللّٰہُ عَلٰی قُلُوْبِھِمْ وَعَلٰی سَمْعِھِمْ" طَبَعَ اللّٰہُ عَلَیْھَا بِکُفْرِھِمْ، (اللہ نے اُن کے دلون اور کانون پہ مہر کر دی) اور (اللہ نے اُن کے کفر کو اُن کے دلون پہ چھاپ دیا) مگر اُس کے عقیدے مین ایسی تمام آیتون مین تاویل کرنا واجب ہے۔

**وہ یہ بھی** کہتا تھا کہ خدا کے خالق ہونے کا ثبوت اعراض سے نہین نکلتا صرف اجسام سے نکلتا ہے۔

**امامت** و خلافت کے بارے مین اُس کا مذہب تھا کہ اُس کا انعقاد فتنہ و فساد کے زمانے مین نہین ہو سکتا۔ صرف اتفاق اور امن و امان کے زمانے مین خلیفہ کا انتخاب ہونا چاہیے

اور اس مسلک مین وہ یہان تک متشدد تھا کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ پر طعن و تشنیع کیا کرتا۔ کیونکہ آپ کی بعیت یوم الدار یعنی حضرت عثمان کی شہادت کے فتنے کے وقت ہوئی تھی۔

اُس کے بدعات یہ بھی ہین۔ کہتا تھا جنت و نار ابھی پیدا نہین ہوئی ہین۔ آیندہ پیدا ہون گی۔ کیونکہ ابھی سے اُن کے پیدا کر دینے کا کوئی نتیجہ نہین۔ اور **کہتا** یہ کہنا بھی صحیح نہین ہے کہ کافر کو خدا نے پیدا کیا۔ کیونکہ کافر سے مراد انسان مع کفر کے ہے۔ اور کفر کو خدا نہین پیدا کر سکتا۔

اس شخص کو اپنے مذہب مین اس قدر غلو تھا کہ اپنے تمام مخالفون کو کافر کہتا۔ اور اُن کے قتل و غارت کو حلال سمجھتا تھا۔

**جاحظیہ** عمرو بن بحر جاحظ کے تبعین۔ یہ شخص بھی معتزلہ کا ایک بڑا عالم و فاضل تھا۔ اور اُن کے مذہب کا بڑا مصنف ہے۔ اُس نے بہت سی فلسفہ کی کتابین پڑھین۔ اور چونکہ ادیب کامل تھا۔ لہذا اپنے عقائد و مسائل کو فصیح و بلیغ عبارت مین شائع کرتا۔ معتصم باللہ اور متوکل علی اللہ کے زمانون مین تھا۔ بعض اصولی مسائل مین وہ بھی منفرد ہے۔

**کہتا ہے** سارے معلومات انسانی بداہۃً طبعی ہین۔ اور اُن مین سے کوئی نہین جو بندون کا فعل ہو۔ اور بجز ارادے کے بندون کو کوئی کسب بھی نہین حاصل ہے۔ اُسی ارادے سے

بندون کے افعال طبعی طور پر سرزد ہو جاتے ہین۔
**اُس نے** اجسام مین طبیعتین ثابت کی ہین۔ **کہتا ہے کہ** جوہرون کا عدم محال ہے۔ تغیر و تبدل صرف عرضون مین ہوتا ہے۔ اور **کہتا ہے کہ دوزخ والون پر** ہمیشہ عذاب نہ رہے گا۔ بلکہ اُن کی طبیعتین ہی ناری ہو جائین گی۔ اور حرارت کے عذاب کو نہ محسوس کر سکین گی۔
**نفی صفات** مین اُس کا مذہب فلسفیون کا ہے **خیر و شر** کو بندون کی طرف منسوب کرتا یعنی قدر کا قائل تھا۔ کہتا سارے ذی عقل مخلوق جانتے ہین کہ اللہ اُن کا خالق ہے۔ اور یہ بھی جانتے ہین کہ اُنھین نبی کی حاجت ہے۔ گر باوجود اس معرفت کے محجوب ہین۔ اُن مین دو قسم کے ہین۔ ایک وہ جو توحید کو جانتے ہین اور دوسرے وہ جو اُس کو نہین جانتے۔ نہ جاننے والے معذور ہین اور جاننے والون کے لیے حجت موجود ہے۔ لہذا جو مسلمان یہ عقیدہ رکھے کہ اللہ جل شانہ نہ مجسم ہے۔ نہ متشکل ہے۔ آنکھون سے نہین دیکھا جا سکتا ہے۔ عادل ہے ظلم نہین کرتا۔ اور نہ گناہون کا ارادہ کرتا ہے اور اعتقاد و یقین سے اِن باتون کا اقرار کرتا ہو وہ سچا مسلمان ہے اور اگر ان سب امور کو جانے مگر ماننے سے انکار کرے۔ یا تشبیہ و جبر کا قائل ہو وہ پکا کافر ہے۔ اور اگر اِن امور پر غور ہی نہ کرے مگر اِس کا معتقد ہو کہ خدا اُس کا خالق ہے۔ اور محمد صلعم خدا کے

رسول ہین اُس کے لیے کوئی ملامت والزام نہین۔ اور اس کے سوا وہ اور کسی بات کا مکلف نہین ہے۔

**قرآن مجید** کی نسبت اُس کا قول تھا کہ وہ ایک جسد ہے۔ اور ممکن ہے کہ کبھی وہ انسانی اور کبھی حیوانی شکل مین نمایان ہو۔

**خیّاطیّہ**۔ ابوالحسن خیاط کے پیرو۔ یہ بھی بغداد کا ایک معتزلی عالم تھا۔ معدوم کو ایک ہستی ثابت کرنے مین اِس شخص کو بڑا غلو تھا۔ ہر چیز اور ہر جوہر و عرض کو عالم عدم مین موجود بتاتا تھا۔

**جُبّائیہ** اور **بہشمیہ**۔ پہلا گروہ علی بن محمد بن عبدالوہاب جبائی کی طرف منسوب ہے۔ اور دوسرا اُس کے بیٹے ہاشم عبدالسلام کی طرف۔ یہ دونون مصر کے معتزلی تھے۔ بعض مسائل مین دونون عام معتزلہ کے خلاف ہین۔ اور بعض مین باہم مخالف ہین۔ جن مسائل مین وہ دیگر معتزلہ کے خلاف ہین یہ ہین۔

**اول** اُنھون نے ایسے حادث ارادے ثابت کیے ہین جن کا قیام کسی محل مین نہین۔ باری تعالے تخلیق کا ارادہ کرنے مین اُنھین حادث ارادون سے متصف ہے بغیر اس کے کہ وہ کسی محل مین ہون۔ اسی طرح وہ جل شانہ عالم کے فنا کرنے مین بھی اُنھین حادث ارادون سے متصف ہے۔ اور وہ بھی کسی محل مین نہین ہین۔ اور ان صفتون مین سے جو زیادہ خصوصیت و اہمیت رکھتی ہین وہ اللہ جل شانہ

کیطرف اس لیے منسوب ہن کہ وہ بھی کسی محل مین نہین ہے۔ اُس نے ایسے موجودات بھی ثابت کیے جو سب عرض ہین یا عرض کے حکم مین ہین مگر کسی محل مین نہین۔ اسی طرح ایسے جوہر بتائے ہین جو جوہر ہین یا جوہر کے حکم مین ہین اور کسی محل مین نہین یہ مسلک فلسفیون سے ماخوذ ہے جو عقل کو ایسا جوہر بتاتے ہین جو کسی محل مین نہ ہو۔ اور نفس کلّی وغیرہ کو بھی ایسے عرض کہتے ہین جو کسی محل مین نہین ہین۔

**دوسرا** یہ کہ اللہ تعالےٰ ایک ایسے کلام سے متکلّم ہے جس کو وہ کسی محل مین پیدا کر دیتا ہے۔ کلام کی حقیقت اُن کی نزدیک منقطع آوازین اور مرتب حروف ہین۔ اور متکلّم وہ ہے جو کلام کو کرے نہ وہ جس مین کلام قائم ہو۔ جبّائی سب کے خلاف اس بات کا مدعی ہے کہ جس وقت کوئی قاری تلاوت کرتا ہے خداوند تعالےٰ اُس مین اپنے نفس کے کلام کو پیدا کر دیتا ہے۔

**تیسرا**۔ اُس عالم مین خدا کا دیدار ہونے کے دونون منکر ہین۔

**چوتھا**۔ اس مسئلہ مین بھی دونون باپ بیٹے متفق ہین کہ منعم کے شکر کی معرفت۔ اور بُرائی بھلائی کی معرفت دونون عقلی واجبات مین ہین یعنی عقلاً اُن کا جاننا انسان پر واجب ہے۔ اِس مین اُنھون نے ایک شریعت عقلیہ ثابت کی ہے۔ اور شریعت نبویہ کو اُن اُمور تک جو مقدّر ہون اور اُن عبادتون تک جو خاص اوقات کے لیے مخصوص

ہون محدود کر دیا ہے۔ اس لیے کہ اُن کی مصلحت تک عقل انسانی نہین پہونچ سکتی۔

**پانچوان** کہتے ہین حکمت و عقل کے تقاضے سے ہر حکیم پر واجب ہے کہ عبادت کرنے والے کو ثواب دے۔ اور گنہگار پر عذاب کرے۔ اور چونکہ خدا حکیم ہے لہذا اُس پر یہ واجب ہے۔ مگر عذاب کا ایک محدود زمانے کے لیے ہونا یا دائمی ہونا شرع نبویؐ سے معلوم ہوتا ہے۔

**چھٹا**۔ ایمان اِن دونون کی اصطلاح مین ایک مدحیہ نام ہے۔ اُس شخص کے لیے جس مین اچھی خصلتین مرتکز و راسخ ہو جائین جس کی یہ شان ہو وہ مومن ہے۔ جو گناہ کبیرہ کرے اُسی وقت مومن سے فاسق ہو جاتا ہے۔ نہ مومن رہتا ہے۔ نہ کافر بنتا ہے۔ اور اگر وہ بے توبہ کیے مر جائے تو ہمیشہ دوزخ مین رہے گا۔

اسی طرح کے اور بہت سے مسائل ہین جن کے تکمیل کے ساتھ بیان کرنے کی کوشش کی جائے تو ایک بڑی مجلد کتاب بھی شاید مشکل سے کافی ہو سکے گی۔ امامت و خلافت کے مسئلہ مین دونون باپ بیٹے اہل سنت کے ہم عقیدہ تھے یعنی کہتے کہ خلیفہ کے منتخب کرنے کا اُمت کو اختیار ہے۔ اور خلفاے راشدین کو حسب ترتیب خلافت ایک دوسرے سے افضل مانتے تھے۔ مگر صحابہ یا اولیاء اللہ سے کسی کرامت کے ظاہر ہونے کے مکلف تھے۔ اور انبیاء کے معصوم سمجھنے مین بھی اُنھین حاجت سے زیادہ غلو تھا۔

کہتے کہ اُن سے صغیرہ اور کبیرہ کسی قسم کا گناہ نہین ہوسکتا۔ یہان تک کہ جُبائی کہتا ہے "پیغمبرون سے یہ بھی محال ہے کہ کسی ادنٰے گناہ کا ارادہ بھی کرین"

معتزلہ کے اور فرقے بھی ہین مگر ہم اُن کے بیان سے قلم روک کے یہ بتانا چاہتے ہین کہ اُن کے مقابل اہل حدیث اور ائمۂ سلف کے کیا عقائد اور کیا خیالات تھے۔

اہل حدیث وسنّت کہتے کہ اللہ جل شانہٗ مین علم۔ قدرت۔ ارادے۔ حیات۔ سُننے۔ دیکھنے۔ کلام کرنے۔ جلال۔ اکرام۔ جود۔ انعام۔ عزت۔ اور عظمت کی ازلی صفتین موجود ہین۔ وہ صفات ذات۔ اور صفات فعل کی بھی تفریق نہین کرتے۔ اِن کے ماسواوہ ذات باری مین اُن صفتون کو بھی تسلیم کرتے ہین جو قرآن وحدیث مین بتائی گئی ہین۔ مثلاً ہاتھ۔ چہرہ۔ اور کھڑا ہونا۔ اُن کا عقیدہ تھا کہ ہم اِن سب صفتون کے ماننے پر مکلف ہین۔ اور ہم پر فرض نہین کہ اُن کی کچھ تفسیر کرین۔ اس لیے کہ ہمین اِس کا حکم نہین دیا گیا۔ مگر چونکہ خود خداے تعالےٰ نے فرمایا ہے کہ "لَیْسَ کَمِثْلِہٖ شَیْءٌ"، (یعنی اس کے (خدا کے) مثل کوئی شی نہین) لہذا ہمارا اعتقاد ہے کہ اس قسم کی جتنی چیزین خدا نے اپنی جانب منسوب کی ہین وہ ویسی نہین جیسی کہ انسان کے ہاتھ چہرے اور قیام وغیرہ کو دیکھ کر ہم نے اپنے خیال مین سمجھ رکھی ہین۔

چنانچہ امام مالک نے جب کہ فلسفیانہ اوہام وشکوک کی بنیاد پڑنا شروع ہو گئی تھی ان فلسفی ومنطقی مباحث کو سُن کر فرمایا "استواء (خدا کا عرش پر کھڑا ہونا) معلوم ہے۔ اُس کی حالت وکیفیت مجہول ہے۔ اُس پر ایمان لانا واجب ہے۔ اور اس بارے مین سوال کرنا بدعت ہے" حضرت امام اعظم ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ نے بھی امام مالک سے پیشتر فقہ اکبر مین صاف تحریر فرما دیا کہ "اُس کے (خدا کے) ہاتھ کے بارے مین یہ نہ کہا جاے کہ ہاتھ سے مراد قوت ہے۔ بلکہ اُس کے ہاتھ سے مراد ہاتھ ہے"

مگر عوام جو فلسفیانہ تعلیم اور معتزلہ کے مباحث اور مناظرون سے مغلوب ہو گئے تھے اور روز بروز ہوتے جاتے تھے اُن پر متکلمین کا جادو چلتا جاتا تھا۔ یہان تک کہ خلافت عباسیہ اُن کی طرفدار ہو گئی۔ اور اہل حدیث کو حدیث کی تعلیم دینا اور اپنے عقائد کا ظاہر کرنا دشوار ہو گیا۔

دوسرے عباسی خلیفہ **ابو جعفر منصور** کے عہد سے فلسفہ کی کتابین یونانی زبان سے عربی مین ترجمہ ہونے لگین۔ اور اُن کا اثر عرب کے دینی لٹریچر پر پڑنا شروع ہو گیا۔ مگر خود منصور کو بنی فاطمہ کے مقابل اپنی امامت کا دعوی ثابت کرنے اور اُن سے لڑنے جھگڑنے مین اتنی فرصت نہ ملی کہ ان فلسفی بحثون کی طرف توجہ کرے خلیفہ **مہدی** نے فلسفہ کے اثر سے الحاد اور بے دینی کو بڑھتے دیکھا

تو اُس کی روک تھام کی۔ اور ایسے خیالات رکھنے والون سے سخت باز پُرس کرتا تھا۔ خلیفۂ **ہادی** کا مختصر زمانہ خاموشی اور بے پروائی مین گزر گیا۔ اور محدثین و فقہا کو یہ آزادی روایت حدیث کرنے اور اپنے دینی عقائد کے ساری دنیاے اسلام مین پھیلانے کا پورا موقع ملتا رہا۔ یہان تک کہ **ہارون رشید** کا زمانہ آیا جو اس خاندان کا سب سے زیادہ نامور د کامیاب خلیفہ ہے۔ اُس کے زمانے مین اگرچہ بیت الحکمت کا محکمۂ ترجمۂ علوم قائم ہو گیا۔ اور علوم یونانی کی کتابون کے ترجمے ہونے کا ایک مستقل سلسلہ جاری ہو گیا تھا۔ مگر اُس کا ذاتی رُجحان اہل حدیث ہی کی طرف تھا۔ چنانچہ اپنے بیٹون امین اور مامون کو امام مالک کی خدمت مین درس و روایت حدیث کے لیے بھیجا۔ تاہم فلسفیون کی صحبت نے اُس کا مذاق ایک حد تک حکیمانہ و فلسفیانہ کر دیا تھا۔

رشید کی وفات پر ۱۹۳ھ مین **امین الرشید** خلیفہ ہوا۔ وہ اگرچہ کھیل تماشے لہو لعب اور عیش و عشرت مین منہمک تھا۔ مگر عقائد مین کوئی فرق نہین آنے پایا تھا۔ خلق قرآن کا مسئلہ اُس کی زندگی مین پیدا ہو گیا تھا۔ اور وہ اُس کو بُرا سمجھتا تھا۔ چنانچہ اسمٰعیل بن عُلیّہ کو لوگ اُس کے سامنے لائے تو تعجب سے پوچھنے لگا "تو کہتا ہے کہ کلام اللہ مخلوق ہے!" اسی بنا پر امام احمد بن حنبل نے اُس کی نسبت فرمایا ہے "مجھے امید ہے کہ خدا اُس کے حال پر رحم

کرے گا"

امین کے مارے جانے کے بعد ۱۹۸ھ میں **مامون رشید** پوری دنیاے اسلام کا خلیفہ ہوا تو کچھ تو اس لیے کہ اُس کی صحبت میں زیادہ تر آزاد خیال فلسفی رہا کرتے تھے اور کچھ اس سبب سے کہ سادی عربی حکمرانی کا مذاق چھوڑ کے وہ ایران کی ساسانی شان و شوکت کا دلدادہ ہو کر عربیت کے مرکز سے ہٹ گیا تھا۔ اور نیز اس سبب سے کہ اُس وقت کے متکلمین اہل سنت میں سے کسی کو اُس کے دربار میں جانے کی جراُت نہ ہوئی وہ پکا معتزلی ہو گیا۔ چونکہ فلسفۂ یونان اور غیر مذہب الٰہیات کی قریب قریب تمام کتابیں ہارون اور مامون کے حکم سے عربی میں ترجمہ ہوئیں لہذا صحیح معنون میں کہا جا سکتا ہے کہ اعتزال اور ملحدانہ دینداری کے اصلی بانی و مبانی یہی دونوں خلیفہ تھے۔ مگر ہارون اس بارے میں ایسا خاموش تھا کہ اُسے کوئی الزام نہیں دیا جا سکتا۔ ہاں مامون البتہ اِس الحاد کے رنگ میں اندر سرتا پا رنگ گیا۔

ہارون نے کسی سیاسی مصلحت سے سارے برامکہ کو قتل کرا ڈالا تو اس کی کچھ توجیہ بھی کی جا سکتی ہے۔ مگر مامون نے جو بڑا اصاحب عقل و فراست اور بُردبار و عدالت گستر تھا جوش فلسفیت سے طیش میں آکر اور مبتدع فرقۂ معتزلہ کے فلسفیانہ مالیخولیا میں مبتلا ہو کر اہل سنت اور علماے حدیث پر جو مظالم کیے وہ کسی طرح قابل معافی نہیں ہو سکتے۔ اُس نے اگرچہ حدیث و فقہ و ادب کی تعلیم زمانے کے بڑے

بڑے کامل ائمۂ دین سے پائی تھی مگر فلسفہ کا اثر اس قدر غالب ہو گیا کہ ۲۱۲ھ مین قرآن کے مخلوق ہونے کا قائل ہو گیا۔ جو معتزلہ کا اہم ترین عقیدہ تھا۔ اور ۲۱۸ھ مین اُس کو اس عقیدے مین اس قدر انہماک ہوا کہ علانیہ اُس کی تبلیغ دعوت شروع کر دی۔

مملکت روم مین جہاد کو گیا ہوا تھا کہ وہین سفر مین معتزلی مصاحبون اور فلسفی علماے دربار کی صحبت کے اثر سے بیٹھے بیٹھے خدا جانے کیا جنون سر پہ سوار ہوا کہ ربیع الاول کے مہینے مین اپنے نائب اسحق بن ابراہیم کے نام بغداد مین حکم بھیجا کہ محدثین و علماے اہل سنت اور تمام قاضیون کو بلا کے پوچھو قرآن کو حادث (مخلوق) کہتے ہین یا قدیم۔ جو حادث کہے اُس کو چھوڑ دو۔ اور جو قدیم بتائے اُس کے جواب سے مجھے آگاہ کرو۔ تاکہ ایسے عقیدہ والون کے بارے مین مناسب احکام جاری کیے جائین۔ اس خط مین قرآن کے حادث و مخلوق ہونے کی فلسفیانہ دلیلین بھی لکھی تھین۔ تاکہ وہ علماے دقت کے سامنے پیش کی جائین۔

اس حکم مین عام علما کے علاوہ سات بزرگون کی نسبت جن مین محمد بن سعد کاتب واقدی اور یحییٰ بن معین کے پایے کے ائمۂ دین تھے خصوصیت کے ساتھ۔ تاکید کی گئی تھی کہ یہ لوگ میرے سامنے لا کے پیش کیے جائین۔ یہ ائمۂ دین اُس کے سامنے گئے تو اُس کے تیور دیکھ کے اُنھین جان کا خوف ہوا۔ اور سب نے تقیۃً

اقرار کر لیا کہ "قرآن مخلوق ہے"!
یہ حضرات جان بر ہو کر بغداد میں واپس آئے تو اسحق بن ابراہیم نے اُنھیں اپنے گھر میں اُتارا۔ اور تمام علماے دین کو اطلاع دی کہ "ان سات نامور محدثین نے قرآن کے مخلوق ہونے کا اقرار کر لیا۔ اب تم کیا کہتے ہو؟" سب کو مجبوراً فرمان شاہی کے آگے سر جھکانا پڑا۔ اور اسحق نے سب کو چھوڑ دیا۔ اس لیے کہ مذکورہ سات بزرگوں کی واپسی تک تمام علماے بغداد حراست میں رکھے گئے تھے۔
اب اسحق کے پاس مامون کا دوسرا حکم پہنچا کہ "تمام فقیہوں محدثوں اور نامی عالموں کو اپنے سامنے بُلوا کے دریافت کرو کہ عقیدۂ خلق قرآن میں کیا کہتے ہیں؟" اُس نے تمام اہل علم کو پھر اپنے یہاں جمع کر کے مامون کا خط دوبارہ سنایا۔ پوچھا کہ "آپ لوگ قرآن کو مخلوق مانتے ہیں یا نہیں؟"
سب سے پہلے اُس نے بشر بن ولید کی طرف متوجہ ہو کے کہا "آپ قرآن کے بارے میں کیا کہتے ہیں؟" کہا "میں اپنا عقیدہ دو مرتبہ امیر المومنین کے سامنے ظاہر کر چکا ہوں"۔ اسحق بولا "پھر بارِ دیگر سہی۔ وہ تجدید اقرار چاہتے ہیں"۔ بشر نے کہا "میں یہ کہتا ہوں کہ قرآن خدا کا کلام ہے"!
**اسحق** "میں یہ نہیں پوچھتا۔ میرا سوال یہ ہے کہ وہ مخلوق ہے یا قدیم"

**بشر** "خدا سب چیزون کا خالق ہے"

**اسحٰق** "شی مین قرآن بھی داخل ہے؟"

**بشر** "ہان ہے"

**اسحٰق** "تو وہ بھی مخلوق ہے؟"

**بشر** "وہ خالق نہین ہے"

**اسحٰق** "اوہ! مین یہ نہین پوچھتا۔ بتائیے قرآن مخلوق ہے یا نہین؟"

**بشر** (عاجز آکر) "مین نے جو کچھ کہا اُس سے زیادہ نہین جانتا مین خود امیرالمومنین سے کہہ چکا ہون کہ اس بارے مین کچھ نہ کہون گا۔ بجز اِس کے میرے پاس اور کوئی جواب نہین ہے"

آخر اسحٰق نے اُن سے اُن کے عقائد دریافت کرکے اپنے کاتب سے اُن کی ایک مصدقہ تحریر لکھوالی جس کا مضمون یہ تھا "مین اقرار کرتا ہون کہ خداے واحدِ فرد کے سوا کوئی معبود نہین ہے۔ اُس سے پہلے کوئی چیز نہ تھی۔ اور اُس کی ساری مخلوق مین سے کوئی شے کسی معنے و حیثیت سے اُس کے مشابہ نہین ہے"

اِس کے بعد اسحٰق نے علی بن مقاتل کی طرف رُخ کرکے وہی سوال کیا۔ اُنھون نے بھی یہی کہا کہ مین اِس مسئلہ مین کئی بار اپنی راے امیرالمومنین کے سامنے ظاہر کرچکا ہون۔ اِس کے سوا اور کچھ نہین جانتا" اسحٰق نے بشر والے اقرار نامے پر اُن سے بھی تصدیق کرالی۔ اور کہا مگر یہ تو بتائیے کہ قرآن کے بارے مین آپ کیا کہتے

ہین؟" کہا "قرآن خدا کا کلام ہے" اسحق نے کہا "مین یہ نہین پوچھتا" کہا "آپ جو پوچھین اور جتنی دفعہ پوچھین میرا جواب یہی ہوگا۔ لیکن ہان اِس کے بعد امیرالمومنین کا جو حکم ہوگا اُس پر ہم عمل کرین گے۔ اور اُن کے مطیع فرمان رہین گے"

اُن کا یہ جواب قلمبند کرا کے اسحق نے ذیال بن ہیثم کیطرف توجہ کی۔ اور اُنھون نے بھی وہی جواب دیا۔ تب اسحق نے ابوحسان زیادی کی طرف متوجہ ہو کر کہا "آپ کہیے" جواب دیا "جو پوچھنا ہو پوچھیے" اسحق نے وہی بشر والی تحریر سُنائی۔ ابوحسان نے اُسکی تصدیق کی اور کہا "جس کا یہ اعتقاد نہ ہو وہ کافر ہے" اس کے بعد قرآن کے بارے مین سوال ہوا تو وہی کہا جو پہلے بزرگان دین کہہ چکے تھے کہ "قرآن خدا کا کلام ہے۔ اور اللہ نے ہر چیز کو پیدا کیا ہے۔ مگر امیرالمومنین ہمارے امام ہین جن سے ہمین سارا علم حاصل ہوا ہے۔ اُن کو اور بھی بہت سی ایسی باتین پہونچی ہین جو ہمین نہین پہونچین۔ اور وہ بہت سی ایسی باتین جانتے ہین جن کو ہم نہین جانتے۔ خدا نے اُنھین ہمارا حاکم بنایا ہے۔ اُن کے دم سے حج اور نماز قائم ہین۔ اپنی زکوٰۃ کی رقم ہم اُنھین کو دیتے ہین۔ اُن کے جھنڈے کے نیچے جہاد کرتے ہین۔ اور اُن کی امامت کے معتقد ہین۔ لہذا وہ جو حکم دین گے اُس کو ہم بجا لائین گے۔ اور جس بات سے وہ منع کرین گے اُس سے باز رہین گے۔ کیا اُن کا حکم ہے

کہ قرآن کو مخلوق کہا جائے؟"

اسحق "یہ اُن کا حکم نہیں بلکہ قول ہے۔ اور امیر المومنین کے بہت سے قول ایسے ہیں جو حکم نہیں"

ابو حسان "اگر فقط قول ہے تو ہمارے لیے واجب العمل نہیں ہم تو قرآن کے مخلوق ہونے کا اُس وقت اقرار کرین گے۔ جب امیر المومنین ہمین ایسا کہنے کا حکم دین گے"

اسحق "مجھے اُنھون نے اس مسئلہ کی تبلیغ کا حکم نہین دیا ہے فقط اتنا حکم ہے کہ آپ لوگون کو بلا کے اِس بارے مین آپ کا قول دریافت کرون"

اب اُس نے امام احمد بن حنبل کی طرف رُخ کیا۔ اور پوچھا "آپ قرآن کے بارے مین کیا کہتے ہین؟"

امام "وہ خدا کا کلام ہے"

سوال "وہ مخلوق ہے؟"

جواب "مین اِس سے زیادہ نہین کہہ سکتا"

اسحق نے وہ تحریر پیش کی۔ اور پوچھا اِس پر آپ کا اعتقاد ہے؟" امام نے اُس کو پڑھا اور آخر مین جملہ "اُس کے مثل کوئی شئی نہین ہے" کے بعد اتنا اور بڑھا دیا کہ "وَھُوَ السَّمِیعُ البَصِیر" یعنی خدا سُنتا اور دیکھتا ہے" یہ معتزلہ پر ایک تعریض تھی۔ چنانچہ ایک معتزلی شخص نے جو اُس موقع پر موجود تھا۔ اسحق کو اُن کے

مخالف کر دینے کی غرض سے کہا "اِس تفرقے سے اِن کی یہ مُراد ہے کہ خُدا کانوں سے سُنتا اور آنکھوں سے دیکھتا ہے۔" یہ اشارہ پاتے ہی اسحٰق نے پوچھا "سُننے اور دیکھنے سے آپ کی کیا مُراد ہے؟" امام نے فرمایا "خدا ویسا ہی ہے جیسا خود اُس نے اپنے آپ کو بتایا۔" اسحٰق نے دوبارہ اس کی توضیح چاہی تو امام نے پھر وہی جملہ فرمایا کہ "وہ ویسا ہی ہے جیسا اُس نے اپنے آپ کو بتایا ہے۔ اس سے زیادہ میں نہیں جانتا۔"

اُس کے بعد اسحٰق نے باقی تمام علما سے ایک ایک کر کے یہی سوال کیا۔ اور سب نے یہی جواب دیا کہ "قرآن خدا کا کلام ہے۔" اِس سے زیادہ کسی نے نہ کہا۔ پھر چند کمزور طبیعت لوگ کے جنھوں نے قبول کر لیا کہ "قرآن مخلوق ہے۔"

ابن بکاء نام ایک بزرگ نے اپنے [illegible] میں کہا "میں اِس کو مانتا ہوں کہ قرآن "مجعول" ہے۔ اس لیے کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔ اِنَّا جَعَلْنَاہُ قُرْآنًا عَرَبِیًّا اور میں قرآن کے "محدث" ہونے کا بھی اقرار کرتا ہوں اس لیے کہ ارشاد ربانی ہے مَا یَاْتِیْهِمْ مِنْ ذِکْرٍ مِنْ رَبِّهِمْ مُحْدَثٍ۔" اسحٰق نے پوچھا "اور جو چیز مجعول ہے وہ مخلوق ہے؟" کہا "ہاں۔" پوچھا "تو پھر قرآن بھی مخلوق ہے؟" کہا "یہ تو میں نہ کہوں گا کہ قرآن مخلوق ہے۔ صرف اتنا ہی کہتا رہوں گا کہ قرآن مجعول ہے۔" اسحٰق

نے اُن کا قول بھی قلمبند کرایا۔ اور ساری کارروائی مامون کے ملاحظہ مین بھیجدی۔

مامون کے پاس سے جواب آیا تو اُس مین اِن سب لوگون کی نسبت بُرا بھلا اور سخت سُست لکھا تھا۔ اور اسحٰق کے نام حکم تھا۔ کہ "بشر بن ولید اور ابراہیم بن مہدی وغیرہ کو بلا کے پوچھو کہ اُن کے نزدیک قرآن مخلوق ہے یا نہین۔ مخلوق بتائین تو خیر ورنہ اِن سب کو پابزنجیر حراست مین میرے پاس یہان پڑاؤ مین بھیج دو" اسی طرح دیگر ائمۂ حدیث کی نسبت بھی حکم تھا۔

اب اسحٰق نے پھر تمام علما کو جمع کر کے مامون کا یہ خط سُنایا۔ اُس کو سُنتے ہی اُن پر ایسا خوف طاری ہوا کہ سب نے قرآن کے مخلوق ہونے کا اقرار کر لیا۔ بجز چار بزرگان دین کے جو اُس زمانے مین سب سے بڑے ائمۂ علم و فضل مانے جاتے تھے۔ اول امام احمد بن حنبل۔ دوسرے سجادہ۔ تیسرے قواریری۔ اور چوتھے محمد بن نوح۔ چارون طوق و سلاسل مین جکڑ کے قیدخانے مین بھیجدیے گئے۔ دوسرے دن اسحٰق نے پھر اپنے سامنے بلوا کے اُن سے قرآن کے مخلوق ہونے کا سوال کیا تو دو یعنی سجادہ اور قواریری نے ہمت ہار کے قبول کر لیا۔ مگر احمد بن حنبل اور محمد بن نوح اپنے اُسی قول پر قائم رہے۔ اور اُسی وقت یہ دونون فوجی حراست مین طرسوس کی طرف روانہ کر دیے گئے جہان مسلمان

مجاہدین روم کا پڑاؤ تھا۔ لیجانے والے سردار کو اسحٰق نے حکم دیا کہ "امیرالمومنین جب تک روم کے میدان جنگ سے واپس آئین یہ لوگ طرسوس ہی مین اسیر و پابزنجیر رکھے جائین"

ان دونون کے ساتھ نو اور علما بھی اسی طرح گرفتار کرکے بھیجے گئے تھے۔ یہ مقدس اسیران ستم شہر رقہ ہی تک پہونچنے پائے تھے کہ یکایک خبر آئی "مامون نے سرزمین روم مین بیمار ہو کے ناگہان وفات پائی۔ اور اُس کا بھائی المعتصم باللہ خلیفہ ہوا"

معتصم ایک بے پڑھا جاہل خلیفہ تھا۔ مزاج مین رعونت تھی مامون کا پیرو تھا۔ اور اُس کے نقش قدم پر چلتا تھا۔ دربار آزاد خیال فلسفیون خصوصاً معتزلیون سے بھرا ہوا تھا۔ جن کی صحبت نے اُن خیالات کو جو مامون کی تقلید مین دل کے اندر جاگزین ہوگئے تھے اور راسخ کر دیا۔ اس کے ساتھ اس کا بھی خیال رکھنا چاہیئے کہ وہ عربیت سے منحرف اور عجمیت کیطرف مائل تھا۔ عربون کو اُن کی حالت مین چھوڑ کر اُس نے ترکون اور عجمون کا ایک بڑا بھاری لشکر خوبصورت ترکی غلامون کو منگوا کے اپنے جلو مین مقرر کیا۔ وہی پیش پیش تھے۔ اور اُنھین پر خلیفہ کی نظر عنایت تھی۔ اور یہی بنیاد اہل عرب کے بعد ترکون کے ذی اقتدار اور برسر حکومت ہونے کی ہوئی۔

وہ ۲۱۸ھ مین مسند نشین خلافت ہوا تھا۔ ۲۱۹ھ مین خاموش رہا اور ۲۲۰ھ مین اُسے اُن مظلوم مقدس اسیرون کی طرف توجہ

جو قرآن مجید کو مخلوق نہ کہنے کے جرم مین لائے! ور رَقہ کے قید خانے مین ڈال دیے گئے تھے۔ سب اُس کے سامنے لائے گئے! ور اُس نے دھمکایا کہ "قرآن کو مخلوق کہو ورنہ سخت سزا دی جائے گی"! اور بعضون نے تو جان کے خوف سے تقیۃً قبول کر لیا۔ مگر امام احمد بن حنبل کی ایمانی قوت نے اِس کو کسی طرح گوارا نہ کیا! انکار کیا! ور کمال بے رحمی سے حکم ہوا کہ وہ کوڑون سے پیٹے جائین۔ کوڑے پڑنے لگے۔ مگر وہ قول حق سے نہ ہٹتے تھے۔ آخر پٹتے پٹتے کھال اُدھڑ گئی۔ غش کھا کے گر پڑے۔ اور عالم بے ہوشی مین لوگون نے پھر قید خانے کے اندر لا کے ڈال دیا۔ اور نہین معلوم کہ کتنے دنون اس آزمائش مین مبتلا رہے۔

اس واقعے کے بعد معتصم برابر عقائد معتزلہ ور مسئلہ خلق قرآن کی جبریہ تبلیغ و اشاعت کرتا رہا۔ علماے دین نے اُس کے ہاتھ سے سخت مصیبتین اُٹھائین۔ چنانچہ اسی فتنہ خلق قرآن مین اُس کے ہاتھ سے اہل علم کی ایک خلقت عظیم قتل ہو گئی۔ اور تمام ممالک مین اُس نے احکام جاری کر دیے کہ "مدارس و مکاتب مین طلبہ اور لڑکون کو لازمی طور پر عقیدہ خلق قرآن کی تعلیم دی جایا کرے"۔

**واثق**

سنہ ۲۲۷ھ مین معتصم نے دنیا چھوڑی! ور اُس کا بیٹا الواثق خلیفہ ہوا۔ یہ بھی باپ کے نقش قدم پر چلتا تھا۔ سنہ ۲۳۱ھ مین اُس نے

امیر بصرہ کے نام حکم جاری کیا کہ "ماموں اور موفقون سے دریافت کرو کہ مسئلۂ خلق قرآن مین کیا کہتے ہین"۔ غرض آغاز مسند نشینی مین وہ باپ کی طرح بڑا سخت معتزلی اور عقائد اعتزال کا زبردست حامی تھا۔ مسئلۂ خلق قرآن کا بہت بڑا داعی رہا۔ اور اس کوشش مین خلفائے سابق سے زیادہ سخت تھا۔

اُس کی شدت اور سختی اس قدر بڑھی ہوئی تھی کہ اسی نے ۲۳۱ھ مین اُس نے زمانے کے نامور اور مستند امام حدیث احمد بن نصر خزاعی کو بیرون مین بیڑیان ڈلوا کے بغداد سے سُر من رای مین بُلوایا۔ اور سامنا ہوتے ہی پوچھا "بتاؤ قرآن مخلوق ہے یا نہین؟" اُنھون نے نہایت جرأت و استقلال سے جواب دیا "نہین" پوچھا "کیا خدا قیامت کے دن دکھائی دے گا؟" کہا "ان حدیث مین یون ہی آیا ہے"۔ واثق نے طیش مین آ کر کہا "تم جھوٹے ہو"۔ جواب مین بے اختیار اُن کے زبان سے بھی یہی نکل گیا کہ "آپ خود جھوٹے ہین"۔ واثق بولا "کمبخت۔ کیا مجسم چیز دن کی طرح خدا بھی دکھا جائے گا؟ یہ عقیدہ تو کفر ہے"۔ یہ کہتے ہی فقہائے معتزلہ کیطرف دیکھ کر جو دربار مین کھڑے تھے۔ پوچھا "ایسا عقیدہ رکھنے والے کے بارے مین شرع کا کیا حکم ہے؟" اُنھون نے کہا "واجب القتل ہے"۔ یہ سنتے ہی تلوار منگوا کے میان سے نکالی اور کہا "اِس کافر کو مین اپنے ہاتھ سے قتل کرون گا تا کہ یہ کارِ

خیر میرے گناہون کا کفارہ ہو جائے“ ساتھ ہی نطع (چمڑے کا فرش جس پر لوگون کو قتل کیا کرتے - تاکہ خون سے زمین خراب نہ ہو) بچھوا دیا گیا - امام احمد بن نصر اُس پر گھسیٹ کے لائے گئے. جو سر سے پاؤن تک زنجیرون مین جکڑے ہوے تھے - اور اُن پر اُسنے تلوار کے وار کرنا شروع کر دیے - یہان تک کہ زخمی ہو کے گرے اور جوار رحمت الٰہی مین پہونچ گئے قتل کرنے کے بعد اُن کے سر کو بدن سے جدا کر کے دھڑ سُرمن رائی مین مصلوب کر دیا گیا - اور سر بغداد مین بھیج کر ایک بلند مقام مین لٹکا دیا گیا - اور پہرہ مقرر کر دیا گیا کہ اگر کبھی اُس کا رُخ قبلے کی طرف ہو جائے تو نیزے سے پھیر کے دوسری طرف کر دیا جاے - اسوا اِس کے اُن محدث شہید کا کان چھید کے اُس مین ایک رقعہ بندھوا دیا گیا جس مین لکھا تھا ”یہ سر احمد بن نصر کا ہے جس سے امام عبداللہ ہرون بن معتصم (واثق) نے قرآن کے مخلوق ہونے کا اقرار اور تشبیہ باری تعالے سے انکار کرانا چاہا - مگر اُس نے نہ مانا - اور ضد کی لہذا خداے تعالے نے فوراً اُسے دوزخ مین پہونچا دیا - اور پہرہ مقرر کر دیا گیا کہ سر اگر کبھی قبلہ رُخ ہو جائے تو نیزے سے پھرا کے دوسری طرف کر دیا جائے“

یہ حالت تھی اِن معتزلی خلفا کے متعصبانہ ظلم کی - ابن ابی داؤد معتزلہ مین سب سے زیادہ ممتاز وسربرآوردہ

تھا۔ اور وہی وہ فقیہ و عالم تھا جو دربار خلافت پر حاوی تھا۔ خلیفہ ہر چیز اور ہر معاملے کو اُسی کی نگاہ سے دیکھتا۔ اُس کے تعصب کی یہ حالت تھی کہ اتفاقاً ۲۳۱ھ ہی مین رومی سلطنت کی رعایا مین سے جو لوگ گرفتار ہو کے آئے اُن مین ایک ہزار چھ سو مسلمان بھی تھے۔ اُن کو دیکھتے ہی ابن ابی داؤد نے حکم کیا کہ "اِن مین سے جو قرآن کے مخلوق ہونے کا اقرار کرے وہ چھوڑ دیا جائے۔ اور جو اِس کو نہ قبول کرے جب تک انکار کرتا ہے قید خانے مین پڑا رہے۔"

خطیب بغدادی بھی کہتے ہین کہ "واثق مسئلۂ خلق قرآن مین نہایت متشدد تھا۔ لوگون کو اس عقیدے کے ماننے پر مجبور کرتا۔ اور جو اُس کے قبول کرنے سے انکار کرتا اُس پر سختیان کرتا۔

لیکن یہ عجیب بات ہے کہ واثق کو اپنے آخر عہد مین ایسا واقعہ پیش آیا جس نے یکایک اُسے مسئلۂ خلق قرآن کی تائید اور اُس کے لیے لوگون پر جور و ستم کرنے سے روک دیا۔

اور ہوا یہ کہ ایک صاحب علم مسلمان اِسی قرآن کو قدیم بتانے کے جرم مین اپنے وطن سے اسیر کر کے واثق کے سامنے لایا گیا۔ جو ہتھکڑیان اور بیڑیان پہنے اور طوق و سلاسل مین جکڑا ہوا تھا۔ ابن ابی داؤد بھی اُس وقت دربار مین موجود تھا۔ قیدی نے بجائے واثق کے اُس کی طرف متوجہ ہو کر پوچھا

یہ مسئلۂ خلق قرآن جس کی طرف آپ لوگون کو بُلاتے ہین کیا اِس کی تعلیم حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمائی تھی؟" ابن ابی داؤد نے بے پروائی کی شان سے کہا "ہان آپ ہی نے اِس کی تعلیم فرمائی ہے" اسیر نے کہا "مگر باوجود تعلیم دینے کے حضرت رسالتؐ نے اِس کو گوارا فرما لیا تھا کہ جو نہ مانین وہ مجبور نہ کیے جائین۔ مگر افسوس آپ لوگ اِس کو گوارا نہین کرتے" اُس کے یہ الفاظ سُن کر تمام اہل دربار ایک سناٹے مین آ گئے۔ اور واثق کو ایسی بے تابی کی ہنسی آئی کہ مُنہ بند کر کے اُٹھ کھڑا ہوا۔ محل مین جا کے خوب ہنس لیا تو بار بار یہ کلمات اُس کی زبان پر تھے "رسول اللہ صلعم نے تو اِس مسئلہ مین خاموشی گوارا کر لی۔ مگر تم نہین گوارا کرتے" تھوڑی دیر کے بعد اُس اسیر کو بُلوا کے سو دینار انعام دیے۔ اور آزاد کر کے اُس کے وطن بھجوا دیا۔ اور پھر کبھی اِس کے بعد اُس نے اِس معاملے مین کسی پر سختی نہین کی۔ اِسی گھڑی سے ابن ابی داؤد اُس کی نظر سے گر گیا۔ اور مورخین لکھتے ہین کہ یہ قیدی جس کی بدولت مسئلہ خلق قرآن کا فتنہ دُور ہوا۔ ابو عبد الرحمن عبد اللہ بن محمد اذدی تھے جو امام ابو داؤد اور امام نسائی کے اُستاد تھے۔ مگر اِس گوارائی کو تھوڑا ہی زمانہ گزرا تھا کہ ۲۳۲ھ مین الواثق دنیا سے رخصت ہو گیا۔

اب اُس کا جانشین المتوکل علی اللہ ہوا۔ اُسے

اہل سنت اور محدثین کے مسلک کی طرف رغبت تھی۔ اور اہل حدیث کا بڑا حامی و مددگار تھا۔ ۲۳۴ھ مین اطراف عالم مین احکام جاری ہو گئے کہ اب کسی کو قرآن کے مخلوق ماننے کی ضرورت نہین ہے۔ محدثین کو سُرمن رأی مین اپنے سامنے بُلوا کے انعام واکرام سے سرفراز کیا۔ اور اُنھین حکم کیا کہ "معتزلہ کے خلاف صفات باری تعالے کی حدیثین روایت کیا کرین"

اسی وقت سے امام حدیث ابو بکر بن ابی شیبہ صاحب مسند جامع رصافہ (واقع بغداد) مین بیٹھ کر درس حدیث دینے لگے۔ جن کے حلقۂ درس مین تیس ہزار طلبہ کا ہجوم ہوتا تھا۔ اور اُن کے بھائی عثمان نے بغداد کی ایک دوسری مسجد جامع منصور مین روایت حدیث شروع کی تو اُن کے گرد بھی اتنے ہی طلبہ جمع رہا کرتے۔ لوگ متوکل سے اِس قدر خوش ہوے کہ ہر جگہ اُس کے لیے ترقی عمر و دولت کی دعائین کی جانے لگین۔ اور لوگون نے اُس کی تعریف مین اس قدر مبالغہ کیا کہ ہر شخص کی زبان پر تھا "خلیفہ تو بس تین ہوے ہین۔ ایک ابو بکر صدیق جنھون نے مرتدون کا استیصال کیا۔ دوسرے عمر بن عبد العزیز جنھون نے بنی اُمیہ کے مظالم دُور کیے۔ اور تیسرے المتوکل علی اللہ جنھون نے حدیث و سنّت کو زندہ کر دیا۔ اور اعتزال کو مٹایا"

اُسی نے امام احمد بن حنبل کو (غالباً قید خانے سے)

بلوایا۔ وہ پہونچے۔ مگر خدا جانے کیا اسباب پیش آئے کہ اُس سے نہین بلکہ اُس کے بیٹے المعتز سے ملے۔ اور شاید اسی وقت سے وہ آزاد ہوگئے۔

متوکل نے فقہ مین امام شافعی کا مسلک اختیار کر لیا تھا۔ اور افسوس کیا کرتے کہ "افسوس! مین نے امام شافعی کا زمانہ نہ پایا۔ ورنہ اُن کے سامنے زانوے شاگردی تہ کرتا۔ اور علم حاصل کرتا"

مگر بڑی خرابی یہ تھی کہ متوکل کو اپنے آباد اجداد ما سبق خلفاے آل عباس اور اُس وقت کے تمام اہل سنت فقہا و محدثین کے خلاف حضرت فاطمہ زہرا، اور جناب علی مرتضیٰ کے خاندان سے عداوت تھی۔ اِس قسم کے جو جگر خراش واقعات اس کی صحبت مین پیش آیا کرتے تھے اُن کے علاوہ اُس نے سب سے بڑی ناجبیت یہ ظاہر کی کہ حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ کی تُربت پاک اور اُس کے متعلقہ یا آس پاس کے تمام مکانون کو کھُدوا کے میدان کر دیا۔ اُس مین ہل چلا دیا۔ اور لوگون کو کربلا کی زیارت سے قطعاً روک دیا۔ یہ امر سارے مسلمانون کو گران گزرا۔ مگر باوجود اس کے نہ کسی عالم نے اُس کے خلاف سر اُٹھایا نہ کسی اور اعلیٰ یا ادنےٰ شخص نے۔ بلکہ اعتزال سے تائب ہونے کی بنا پر ہر طرف اُس کی تعریفین ہی ہوتی رہین۔ اور اُس کی مدح مین شعرا و علما نے قصیدے کہے۔

متوکل کے بعد سے عباسی خلفا مذہب اہل سنت کے پیرو تھے لیکن اب خلافت اتنی کمزور پڑ گئی تھی کہ بجز نمائشی کروفر کے نہ پوری حکومت ہی اُس کے قبضہ مین تھی اور نہ مذہب مین اُس کا کچھ اثر باقی تھا۔ اعتزال کو اُس نے رواج تو دیدیا۔ مگر اب اُس مین اتنی طاقت نہ تھی کہ اعتزال کو مٹا کے لوگون کو عقائد اہل سنت کا پابند بنائے۔

اگرچہ اہل فقہ و حدیث کو علانیہ درس دینے۔ مخالفین کی تردید کرنے۔ اور اپنے عقائد کی تعلیم دینے کی آزادی حاصل تھی۔ مگر دنیاے اسلام کی حالت گذشتہ خلفا کی حکومت نے یہ کر دی تھی کہ اصولی فروعی سیاسی اور ہر طرح کے معاملات مین اختلاف پڑا ہوا تھا۔ مختلف مذہبی و سیاسی گروہ آپس مین لڑتے اور عوام الناس کو بہکاتے پھرتے تھے۔

سب سے زیادہ ذی اثر فلسفیانہ اور حکیمانہ شان رکھنے والے علماے معتزلہ تھے جن کی درسگاہین اب بھی رونق پر تھین۔ اکثر والی اور قاضی معتزلی تھے۔ جو دعوے کرتے کہ اہل سنت ہماری دلیلون کے آگے ٹھہر ہی نہین سکتے۔ وہ جاہل ناقلین اخبار ہین۔ مگر اُن کے سمجھنے کی عقل نہین رکھتے۔ اُنھین کے ساتھ ساتھ جہمیہ یعنی جہم بن صفوان کے پیرو تھے جنھون نے اپنی جماعت الگ قائم کر رکھی تھی۔ اور اصولی مسائل مین معتزلہ کے ہمنوا و ہمزبان تھے۔

اُن کے ضد اور مقابل **حشویہ۔ مجسمہ** اور **نجاریہ** فرقے تھے جو خدا کو قریب قریب جسمانی بتاتے۔ اُس کی تمام باتوں کو انسانی حالات و صفات کے مشابہ کہتے۔ **مُرجیہ** تھے جو کہتے کہ ایمان لانے کے بعد نجات مین پھر کسی عمل کو دخل نہین۔ اُن کے مقابل **خوارج** اور **معتزلہ** دونون قریب قریب متحد الخیال تھے کہ ہر گناہ کبیرہ کے مُرتکب کو ایمان سے کچھ فائدہ نہ ہوگا۔ بلکہ وہ مخلّد فی النار ہے یعنی ہمیشہ دوزخ مین پڑا رہے گا۔

اِدھر سیاسی **فرقون** مین سے **خوارج** تھے جو حضرات عثمان۔ علی۔ عائشہ۔ طلحہ۔ اور زبیر وغیرہ اکابر صحابہ و اہل بیت سب کو کافر مطلق بتاتے۔ اُن کے مقابل **شیعون** کے بیسیون مختلف الخیال گروہ تھے۔ شیعۂ **زیدیہ** تھے۔ شیعۂ امامیہ تھے۔ شیعۂ اسماعیلیہ تھے شیعۂ **کیسانیہ** تھے۔ اور وہ شیعہ تھے جو ائمۂ اثنا عشر مین سے ہر ایک کے ہر **فرزند** کی امامت کی دعوت کرتے پھرتے تھے۔ ان سب کے مقابل **شیعیان عثمان** یعنی طرفداران بنی اُمیہ تھے۔ اور ہسپانیہ مین اُن کی مستقل خلافت قائم ہو گئی تھی۔ چند ہی روز بعد سارے شمالی افریقہ مین بنی فاطمہ کی اسماعیلی خلافت قائم ہو گئی۔ اُن کے مقابل شیعۂ امامیہ کے حامی فرمان روایان دیلم تھے۔ اور اُس سے بھی زیادہ قیامت یہ تھی کہ اسماعیلیون کے داعی و نقیب تقیہ کر کے چُپکے ہی چپکے ساری دنیاے اسلام مین خلفاے بنی فاطمۂ مصر کی دعوت کرتے۔ اور لوگون کو بہکاتے پھرتے۔ پھر اسلام

کے لیے سب سے بڑی مصیبت یہ پیش آئی کہ **قرامطہ** کا نیا خون آشام گروہ پیدا ہو گیا جس نے مشرقی عرب عمان۔ بحرین و یمامہ مین اپنا قدم جما لیا تھا۔ اور عراق کے ہر شہر مین ہل چل ڈال رکھی تھی۔ بلاد شام و فلسطین تک مین اُن کے مظالم سے خون کی ندیان بہ گئین۔ یہان تک کہ حرمین پر قبضہ کر کے اُن کے سردار نے حجر اسود کو ایک گرز مار کے پاش پاش کر دیا۔ اور اُس کے ٹکڑون کو مشرقی عرب مین اُٹھا لے گیا اور بیس پچیس سال تک کعبہ اس متبرک ابراہیمی امانت سے محروم رہا۔ خوارج الگ لوٹتے مارتے پھرتے تھے۔ ادھر **باطنیون** کا گروہ قائم ہو گیا جس نے خراسان سے لے کر شام تک تمام پہاڑون پر قبضہ کر کے اپنے قلعے بنا لیے۔ اور اُن کے فدائی ہر طرف خنجر باندھے پھرتے کہ جس بادشاہ جس وزیر۔ جس سردار۔ اور جس عالم کی نسبت اشارہ ہو اُس کے پاس پہونچین۔ فریب سے اُس کے دوست یا خادم بنین۔ اور موقع پاتے ہی اُس کا کام تمام کر دین۔

ایسی حالت مین خداوند تعالےٰ نے اہل سنت اور فقہا و محدثین کی مدد کے لیے **امام ابو الحسن علی بن اسمٰعیل ابو بشر اشعری** کو اُٹھا کے کھڑا کر دیا۔ وہ صحابی رسول اللہ حضرت ابو موسی اشعری کی نسل مین تھے۔ اور سلسلہ نسب نوین پشت پر ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ تک پہونچتا تھا۔ ۲۶۰ھ مین پیدا ہوے تھے۔ اور تعلیم مذہب دست امام معتزلہ جبائی کی درس گاہ مین پائی تھی۔ جس کی صحبت مین چالیس سال

کی عمر تک مسلک معتزلہ کے پابند رہے۔ جُبّائی معتزلہ کا بہت بڑا مصنف تھا۔ اور ابوالحسن اُس کے شاگردون مین سب سے بڑے فصیح وطلیق اللسان بحث کرنیوالے۔ جہان اہل سُنّت کا مجمع سُنتے جا پہونچتے۔ اور بحث چھیڑ دیتے اُن کے مُناظرے نے علماے فقہ وحدیث کو بہت پریشان کر رکھا تھا۔ مگر باوجود ایسی قوت مناظرہ کے اُنھون نے اِس وقت تک کوئی کتاب نہین تصنیف کی تھی۔ بلکہ تصنیف وتالیف مین بہت کمزور خیال کیے جاتے۔ مگر فصیح البیان مقرر اور مُناظر اتنے بڑے تھے کہ لوگون مین مشہور تھا جتنے وہ گویا ہین اتنا ہی اُن کا استاد جُبّائی پنبہ دہان اور بحث مباحثہ مین کمزور واقع ہوا ہے۔ چنانچہ جب کہین مناظرے کی ضرورت پیش آتی تو جُبّائی اُنھین کو اپنی طرف سے بھیج دیا کرتا۔

غرض ابوالحسن اشعری یونہین اہل حدیث کے لیے ایک مصیبت ورا ہل سنت کے حق مین ایک آفت بنے ہوے تھے کہ ایک سال ماہ مبارک رمضان کے عشرۂ اول مین ایک رات کو حضرت رسول خدا صلعم کی زیارت ہوئی۔ اور حضور سرورِ عالم صلعم نے حکم فرمایا کہ "ابوالحسن جو مسائل حدیث مجھ سے مروی ہین اُن کی تائید کرو۔ اسلیے کہ وہی برحق ہین" آنکھ کھلی تو سخت اُلجھن اور پریشانی تھی۔ دل مین کہتے "محدثین اور راویان حدیث کے مسلک کے خلاف جو دلیلین میرے دل مین بسی ہوئی ہین اُن کو صفحۂ دل پر سے کیسے مٹاؤن؟"

اسی پریشانی مین رمضان کا پہلا عشرہ گزر گیے دوسرا عشرہ

شروع ہو گیا۔ اور فرماتے ہین مین پھر ایک رات جناب رسالت علیہ السلام کی زیارت سے شرفیاب ہوا۔ اور حضور نے میری صورت دیکھتے ہی فرمایا "مین نے جو کہا تھا اُس مین تم نے کیا کیا؟" حضرت اشعری کہتے ہین مین نے جرأت کر کے عرض کیا "یا رسول اللہ مین نے احادیث مرویہ کا مطالعہ کیا۔ اور علم کلام کی رُو سے جہان تک گنجائش پائی اُن کو اختیار کیا" ارشاد ہوا "احادیث مرویہ کی تائید کرو۔ وہی برحق ہین" اور ساتھ ہی آنکھ کھل گئی۔ اور مین نہایت ہی ملول و حزین تھا۔ نہ کوئی بات سمجھ مین آتی تھی اور نہ کچھ بن پڑتا تھا۔ آخر مین نے دل مین ٹھان لی کہ علم کلام کو ترک کر دون۔ اور حدیثون پر عقیدہ جماؤن۔ چنانچہ اب مین رات دن کلام اللہ اور کتب حدیث ہی کا مطالعہ کیا کرتا۔

اُسی حال مین رمضان کا دوسرا عشرہ گزر کے تیسرا بھی ختم ہونے کے قریب آ گیا تھا کہ رمضان کی ۲۷ آئی۔ یہ شب قدر کی رات مانی جاتی ہے۔ اور معمول تھا کہ لوگ مسجدون مین جمع ہو کر ساری رات نماز و عبادت مین بسر کرتے۔ مین بھی مسجد مین اسی ارادے سے گیا۔ لیکن یکایک نیند کا ایسا غلبہ ہوا کہ گر گر پڑتا تھا۔ جب کسی طرح چین نہ پڑا تو اپنی بدقسمتی پر افسوس کرتا ہوا گھر مین آیا۔ اور آتے ہی پڑ گیا۔ لیٹنا تھا کہ آنکھ لگ گئی۔ اور پھر جلوۂ جمال محمدی صلعم نظر کے سامنے تھا۔ اور آپ پوچھ رہے تھے "جس بارے مین مین نے

کہا تھا تم نے کیا کیا؟" میں نے عرض کیا "یارسول اللہ! میں نے کلام کو ترک کر دیا۔ اور قرآن و حدیث کے مطالعے میں محو رہتا ہوں۔" ارشاد ہوا "میں نے تم سے یہ نہیں کہا تھا۔ میرا حکم تو یہ تھا کہ مسائل مرویۂ حدیث کی تائید کرو۔ کیونکہ وہی برحق ہیں۔" اب کی میں نے جی کڑا کر کے عرض کیا "یارسول اللہ! محض ایک خواب کی بنا پر اُس مذہب کو کیسے چھوڑ دوں جس کے مسائل سینے میں بسے ہوئے ہیں؟ اور جس کی دلیلیں تیس سال سے دل پر نقش ہیں؟" ارشاد فرمایا "اگر مجھے یہ معلوم نہ ہوتا کہ خود خدائے تعالےٰ اس بارے میں تمھاری ہدایت و مدد کرے گا تو جب تک ہر مسئلے کے علل و اسباب تمھارے ذہن نشین نہ کر دیتا میں تمھارے پاس سے نہ ٹلتا۔ اور تم اسے محض خواب سمجھتے ہو! اگرچہ میرا تمھارے پاس آنا فقط خواب ہی نہیں۔ تو اب اس کے بعد تم مجھے نہ دیکھو گے۔ لیکن میں یہ کہتا ہوں کہ اس حکم پر عمل کرو۔ اور کوشش سے کام لو۔ من جانب اللہ تمھاری مدد و اعانت ہو گی۔"

اب جو آنکھ کھلی تو میری کچھ اور ہی حالت تھی۔ دل میں کہا "بس اب حق کے خلاف بجز گمراہی کے کچھ نہیں۔ اور اُسی گھڑی سے میں حدیثوں اور مسلک اہل سنت کی تائید میں غور کرنے لگا۔ اور خدا کی قسم میرے خیال میں خود بخود نئی دلیلیں اور توجیہیں پیدا ہو جاتیں۔ جو نہ کبھی پیشتر میرے وہم میں گزری تھیں۔ نہ اُن کو

کسی کتاب مین پڑھا تھا۔ اور نہ کسی مخاصم نے بحث مین اُسکے سامنے پیش کی تھین۔ اس حالت سے مجھے یقین کامل ہو گیا کہ یہ تائید غیبی کے سوا کچھ نہین ہے۔

سچ پوچھیے تو یہ حضرت رسالت صلعم کا ایک ابد الآباد تک زندہ رہنے والا معجزہ تھا کہ ایک ایسے شخص کو جو کل تک پکا معتزلی تھا۔ اہل سنت کے علما و محدثین کو ہر صحبت مین زک دے کر عاجز کر دیا کرتا تھا۔ جس کے لوح دل پر ملحدانہ مسائل کی دلیلین نقش تھین۔ جن کا اُس کے اعتقاد مین کچھ جواب نہ تھا۔ وہی آج ایک شب مین ایسا پکا پابند سُنت ہو گیا کہ معتزلہ اور شیعون اور تمام نئے فرقون کے عالمون کو زک دیتا اور قائل و معقول کرتا پھرتا ہے۔ مخالفین حدیث و سُنت کے بڑے بڑے دعوے کرنے والے مباحثون اور مناظرون کی زبانین اُس کے سامنے بند ہین۔ اور اُس سے مُنہ چھپاتے اور بھاگتے پھرتے ہین۔

حضرت ابو الحسن اشعری نے اپنے اس نئے مسلک کا آغاز یون کیا کہ مذکورہ خوابون کی ... کے مہینے مین گھر مین خاموش بیٹھے فکر اور غور کرتے رہے۔ اور اگرچہ کبھی کوئی کتاب نہین تصنیف کی تھی مگر اپنے اُن الہامی مسائل و مباحث کو چپکے چپکے رسالون مین قلمبند کر لیا۔ اور یکایک ایک جمعہ کو تیار ہو کر مسجد مین آئے۔ اُن کا اُستاد جُبائی اپنے صدہا طلبہ کے

حلقے مین بیٹھا درس دے رہا تھا کہ اُس کے سامنے جا کے بیٹھ گئے
اور پوچھا، یا شیخ۔ ایسے تین شخصون کی معاد کے متعلق آپ کیا
فرماتے ہین جن مین سے ایک مومن ہے۔ ایک کافر ہے۔ اور ایک
نابالغ بچہ ہے؟،، جبائی نے اپنے عقیدے کے مطابق جواب دیا "مومن
جنت مین جائے گا۔ کافر دوزخ مین جائے گا۔ اور نابالغ اُس
تیسرے عالم مین رہے گا جو جنت و دوزخ کے درمیان ہے"
اشعری نے کہا "اور اگر وہ نابالغ خدا سے کہے کہ تو نے مجھ پر
ظلم کیا کہ مجھے بچپن مین مار ڈالا۔ مین بڑا ہو کے مومن صالح بنتا۔
ثواب کے کام کرتا۔ اور جنت کا مستحق ہوتا۔ تیرے مار ڈالنے
کے باعث مین اُس درجۂ اعلیٰ اور اِن نعمتون سے محروم رہ
گیا۔ تو اُس کا خدا کیا جواب دے گا؟،، جُبّائی بولا "خدا کہے گا
مین جانتا تھا کہ تو بڑا ہو کر کافر ہو گا۔ اسی مصیبت سے بچانے
کے لیے مین نے تجھے بچپن مین مار ڈالا" ابوالحسن نے کہا "اور اگر
وہ کافر کہے کہ خدایا تجھے میرے کافر ہونے کا بھی علم تھا۔ پھر
تو نے مجھ کو بچپن مین کیون نہ مار ڈالا کہ عذاب دوزخ سے
محفوظ رہتا؟ تو بتایئے خدا اُس کو کیا جواب دے گا؟،، اب
جُبّائی کے پاس کوئی جواب نہ تھا۔ لاطائل توجیہین کرنے لگا۔
اور آخر ابوالحسن اشعری بولے "بس رہنے دیجیے۔ اِن توجیہون سے
کام نہ چلے گا۔ اس لیے کہ آپ کی دلیلون کا گدھا دلدل مین

پھنسا ہوا ہے"

یہ کہتے ہی حضرت ابو الحسن اشعری جبائی کے حلقے سے اُٹھ کر مسجد کے منبر پر جا کھڑے ہوے۔ اور آواز دی کہ "یا معاشر المسلمین!" فوراً تمام لوگ جو مختلف حلقون مین بیٹھے تھے آکر سامنے جمع ہو گئے۔ اور آپ نے فرمایا "حضرات۔ آپ مین جو حضرات مجھے پہچانتے ہون وہ تو جانتے ہی ہین۔ مگر جو نہین پہچانتے اُنھین بھی مین بتاتا ہون کہ مین ابو الحسن علی بن اسماعیل اشعری ہون۔ مین قرآن کے مخلوق ہونے کا قائل تھا۔ رویت باری تعالے سے منکر تھا۔ اور خیر و شر دونون کو بجاے خدا کے اپنی طرف منسوب کرتا تھا۔ مگر آج مین اِن عقیدون سے توبہ اور معتزلہ کے دعوون کی تردید کرتا ہون۔ اُن کی لغویتون کو ظاہر کرتا۔ اور اُن کے عیبون کو کھولتا ہون" پھر فرمایا "لوگو مین گذشتہ چند روز آپ حضرات کے سامنے نہین آیا۔ اور گھر مین بیٹھا رہا۔ اس کا باعث یہ تھا کہ مین مختلف اعتقادی اصولی مسائل مین غور و خوض کر رہا تھا۔ اور کسی طرح حق و باطل مین امتیاز نہ کر سکا۔ آخر خدا سے ہدایت کی التجا کی۔ اور اُس نے اپنی عنایت سے مجھ پر حق کو منکشف و آشکارا کر دیا۔ اُن ہدایات کو مین نے اپنے اِن رسالون مین قلمبند کر دیا ہے جن کو آپ کے سامنے پیش کر کے اپنے تمام گذشتہ اعتقادات سے توبہ کرتا ہون اور آج اپنے اُن عقائد سے اُسی طرح جدا ہوتا ہون جس طرح اپنے اس کُرتے سے الگ ہوتا ہون" یہ کہتے ہی کُرتا اُتار کے دور پھینک دیا۔ اور

وہ رسالے لوگون کے ہاتھ مین دے دیے انھین مین اُن کی ایک کتاب "لمع" (یعنی کتاب انوار) تھی اور دوسرا رسالہ "کشف الاسرار وہتک الاستار" تھا جس مین معتزلہ کی شرمناک غلطیان دکھائی ہین حضرات سامعین اِس موقع پر آپ ذرا پہلے معتزلی واصل بن عطا کے حضرت حسن بصری کی صحبت سے جُدا ہونے کو یاد فرمائین جس نے اعتزال کا مسلک ایجاد کر کے اِس ملحدانہ گروہ اور اُس کے اسلام کُش علم کلام کی بنیاد ڈالی تھی۔ اور اُس کے بعد آج امام ابوالحسن اشعری کے اپنے معتزلی اُستاد جُبّائی کے حلقۂ درس سے جُدا ہونے کی تصویر پیش نظر کرین جس نے ایک ہی گھڑی کے اندر دُنیا کا رُخ پلٹ دیا۔ اور فرقۂ معتزلہ کی تردید شروع کی تو چند روز مین اُسے دُنیا سے فنا ہی کر کے چھوڑا۔

حضرت ابوالحسن اشعری کی اُن کتابون کے شائع ہوتے ہی معتزلہ مین سناٹا نہین ایک تہلکہ پڑ گیا۔ اِدھر اہل سُنّت نے اُن کتابون سے سبق لیا۔ اُن پر بھروسہ کیا۔ اور ابوالحسن اشعری کو اپنا امام دین تسلیم کر لیا۔ یہان تک کہ اہل سُنّت اُنھین کے جانب منسوب ہو کر "اشعری" کے لقب سے مشہور ہو گئے۔

اِس سے پیشتر معتزلہ کہتے پھرتے تھے کہ علماے حدیث وفقہ ہمارے سامنے مُنہ نہین کھول سکتے۔ اور ہماری بحثون سے عاجز والجواب ہین۔ مشہور کرتے کہ امام احمد بن حنبل ہمارے مقابلے

مین قائل ہو گئے۔ اور کچھ نہ کہہ سکے۔ مگر اب امام ابو الحسن اشعری حدیث
و قرآن کی حمایت مین جو اُٹھ کھڑے ہوے تو اُنھین بھاگتے راستہ
نہ ملتا تھا۔ چند ہی روز مین حضرت اشعری کے گرد طلبہ کا ایک بڑا بھاری
ہجوم جمع ہو گیا۔ جو قرآن و حدیث کی حمایت مین اپنے اُستاد کی بتائی
ہوئی دلیلین پیش کر کے ہر معتزلی کو خاموش کر دیتے۔ اور بڑے
بڑے علماے معتزلہ کونون مین چھپتے پھرتے۔

مین یہ بھی بتا دینا چاہتا ہون کہ اصولی و اعتقادی مسائل
مین امام ابو الحسن اشعری کا مسلک کیا ہے۔ اُنھون نے ہر مسئلہ
مین ایک اوسط یا درمیانی طریقہ اختیار کیا۔ معتزلہ نے خداے
تعالے کو بالکل معطل بنا دیا تھا۔ کہتے کہ اُس وحدہ لاشریک مین
نہ علم ہے۔ نہ سماعت ہے۔ نہ بصارت ہے۔ نہ اُسے حیات حاصل
ہے۔ نہ بقا۔ اور نہ اُس مین ارادہ ہے۔ اُن کے بالکل ضد مجسمہ
اور حشویہ کہتے تھے کہ اللہ تعالے کا علم ہمارے علم کے مماثل ہے۔
اُس کی قدرت ہماری قدرت کی سی ہے۔ اور ہماری ہی طرح
وہ سنتا اور دیکھتا ہے۔ امام ابو الحسن اشعری نے اُن دونون
کے درمیان یہ مسلک اختیار کیا کہ اُس کو علم ہے مگر ہمارے
علمون کا سا نہین۔ قدرت ہے مگر ہماری قدرت کے غیر مشابہ سنتا ہے
نہ ہماری طرح اور دیکھتا ہے نہ ہماری طرح۔

جہم بن صفوان نے کہا کہ بندہ دنیا کے واقعات اور اپنے

افعال پر قادر نہین - اور کسب یعنی اُن کے اختیار کرنے پر قادر ہے۔ حشویہ مشبہہ کہہ رہے تھے کہ خداوند تعالے اُسی طرح متکیف و محدود نظر آئے گا جس طرح تمام اجسام دکھائی دیا کرتے ہین۔ اِس کے خلاف معتزلہ جہمیہ اور نجاریہ فرقے کہتے تھے کہ وہ جل شانہ کہین اور کسی حال مین نظر ہی نہین آسکتا۔ امام اشعری نے یہ اوسط کا اور معتدل طریقہ اختیار کیا کہ وہ رب العزت بغیر کسی چیز مین حلول کیے اور بغیر حدود اور کیفیت کے دیکھا جائے گا جیسے کہ بغیر محدود و متکیف ہونے کے وہ دیکھتا ہے۔

نجاریہ نے دعویٰ کیا کہ باری تعالے بغیر کسی چیز مین حلول کرنے کے اور بغیر جہت کے ہر جگہ موجود ہے۔ اُن کے برعکس حشویہ مجسمہ کہنے لگے کہ وہ عرش مین حلول کیے ہوے ہے۔ عرش اُس کا مکان ہے جس پر وہ بیٹھا ہوا ہے۔ اِن دونون کے درمیان امام اشعری نے یہ راہ نکالی کہ وہ رب العزت اُس وقت بھی موجود تھا جب یہ مکان یعنی عرش موجود نہ تھا۔ کیونکہ عرش و کرسی کو اُس نے بعد پیدا کیا ہے۔ لہذا وہ مکان کا محتاج نہین۔ مکان کے پیدا ہونے کے بعد بھی اُس کی وہی شان ہے جو مکان کے ہونے سے پیشتر تھی۔

معتزلہ کہہ رہے تھے کہ باری تعالے کا ہاتھ نہین بلکہ اُس سے قدرت و نعمت مراد ہے۔ چہرہ چہرہ نہین اُس سے وجود

مُراد ہے۔ اُن کے مقابل مجسمہ کہتے تھے کہ اُس کا ہاتھ اور اُس کا
چہرہ ہماری صورت ہی کی ایسی ایک جسمانی شکل ہے۔ امام اشعری
نے یہ فیصلہ کیا کہ خدا کے لیے ہاتھ اور چہرہ ہونا بھی منجملہ اُس جل شانہ
کے دیگر صفات کے ایک صفت ہے۔ جیسے کہ سُننا اور دیکھنا اُس
کی صفتین ہین جن کو ہمارے ہاتھ اور چہرے اور ہماری سماعت
و بصارت سے کوئی نسبت و مشابہت نہین۔

خدا کا عرش پر کھڑا ہونا اور اُس سے اُترنا جو قرآن
و حدیث مین وارد ہوا ہے اُس مین معتزلہ یہ کہتے کہ اِن آیتون
اور حدیثون مین اُس وحدہ لاشریک کی بعض آیتین اور نشانیان
اور اُن کا نیچے اُترنا مراد ہے۔ اور استوا (کھڑے ہونے) سے مراد
استیلا و غلبہ ہے۔ مشبہہ اس کے خلاف معتقد تھے کہ خود خدا ے
تعالےٰ کی ذات کا حرکت کر کے اُترنا۔ ایک جگہ سے دوسری جگہ
آنا۔ اور استوا سے عرش پر بادشاہون کی طرح جلوس کرنا۔ اور
اُس مین حلول کرنا یعنی داخل ہونا مراد ہے۔ امام ابوالحسن اشعری
نے دونون کے خیال کو لغو بتا کے فرمایا کہ نزول و استوا
بھی اُس کی دوسری صفتون کی طرح دو بے مثال صفتین ہین۔

معتزلہ بڑے شد و مد کے ساتھ دعوی کرتے تھے کہ خدا
کا کلام مخلوق ہے جس کو اُس جل شانہ نے پیدا اور ایجاد کیا۔
مجسمہ نے اُن کے بالکل ضد پر یہ کہا کہ اُس کے کلام سے مراد حروف

مقطعات ہین جن سے وہ کلام اجسام (کاغذ وغیرہ) پر مختلف رنگون (روشنائیون) مین ہاتھون کے ذریعے سے معمولاً لکھا جاتا ہے یعنی وہ کاغذ مین جن پر اور وہ رنگ ہین جن سے وہ لکھا جاتا ہے اور سارا قرآن مجید جو دو دفتیون کے بیچ مین ہے سب کا سب قدیم ازلی ہے۔ ابو الحسن اشعری نے اس مین یہ درمیانی مذہب اختیار کیا کہ قرآن بیشک خدا کا کلام اور قدیم ہے نہ مخلوق ہے۔ نہ بدلتا ہے۔ نہ حادث ہے نہ پیدا ہونیوالا۔ مگر حروف مقطعات۔ اجسام۔ رنگ۔ آوازون۔ محدود صورتون۔ اور کیفیتون کی قسم کی جتنی چیزین عالم مین اُس کے متعلق ہین سب مخلوق ہین۔

ایمان کے بارے مین معتزلہ جہمیہ اور نجاریہ کا قول یہ تھا کہ ایمان مخلوق ہے مطلقاً۔ حشویہ و مجسمہ کہتے تھے کہ وہ قدیم ہے مطلقاً۔ امام اشعری نے یہ فیصلہ فرمایا کہ ”ایمان دو ہین۔ ایک خدا کا ایمان وہ قدیم ہے۔ اس لیے کہ وہ رب العزت خود اپنے آپ کو ”مومن و مہیمن“ بتاتا ہے۔ دوسرا مخلوق کا ایمان ہے اور وہ مخلوق ہے۔

مُرجیہ اس پر جمے ہوے تھے کہ جو شخص ایک بار خلوص دل و صدق عقیدت سے ایمان لے آیا پھر وہ نہ مُرتد ہونے سے کافر ہو سکتا ہے اور نہ کفر اختیار کرنے سے۔ اُس کے کبیرہ گناہ لکھے ہی نہین جاتے۔ اُن کے خلاف معتزلہ کا دعوی تھا کہ کوئی با ایمان شخص سو برس تک متقی و پرہیزگار رہنے کے بعد بھی کسی ایک گناہ کبیرہ کا مرتکب ہو جائے تو ہمیشہ

عذاب دوزخ مین مبتلا رہے گا۔ اور کبھی آتش دوزخ سے نہ نکل سکے گا۔ اس مین امام ابو الحسن اشعری نے فرمایا جو مومن موحد فاسق ہو اُس کا معاملہ خدا کی مشیت پر موقوف ہے۔ چاہے قصور معاف کرکے اُسے جنّت مین داخل کرے۔ اور چاہے اُس کے گناہون کی بنا پر کچھ دنون عذاب دوزخ مین مبتلا رکھ کے پھر جنّت مین جگہ دے۔ لیکن ایک کبیرہ گناہ جو ایک محدود وقت مین ہو کے ختم ہو گیا اُس کی پاداش مین خلود فی النّار یعنی دوزخ مین ہمیشہ پڑا رہنا ہرگز نہین ہو سکتا۔

شیعہ کہتے تھے کہ پیغمبر صلعم اور حضرت علیؓ کو بغیر خدا کے اذن (اجازت) کے شفاعت کرنے کا حق حاصل ہے۔ یہان تک کہ اگر وہ کفار کی شفاعت کرین تو بھی قبول ہو گی۔ اُن کے برعکس معتزلہ کہتے تھے کہ شفاعت کوئی چیز ہی نہین۔ اس مین امام اشعری نے یہ درمیانی اور منصوص راستہ نکالا کہ رسول خدا صلعم شفاعت کرین گے اور وہ قبول بھی ہو گی۔ مگر وہ گنہگار مسلمانون تک محدود رہے گی۔ اور وہ خدا کے اذن یعنی اُس کے حکم سے ہو گی۔

خوارج کہتے تھے کہ حضرات عثمان و علی رضی اللہ عنہما دونون معاذ اللہ کافر ہین شیعہ اس کے مقابل حضرات شیخین کو (نقل کفر کفر نباشد) کافر و مرتد بتاتے۔ حضرت امام اشعری نے اس مین یہ مسلک بتایا۔ کہ چارون اصحاب کی محبت اور دوستی منصوص ہے۔ اور چارون کو حسب ترتیب ایک دوسرے پر فضیلت حاصل ہے۔

معتزلہ کا اعتقاد تھا کہ امیرالمومنین معٰویہ طلحہ و زبیر۔ اور ام المومنین عائشہ صدیقہ اور وہ تمام لوگ جنھون نے اِن سب کی پیروی کی غلطی پر تھے۔ جس کی وجہ سے کسی ادنٰے معاملے مین بھی اُن کی شہادت (گواہی) مقبول نہین ہوسکتی۔ اُن کے ساتھ شیعہ اُن سب کو (عیاذاً باللہ) کفار مُرتد کہہ ہی رہے تھے۔ اس کے خلاف شیعیان عثمان یعنی بنی اُمیہ کہتے کہ اُن بزرگون کی جانب خطا اور غلطی کو کسی حال مین بھی منسوب نہین کرسکتے۔ بلکہ ساری غلطیان حضرت علی اور اُن کے رفیقون کی تھین۔ امام اشعری نے اس معاملے مین فرمایا یہ سب بزرگان اُمت مجتہد تھے۔ اور ہر مجتہد اپنے ہر فیصلہ پر مستوجب ثواب ہوتا ہے۔ سب حق پر تھے۔ اصولی مسائل مین اُن کے درمیان کوئی اختلاف نہ تھا۔ اختلافات صرف فروع مین تھے۔ جن مین ہر ایک کا اجتہاد جُداگانہ تھا۔ مگر سب صحیح راستے پر رہے۔ اور اُنھین اپنے اُن اجتہادون کا ثواب ملے گا۔ ان مسائل مین اُنھون نے جو رائین قائم کین اُن مین کسی خواہش نفس یا بُرے ارادے کو دخل نہ تھا۔ اور اُنھون نے جو کچھ کیا دلیل و بُرہان سے کیا۔

یہ سچا متوسط و معتدل اصول کا مسلک تھا جس کو ابوالحسن اشعری نے قرآن و حدیث کے نصوص کے علاوہ عقلی اور منطقی دلیلون سے ثابت کیا۔ اور مباحثون اور مناظرون مین معتزلہ اور تمام مخالف فرقون کو ہر جگہ ایسا خاموش کیا کہ دنیا مین اُن کی کساد بازاری

ہو گئی۔

یہ نہین کہا جا سکتا کہ اپنے زمانے ہی مین اُنھون نے اعتزال کو بالکل مٹا دیا۔ یا سارے مبتدعہ فرقون کا زور توڑ دیا۔ معتزلی خلفاے بنی عباس اپنی سطوت اور جبر و ظلم سے اس مذہب کو اس قدر پھیلا گئے تھے کہ اُس کا ایک محدود زمانے مین اور ایک ہی شخص کی کوشش سے مٹ جانا غیر ممکن تھا۔ مگر یہی کیا کم تھا کہ علماے معتزلہ کو کسی جگہ سر اُٹھانے کی جُراُت نہ ہوتی تھی۔ ابو الحسن باہلی علماے شیعۂ امامیہ مین ایک بڑے پائے کے فاضل تھے۔ اُن سے ابو الحسن اشعری سے بحث ہوئی اور قائل و لاجواب ہو کر وہ اہل سُنّت کے زُمرے مین داخل ہو گئے۔ اور اُن کا شمار اہل سنت کے اکابر ائمۂ سلف مین ہے۔

امام اشعری اپنے اعتزال کے زمانے مین زبردست مناظر اور طلیق اللسان بحث کرنے والے تھے مُصنّف نہ تھے۔ مگر اُن کا بیرو حدیث و قرآن ہونا تصنیف اور مناظرے دونون سے شروع ہوا۔ چنانچہ اس کا اظہار و اعلان کرنے کے ساتھ ہی اپنی کئی کتابین پیش کر دین۔ اور اُس کے بعد تصنیف و تالیف مین مصروف ہوئے تو اُس زمانے مین اُن سے بڑا کوئی مصنف نہ تھا۔ نامور محدث اسلام ابن عساکر نے اپنے رسالۂ "تبیین کذب المفتری فی ما نُسب الی الامام ابی الحسن الاشعری" مین اُن کی تقریباً نوے کتابون کی مفصل و مشرح فہرست خود امام ابو الحسن کے تصانیف سے نقل کر کے پیش کی ہے۔

جس سے نظر آتا ہے کہ کوئی مبتدع فرقہ اور کوئی ملحدانہ عقیدہ نہین جس کی تردید اُنھون نے شرح وبسط کے ساتھ نہ کی ہو- اور تعجب معلوم ہوتا ہے کہ ایسا شخص جس کی نسبت ابتدائً کہا جاتا تھا کہ بجز مناظرے کے تصنیف کر ہی نہین سکتا وہ پیرو سُنّت ہوتے ہی اتنا بڑا مستند اور عدیم النظیر مصنف کیسے بن گیا- اصل حقیقت یہ ہے کہ یہ اُسی تائید غیبی کی برکت تھی جس کا حضرت رسول خدا صلعم نے خواب مین اُن سے وعدہ فرمایا تھا- لہذا اُن کتابون کو بجائے اُن کے عالمانہ خیالات کے اگر الہام کہا جائے تو بیجا نہ ہوگا-

اُن کو معتزلہ سے اس قدر شدت نفرت تھی کہ ۳۲۴ھ یا ۳۳۰ھ مین (علی اختلاف الروایات) جب اُن کا انتقال ہوا ہے تو احتضار کے وقت ایک شاگرد نے دیکھا کہ ہونٹ ہل رہے ہین- کان لگا کے سُنا تو فرماتے تھے "خدا معتزلہ پر لعنت کرے کہ جو کچھ اُن کے مُنہ مین آیا بک دیا- اور اُمت مین تفرقہ ڈال دیا" پھر اُسی حالت مین زبان نے کچھ یاری دی تو اپنے شاگرد (علی زاہر بن احمد سرخسی کو پاس بُلا کے فرمایا "گواہ رہنا کہ) مین اہل قبلہ مین سے کسی کی تکفیر نہین کرتا"

اگرچہ اپنی زندگی مین وہ معتزلہ کا پورا استیصال نہین کر سکے مگر اُن کے کلام کے مقابلے مین اپنی موید من اللہ کوشش سے جو کتاب وسُنّت کا نیا کلام اُنھون نے ایجاد کر دیا

اُس نے دو ہی تین صدیون کے اندر معتزلہ کو نیست و نابود کر دیا۔ اور کبھی وہ اہل سُنّت کے مقابلے مین نہین ٹھہر سکے۔ اُن کی وفات کے بعد اِس نئے کلام کے حامی و مبلغ اور اشعریت کے نامور مردِ میدان اُستاذ ابو اسحٰق اسفرائنی۔ قاضی ابو بکر باقلانی۔ اور استاذ ابو بکر بن فورک اصفہانی ہوے۔ پھر امام الحرمین ابو المعالی جوینی۔ اور امام غزالی میدان مین آئے۔ اور سب کے بعد امام فخر الدین رازی نے امام ابو الحسن اشعری کے اِس دینی علم کلام کو انتہائی کمال پر پہونچا کے الحاد و اعتزال کا ایسا خاتمہ کر دیا کہ دنیا مین اُن کا کوئی نام لیوا بھی نہ باقی رہا۔

اِن متکلمین حدیث و قرآن نے جس طرح زحمتین اُٹھا کے اور زبردست قوتوں سے لڑ لڑ کے حریفون پر فتح پائی اُس کا اندازہ اِس ایک واقعہ سے ہو سکتا ہے۔ جو امام ابو الحسن اشعری کی وفات کے تھوڑے ہی زمانے بعد پیش آیا تھا۔

جن دنون دنیاے اسلام مین دیلمیون کی سطوت قائم تھی۔ اور وہ مذہب شیعہ و اعتزال کے پشت و پناہ بنے ہوئے تھے۔ اُنھین مین کا ایک فرمان روا جس کا نام عضد الدولہ فنا خسرو تھا فارس پر مسلط تھا۔ اور شیراز اُس کا مستقر حکومت تھا۔ وہ بڑا علم دوست اور حامی اسلام بادشاہ تھا۔ مگر اعتقاداً معتزلی تھا۔ اور دربار مین بڑے بڑے نامی گرامی علماے معتزلہ جمع تھے۔ فنا خسرو کے عالمانہ مذاق نے دربار شاہی اور ایوان شہریاری کو ایک علمی اکیڈیمی

بنا رکھا تھا۔ روز علما مین بحثین ہوتین۔ تحقیق مسائلِ عقلی و نقلی کا سلسلہ جاری رہتا۔ اور صدر نشینِ محفل ملک کے قاضی القضاۃ ہوتے جو بڑے متشدّد معتزلی تھے۔ اور اُن کا جوشِ اہلِ سُنّت کی تردید مین سب عالمون سے زیادہ بڑھا ہوا تھا۔

ایک دن فناخسرو نے کہا "ہماری یہ محفل یون تو بڑے بڑے علما سے بھری ہوئی ہے مگر افسوس کہ اہلِ سُنّت کا کوئی عالم موجود نہین۔ جو ہر مسئلے پر اپنے مسلک کی رُو سے استدلال کرے۔ اور ہم دیکھین کہ وہ لوگ کس عنوان سے بحث کرتے ہین" قاضی القضات صاحب نے کہا "اُن جاہلون کو بُلا کے کیا کیجیے گا؟ اُن کا شمار تو عوام کالانعام مین ہے۔ عقل سے اُنھین کوئی سروکار نہین قرآن و حدیث کے متعلق متخالف و متضاد روایتین نقل کرتے ہین۔ سُنی سُنائی باتون پر دار و مدار ہے۔ اور تقلیدِ بحت سے کام۔ ایسے لوگون کی لغو باتون کے سُننے سے فائدہ؟ اُن مین سے ہر ایک فاسق ہے۔ اور اِس کے درپے ہے کہ شمعِ معرفت کو گل کر دے۔ مگر وَاللّٰہُ مُتِمُّ نُوْرِہٖ وَلَوْ کَرِہَ الْکَافِرُوْنَ۔ علاوہ برین میرے نزدیک اُن مین سے کوئی اِس قابل بھی نہین کہ نظامِ حکمرانی مین کسی تاجدار کا مشیر و معاون ہو سکے" یہ کہہ کے اُنھون نے معتزلہ عالمون کی ثنا و صفت شروع کر دی۔

قاضی صاحب کی یہ تقریر سُن کر بادشاہ نے کہا "آپ کے

نزدیک تو وہ لوگ بالکل لغو اور بیہودہ ہین۔ مگر میرے خیال مین دنیا کے اندر کوئی طریقہ اور مذہب ایسا نہین ہے جس کے حامی و مددگار نہ موجود ہون"۔ یہ کہہ کر اُس نے ارکان دولت کے نام حکم جاری کر دیا کہ" دیکھو ہماری قلمرو مین کوئی اہلسنّت و اہل حدیث کا ایسا عالم موجود ہے جو اپنے مذہب کی حمایت مین بحث و مناظرہ کر سکے؟ اور میری علمی محفل مین آ کر اپنے اصول کی تائید مین تقریر کرے؟" دو ہی چار روز کے بعد لوگون نے عرض کیا "بصرے مین اس صفت کے دو عالم موجود ہین۔ ایک معمر و سن رسیدہ ہین اور دوسرے جوان۔ پہلے کا نام ابوالحسن باہلی ہے (یہ حضرت ابوالحسن اشعری کے خاص شاگرد تھے اور وہی ہین جو حضرت اشعری سے قائل ہو کر شیعہ سے سُنّی ہو گئے تھے) اور دوسرے کا نام ابن باقلانی ہے۔ (یہ وہ ہین جنھون نے خصوصیت کے ساتھ امام اشعری کے کلام کو دنیا مین پھیلایا۔) سُنتے ہی بادشاہ نے حکم دیا کہ" دونون کی خدمت مین سفر خرچ کے لیے کافی رقم بھیج کر اُنھین یہان آنے کی زحمت دی جائے"۔

خود قاضی ابوبکر باقلانی فرماتے ہین کہ اس بادشاہ کا خط اور سفر خرچ ہمارے یہان آیا تو ہم لوگون مین مشورہ ہونے لگا کہ فنا خسرو کے دربار مین جائین یا نہ جائین۔ شیخ ابوالحسن باہلی نے فرمایا "یہ فاسق لوگ ہین۔ اُن کی صحبت مین ہمارا جانا مناسب نہین ہے۔ ہمین اُن کے فرش پر بھی قدم نہ رکھنا چاہیے۔ اِس بادشاہ کی ہمارے بلانے مین بجز اِس کے کوئی غرض نہین ہے کہ دنیا مین مشہور ہو کہ اُس کے

دربار مین ہر قسم اور ہر علم کے علما جمع ہین۔ اُس کا یہ طلب کرنا اگر میرے خیال مین خلوص نیت کی بنا پر ہوتا تو مین ضرور جاتا۔ لہذا مین تو ہرگز نہ جاؤن گا۔" اور لوگون نے بھی اُنھین کی راے سے اتفاق کیا۔

مگر قاضی ابو بکر باقلانی فرماتے ہین مین نے اُن کی تقریر سُن کر کہا۔ "ابن کلاب اور محاسبی وغیرہ اہل سُنت کے اگلے متکلمین نے بھی یہی کہا تھا کہ مامون کی صحبت مین ہم مین سے کوئی نہ جائے۔ اگر وہ چلے جاتے تو ممکن تھا کہ مامون مین اتنی سختی نہ پیدا ہوتی۔ اور یہ انجام نہ ہوتا کہ لوگ امام احمد حنبل کو کشان کشان طرسوس کیطرف لے گئے۔ اتفاق سے مامون مرگیا اور وہ معتصم کے سامنے پیش کیے گئے جس نے اُن کو قرآن کے مخلوق کہنے پر مجبور کیا۔ اور انکار کرنے پر اُنھین کوڑون سے پٹوایا۔ اُس وقت کے متکلمین اگر اُس کے دربار مین چلے جاتے تو امید تھی کہ بحث مین وہی غالب آتے۔ اُن کے نہ جانے ہی سے مامون کے دل مین جم گئی کہ اہل سنت کے پاس اپنے دعوون کی کوئی دلیل نہین ہے۔ یہ لوگ اگر معتصم کے سامنے بھی جا کے اپنے عقائد و مذہب کے علل و اسباب پیش کرتے تو میرا خیال ہے کہ وہ بھی راہ راست پر آجاتا۔ اور اُمت پر یہ تباہی نہ آتی۔ مگر اُنھون نے حکومت کے آگے سر جھکا دیا۔ اور ابن حنبل پر جو گزرنا تھی گزر گئی۔ اسی طرح اے اُستاد آپ بھی اگر آج اس بادشاہ کی صحبت علم مین جانے سے انکار کرین گے تو انجام یہ ہوگا کہ جو مصیبت کل احمد بن حنبل پر گزری تھی آج ہم پر گزرے گی۔ اور یہ لوگ بڑے زور و شور سے اور نہایت

طمطراق کے ساتھ دعوی کرین گے کہ قرآن مخلوق اور رویت بارتعالےٰ محال ہے۔ بہرحال اگر آپ نہ تشریف لے گئے تو اکیلا مین اُس کے دربار مین جاؤن گا۔ اور دیکھون گا کہ وہ ہم سے کیا چاہتا ہے"۔

یہ کہتے ہی اُنھون نے سفر کی تیاریان کر دین۔ اور شاہی قاصد کے ہمراہ براہ دریا بصرے سے روانہ ہو کر ساحل فارس پر اُترے۔ اور وہان سے خشکی کا سفر کر کے نہر رکن آباد کے کنارے اُس خطہ مین پہونچ گئے۔ جو زمانہ مابعد مین بڑے بڑے نامی گرامی علما اور سعدی و حافظ کا وطن ہونے والا تھا۔ بادشاہ فنّا خسرو نے قدر و منزلت کی۔ ہاتھون ہاتھ لیا اور اپنا مہمان بنایا۔ آخر اس علمی دربار مین اُن کے اور معتزلہ کے درمیان مناظرہ چھڑ گیا۔ معتزلہ کو اگرچہ بڑے بڑے دعوے تھے اور اپنے مقابل اہل سنّت و حدیث کو جاہل بتاتے تھے۔ مگر قاضی ابو بکر باقلانی نے ہر مختلف فیہ مسئلہ مین ایسے دلائل و براہین پیش کیے کہ سب کو ساکت و لاجواب ہو جانا پڑا۔ دو ہی چار روز کی بحث مین یہ نوبت پہونچ گئی کہ علماے معتزلہ اُن کی صورت دیکھتے ہی بھاگ کھڑے ہوتے۔ اور کسی کو مقابلہ کرنے کی جرأت نہ ہوتی۔

اِس کا یہ اثر ہوا کہ بادشاہ فنّا خسرو اپنے اعتزال سے توبہ کر کے اُن کا متبع ہو گیا۔ اور اپنے بیٹون کو اُن کے سپرد کیا کہ اِنھین مذہب اہل سنّت کی تعلیم دین۔ اس واقعے کی وجہ سے پُرانے معتزلی قاضی القضاۃ کا نام مٹ گیا۔ اور قاضی ابو بکر باقلانی کی سارے ایران

مین ایسی شہرت ہوئی کہ ملک کے عام دربار سے اُن کو "سیف السنہ ولسان الامۃ" (شمشیر سُنّت وزبان اُمّت) کا خطاب عطا ہوگیا۔

الغرض اعتزال کے استیصال کا باعث دراصل متوکل علی اللہ ہوا اور نہ کوئی اور خلیفہ بلکہ اِس کے صحیح بانی حضرت امام ابو الحسن اشعری اور اُن کے شاگردون اور پیرودن کا گروہ علماے اشاعرہ تھا امام الحرمین ابو المعالی جُوینی کے زمانے مین ایک متعصب شیعہ وزیر کے ظلم سے جو اصول معتزلہ کا حامی و موید تھا علماے اہل سُنّت پر پھر تباہی آئی تھی چنانچہ امام الحرمین اور اُن کے ساتھ صدہا علماے اہل سنت کو ملک ایران سے بھاگ کے ارض حجاز مین پناہ لینا پڑی تھی۔ مگر چند ہی سال بعد وہ مظالم دُور ہوے تو اُن بزرگان اُمت نے پھر اپنے وطن کی صورت دیکھی اور امام الحرمین کا پہلے سے زیادہ دورددورہ تھا۔ اُن کے بعد اُن کے شاگرد امام غزالی اور بعد ازان امام فخر الدین رازی نے اپنی عدیم المثال علمی کوششون سے اعتزال کو بیخ و بنیاد سے اُکھاڑ کے پھینک دیا۔ اور یہ حالت ہوگئی کہ دُنیا مین کہین معتزلہ کا نام و نشان بھی نہ تھا بجز اس کے کہ کبھی کبھی معتزلی الخیال علما و مصنفین البتہ نظر آجایا کیے۔

اعتزال نے شیعیت کے دامن مین پناہ لی تو علماے شیعہ کی کوشش سے البتہ اُن کے اصولی مباحث فنا ہونے سے بچ گئے۔ اور جب ایران مین دولت صفویہ قائم ہوئی تو شیعیت کے طفیل مین اعتزال کے متعدد عقائد نے پھر قوت حاصل کرلی۔ مگر وہ پُرانا فرقہ معتزلہ آج تک

دنیا مین کہین نہین نظر آیا۔

مگر اس آخر عہد مین اعتزال نے ایک نئے عنوان سے دنیا کو اپنی صورت دکھائی ہے جس کی مفصل کیفیت یہ ہے کہ ہمارے ہندوستان مین اسلامی حکومت کے ختم ہونے کے بعد جب انگریزون کا دور شروع ہوا تو مذاہب کے عالم مین ایک نیا اور بہت بڑا کون وفساد شروع ہوگیا۔ انگریز کہنے کو نصرانی ہین۔ مگر اُن کی نصرانیت وہ پُرانی نصرانیت نہین جو قرون وسطی مین اسلام سے لڑ رہی تھی! ور جس نے مدتون حروب صلیبیہ کا سلسلہ جاری رکھا تھا۔ یورپ کی موجودہ مسیحیت نے جدید سائنس سے متاثر ہو کر وہان کی علمی دنیا مین ایک قسم کے الحاد اور بے دینی کی شان پیدا کر لی ہے۔ اس سے انکار نہین کیا جا سکتا کہ انگریزون کے جھنڈے کے نیچے نیچے مشنری بھی آئے۔ اور مذہب عیسوی کی تبلیغ کرنے لگے۔ مگر مسلمانون کو اُن سے لڑنا اور مناظرہ کرنا چندان دشوار نہ تھا چنانچہ اکثر مناظرون مین وہ اُن پر غالب آ جایا کرتے ہین۔ مگر ملحدانہ دہریت جو مسیحیت کے لباس مین چھپی ہوئی ہے اُس کا مقابلہ کرنا جس طرح ہر مذہب کے لیے دشوار ہے مسلمانون کے لیے بھی آسان نہین۔ یورپ مین اِس الحاد نے مسیحیت کو شکست دے کر اپنا مطیع ومنقاد بنا لیا۔ اور اب دُنیا کے تمام دیگر مذاہب کو مغلوب کرنا چاہتا ہے۔ اسلام جو اپنے گذشتہ علمی دور مین خود اپنے مذہبی دنگل کے اندر معتزلہ و اشاعرہ کی کُشتیان دیکھ کر ایک با اصول علمی وعقلی مذہب بن چکا تھا۔ اس مسیحیت نما دہریت

سے بھی لڑنے کو تیار ہو گیا۔ مگر یہ نہایت دشوار کام تھا۔ اس لیے
کہ فلسفۂ یونان جس پر پُرانے اعتزال کی عمارت قائم کی گئی تھی وہ
خود ہی مسترد اور تقویم پارینہ ہو چکا تھا۔ اور موجودہ سائنس
سے لڑنا ایک بالکل نئے اکھاڑے مین قدم رکھنا تھا۔ اِس
دشواری کو سر سید مرحوم نے محسوس کیا۔ وہ علماً پُرانے عربی سکول
کے تعلیم یافتہ۔ مذہباً اہل حدیث کے مسلک کے پیرو۔ حیثیتہً گورنمنٹ
آف انڈیا کے اعلیٰ عہدہ دار۔ اور معاشرۃً انگریزون کے صحبت یافتہ
تھے۔ اِس کے ساتھ انگریزون کی ترقیون اور کامیابیون سے مرعوب
ہو چکے تھے۔ اصول اسلام اور سائنس کے موجودہ مسائل پر اُنھون
نے غور کرنا شروع کیا تو فقہ حدیث اور مروجہ علم کلام کو ان مباحث
مین خاموش پایا۔ آخر اُنھون نے معتزلہ کے قدیم اصول کا مطالعہ
شروع کیا۔ بعد ازان امام ابوالحسن اشعری کے محدثانہ علم کلام کو بھی غور
سے پڑھا۔ اور اپنے خیال مین مذہب کا ایک نیا خاکہ قائم کیا۔ جس مین
نہ پورا اعتزال تھا نہ پوری محدثیت۔ اعتزال کا یہ اصول اختیار
کر کے کہ عقل شرع پر حاکم و قاضی ہے آزادانہ بحث کی گنجائش نکالی۔
بعد ازان محدثین کے اس متفقہ اصول سے فائدہ اٹھانا
چاہا کہ صحیح حدیثین دو قسم کی ہوتی ہین۔ متواتر اور خبر آحاد۔ متواتر وہ
ہین جن مین ہر راوی کے طبقہ مین اس کے ساتھ اتنے راوی روایت
کرتے ہون کہ اُنون کی غلط بیانی کو عقل محال جانے۔ متواتر

حدیثوں کو محدثین یقینی الثبوت تسلیم کرتے اور ثبوتاً قرآن کے درجہ پر رکھتے ہین۔ مگر ایسی حدیثین اگر دو ایک بعض کے نزدیک ہین بھی تو دوسرون کے نزدیک متواتر نہین ہین۔ وہین احادیث خبر آحاد اُنھین پر فقہ اور شریعت کا دار و مدار ہے۔ اور اُنھین الحدیث ظنی الثبوت کہتے ہین۔ یعنی گمان غالب ہوتا ہے کہ رسول اللہ صلعم نے ایسا کہا یا کیا۔ صحاح ستہ اور تمام مسند (مجموعہ ہاے احادیث) اسی پچھلی قسم کی حدیثون یعنی خبر آحاد سے بھرے ہوے ہین۔ اُنھین سے مسائل شرع کا استخراج ہوتا ہے۔ اور اُنھین پر فقہ و حدیث کی ساری عمارت قائم ہے۔ اسی اصول حدیث سے فائدہ اُٹھا کر سرسید نے دعوی کیا کہ خبر آحاد جب ظنی الثبوت ہین تو اُن کی بنا پر کسی بات کا فرض یا واجب ہونا نہین ثابت کیا جا سکتا۔ اس طریقے سے سرسید نے حدیث و فقہ مین بھی ردّ و قدح اور بہ آزادی بحث کرنے کا دائرہ وسیع کر لیا۔ غالباً اُن کا خیال یہ بھی تھا کہ عقلی براہین و ادلہ کے مقابلے مین ظنی الثبوت احادیث پر عمل کرنا ضروری نہین ہے۔ اور اُن کے خیال مین عقلی براہین و ادلہ وہ تھے جو جدید علوم اور سائنس کی رو سے ثابت ہون۔ نتیجہ یہ ہوا کہ جس طرح اس زمانے کا الحاد اگلے عہد کے الحاد سے بدتر تھا ویسے ہی اِس زمانے کا ایجاد شدہ اعتزال بھی اگلے اعتزال سے بدتر نظر آنے لگا۔ اگلے معتزلہ کو اگرچہ خوارق عادات معجزات و کرامات کے وجود سے انکار تھا۔ مگر وہ اُن آیات قرآنی کو جن مین اس قسم کی باتین مذکور ہین متشابہ کہتے۔ یا اُن مین تاویل کرتے۔ سرسید نے اپنے اس کلام مین دُور از وہم و گمان باتین بنائین۔ اور اُن آیات کو سائنس کے مطابق بنانے کی کوشش مین ایسے عجیب معنی بیان کیے جو قابل مضحکہ معلوم ہوتے ہین۔

سرسید اسی کوشش مین مصروف اور اپنے جدید علم کلام کو مدوّن کر رہے تھے کہ اُنھیں مولانا شبلی کا ایسا قابل اور وسیع النظر عالم مل گیا۔ مولنا شبلی پُرانے مدرسۂ عربیت کے تعلیم یافتہ اور سرسید کے خلاف متشدد حنفی تھے۔ حضرت امام ابو حنیفہ کے جوشِ محبت مین اپنے آپ کو "نعمانی" کہلاتے تاکہ حنفیت مین اُن کا رُتبہ معمولی حنفیون کے درجے سے بڑھا ہوا ہو۔ اسی کوشش مین اُنھون نے مولنا محمد عبدالحی مرحوم کی بعض مختلف فیہ مسائل مین تردید کی۔ اور رہا بیون کے مقابلے مین بدعتیون کے وکیل بن رہے تھے کہ سرسید کی صحبت مین پہونچے۔ اس صحبت نے اُن کو اس مناظرے کے میدان سے ہٹا کر پہلے تو تاریخی تصانیف کی طرف مصروف کیا۔ اور بعدازان رفتہ رفتہ اُسی سید احمد خانی کلام کے ذیل مین لا کھڑا کیا۔ چنانچہ انھون نے علم کلام کی تاریخ لکھی حضرت فاروق اعظم حضرت امام اعظم امام غزالی اور مولانائے روم کی سیرتین تصنیف کین۔ اور آخر مین سیرۃ النبی کی تصنیف مین مصروف ہو گئے۔ اِن کتابون مین سے اکثر مین محدثین کی طرف سے بدظنی قیاسی اجتہاد کی جنبہ داری۔ اور اکابر معتزلہ کی مدح سرائی ایسی باتین ہین جو صراحۃً اعتزال کی جھلک دکھا رہی ہین۔ اور ایسے ہی بعض اور تصانیف لکھے۔ اسی سلسلے مین اُن کی حنفیت کی محبت اس جانب مائل ہوئی کہ خود اصول وعقائد حنفیہ کو اعتزال کے قریب یا اعتزال ثابت کر دین۔

اس کو مین مانتا ہون کہ حنفیہ ابوالحسن اشعری کے اصول و عقائد دین کو پورا پورا نہین مانتے۔ اور نہ اپنے آپ کو امام اشعری کا پیرو

ظاہر کرتے ہین۔ وہ بجاے اشعری کے اپنے تیئین اصولاً ماتُریدی کہتے اور امام ابو المنصور ماتُریدی کا پیرو بتاتے ہین۔ لیکن ماتُریدیت کو اعتزال یا اعتزال کے قریب بتانا ایسی سخت غلطی ہے جس کو ابتدا سے انتہا تک کا کوئی حنفی عالم قبول نہ کرے گا۔ علامۂ عبد الوہاب شعرانی نے امام ماتُریدی اور امام اشعری کو بجز دس باتون کے تمام مسئلون مین متحد و متفق بتایا ہے۔ اور ان اختلافی مسائل کی نسبت بھی کہا ہے کہ اصولی نہین فروعی مسائل ہین۔ ماسوا اس کے خود حضرت امام ابو المنصور ماتُریدی اپنی شرح فقہ اکبر مین اول سے آخر تک معتزلہ کی تردید کرتے۔ اُن کو سخت و سست الفاظ مین یاد فرماتے جا بجا احمق بتاتے ہین۔ اور بجز دو ایک جگہ کے تمام اعتقادی مسائل مین امام اشعری کے ہم خیال و ہمزبان ہین۔ مگر قیامت یہ ہے کہ آج کل کی انگریزی تعلیم اور سائنس کے اثر نے انگریزی دان طبقے کی عام حالت یہ کر دی ہے کہ وہ مقلدین کے رہنا نہین چاہتے۔ بلکہ ہر امر مین چاہے علوم دینیہ سے واقف ہون یا نہ ہون مجتہدین جاتے ہین۔ وہ اپنے اُس بے تکے جاہلانہ اجتہاد مین اکثر معتزلیت کے قریب پہونچ جاتے ہین۔ اور نہین جانتے کہ ہم کیا کہہ رہے ہین۔ چنانچہ انگریزی دان طلبہ کا طبقہ بغیر اس کے جانے کہ اعتزال کیا چیز ہے اضطراراً معتزلی بنتا چلا جاتا ہے۔

اسی قسم کے ایک بزرگ نے جنھون نے انگریزی کے سوا عربی کا کوئی عقلی یا نقلی فن نہین حاصل کیا صرف گذشتہ لڑائی کی برکت سے چند روز عربون مین رہ کر عربی بولنے لگے ہین۔ ارادہ فرمایا کہ سارے علم حدیث کو مٹا دینا [illegible] نکال لینا مشورے کے لیے میرے پاس آئے اور فرمایا کہ مین نے تمام صحاح [illegible] حدیثون کو الگ

## دلگداز کی مکمل جلدین

| | | | |
|---|---|---|---|
| جلد سنہ ۱۸۹۷ ۶ | ۴ عہ | جلد سنہ ۱۹۱۶ ۶ | ۴ عہ |
| جلد سنہ ۱۸۹۹ ۶ | ۴ عہ | جلد سنہ ۱۹۱۷ ۶ | ۴ عہ |
| جلد سنہ ۱۹۰۰ ۶ | ۴ عہ | جلد سنہ ۱۹۱۸ ۶ | ۴ عہ |
| جلد سنہ ۱۹۰۵ ۶ | ۴ عہ | جلد سنہ ۱۹۲۱ ۶ | ۴ عہ |
| جلد سنہ ۱۹۰۶ ۶ | ۴ عہ | جلد سنہ ۱۹۲۲ ۶ | ۴ عہ |
| جلد سنہ ۱۹۱۴ ۶ | ۴ عہ | جلد سنہ ۱۹۲۳ ۶ | ۴ عہ |
| جلد سنہ ۱۹۱۵ ۶ | ۴ عہ | جلد سنہ ۱۹۲۴ ۶ نامکمل | عہ |

### دلگداز کی نامکمل جلدین

| | | | |
|---|---|---|---|
| جلد سنہ ۱۹۰۱ ۶ | ۱۰/ | جلد سنہ ۱۹۱۱ ۱۰/ جلد سنہ ۱۹۱۳ | عہ/ |
| جلد سنہ ۱۹۰۲ ۶ | ۱۵/ | منتخب مضامین سنہ ۱۹۲۲ ۶ | ۱۰/ |

## مشہور مصنفین کی کتابین

| | | | |
|---|---|---|---|
| دیوان حسرت | ۳/ | دلول دیوی | ۹ عہ/ |
| الفاروق | سے/ | مجوس گنشت | ۱۰/ |
| الغزالی | ۸ عہ/ | مجذوب | ۸/ |
| سیرۃ النعمان | ۸ عہ/ | شاعر کی پہلی کتاب | ۸/ |
| سوانحعمری مولانا روم | ۸ عہ/ | " دوسری کتاب | ۸/ |
| بیان خسرو | ۸/ | " تیسری کتاب | ۸/ |
| موازنہ انیس و دبیر | ۲ سے/ | زبان دانی | ۶/ |
| مثنوی صبح امید | ۴/ | اصول اردو | ۶/ |
| اورنگزیب عالمگیر | ۸/ | قواعد میر | ۶/ |
| حیات حافظ | ۶/ | جان اردو | ۶/ |
| حیات سعدی | ۸/ | اصلاح زبان اردو | ۶/ |
| مجموعہ نظم | ۳/ | رزم و بزم | ۱۲ عہ/ |
| المامون | ۴ عہ/ | نیلی چھتری | ۴ عہ/ |
| رام پیاری | ۵ عہ/ | ملزم کی گرفتاری | عہ/ |
| عبرت کامل | ۴ سے/ | چوروں کا کلب | ۱۲/ |
| حسن سعدہ | ۲ سے/ | مستقبل اسلام | ۸ عہ/ |
| گودرا | ۴ عہ/ | مرد میدان کامل | ۸ عہ/ |
| نیل کا سانپ | ۹ عہ/ | تمدارت تیموریہ | عہ/ |
| نشتر | ۸/ | جعفر و عباسہ | ۵ عہ/ |
| احتر و حیثہ کامل | ۵/ | سیرۃ العباس | عہ/ |
| نقدیہ | ۲/ | معشوقۂ عرب | ۱۰/ |
| مکافات عمل | ۴ عہ/ | " " " | ۴ عہ/ |
| یادہ دل | ۴ عہ/ | میری کہانی | ۱۴/ |
| ملشا | | | |

## دلگداز!

مولانا شرر کا مشہور ادبی و تاریخی رسالہ جس نے زبان اردو کے علمی خزانے کو اعلیٰ لٹریچر سے بھر دیا خریداروں کو ایک سال خریدار رہین تو ایک نیا ناول مفت نذر کیا جاتا ہے اور وہی سال بعد کے چندے اور محصولڈاک پر وی پی روانہ کر دیا جاتا ہے قیمت سالانہ مع محصول ڈاک عہ/ دلگداز کا وی پی اس کا محصول بڑھا کے عہ/ کا بھیجا جاتا ہے نمونے کی قیمت ۳/

منیجر دلگداز ۔ لکھنو

## مولانا شرر کے خیالی ناول

آغا صادق کی شادی ۔ ایک دلچسپ قصہ ۱۰/

حسن کا ڈاکو ۔ حرام پور کے نواب کا اعمالنامہ ہر دو حصہ عہ/

اسرار دربار حرام پور ۔ حرام پور کے نواب کے رہنے سے حالات ہر دو جلد ۱۰/

خوفناک محبت ۔ ۴ عہ/

غیب دان دولھن ۔ حیرت انگیز غیب دانی ۔ عہ

## ڈرامے اور نظمین

اسیری بابل ۔ گولڈ اسمتھ کے ایک ڈرامے کا نظم اردو ترجمہ ۲/

زمانہ اور اسلام ۔ ایک پرشوز و گداز نیچرل نظم ۳/

شہید وفا ۔ غرناطہ اور اسپین مین زوال دولت عرب کی تصویر ۲/

شب غم ۔ فراق کی بیتابیان اور بیقراریان ۔ ۱/

شب وصل ۔ فراق کے بعد وصل کا بیان ۔ ۱/

### مضامین شرر

جو آٹھ جلدون مین ہین اور پہلی مین جلدین تین تین حصون مین منقسم ہین حجیب کے تیار ہو گئے ۔ ان مین سے مندرجۂ ذیل حصے دفتر دلگداز سے مل سکتے ہین جلد اول (مضامین شاعرانہ و عاشقانہ) کا حصہ اول ۱۲/ دوم ۱۲/ سوم (جس مین آغاز و ختم سال کے مضامین یکجا کر دیے گئے ہین عہ/ جلد دوم (مضامین تاریخی جغرافی) کا حصہ سوم جس مین مشرقی تمدن والے مضامین جمع ہین ۔ اور لکھنؤ قدیم نام رکھا گیا ہے عہ/ ۔

جلد چہارم مکمل مضامین (ادب و تحقیق مسائل) عہ/

جلد پنجم مکمل (اصلاح قوم و ملت عہ/ سیر نسوان

دو جلد ۱/ سیر جبال

آپ کا خادم حکیم محمد سراج الحق منیجر دلگداز کٹرہ بزن بیگخان لکھنو

کرنا شروع کردیا ہے جن کے راوی دو یا دو سے زیادہ صحابی رہے ہون۔ اس لیے کہ میرے نزدیک جس حدیث کی روایت صرف ایک صحابی سے ہو حجت نہین ہے۔ مین نے صحابہ کی جانب سے اِس بدگمانی کی وجہ پوچھی تو بعض صحابہ پر اعتراض کرنے لگے آخر مین نے اُنھین مشورہ دیا کہ اگر اس کام کو آپ کرنا چاہتے ہین تو مہربانی کرکے اپنی زندگی کا کم از کم دس سال حدیث و فقہ کی تعلیم مین صرف کیجیے اور اس کے بعد اِس کار خیر کیطرف توجہ فرمائیے جب تک آپ حدیث و فقہ کے اصول۔ اور اُن علوم کے اہم مباحث سے واقف نہ ہو جائین ایسا کرنے مین آپ کو بڑی دشواریان پیش آئین گی۔ اور مین اُن کا شکرگزار ہون کہ اس کام کے لیے تیار ہونے کی دشواریون کے خیال سے اُنھون نے ہمت ہار دی اور اپنی اُس مجتہدانہ تصنیف سے قدم روک لیا جس کے جوش مین سنن اربعہ مین سے دو ایک کی مرمت کر بھی چکے تھے۔

الغرض سب سے زیادہ خطرناک ہمارے ہیان کا یہ خود رَو اعتزال ہے۔ علماے ملت بیضا کا سب سے اہم اور ضروری کام یہ ہے کہ اس اعتزال کو روکین۔ اور پتہ لگائین کہ انگریزی کالجون کے طلبہ کیا سے کیا ہوتے جائے ہین۔ اور کہان پہونچے جاتے ہین۔

# تصانیف مولنا محمد عبد الحلیم صاحب شرر

## تاریخ۔ سوانح عمری اور لکچر وغیرہ

(۱) جنید بغدادی حضرت جنید کے حالات۔ عہ
(۲) ابوبکر شبلی۔ حضرت شبلی کے حالات۔ عہ
(۳) تاریخ سندھ۔ عرب کے فتوحات سندھ کی محققانہ تاریخ۔ ۸ر
(۴) تاریخ خلافت۔ خلافت کے مختصر حالات ۴ر
(۵) حسن بن صباح۔ بانی فرقہ باطنیہ کے حالات ۶ر
(۶) خواجہ معین الدین۔ خواجہ اجمیری کے حالات ۶ر
(۷) ملکہ زنوبیہ۔ سلف کی عربی نژاد ملکہ ۳ر
(۸) سکینہ بنت حسین جناب سکینہ بنت امام حسین ۶ر
(۹) سیر رجال۔ ناموران اسلام کے حالات ۸ر
(۱۰) شیرین ملکہ عجم۔ فرہاد خسرو کی نامور معشوقہ ۳ر
(۱۱) افسانہ قیس مجنون عامری کے حالات عہ
(۱۲) قرۃ العین ایران کی مشہور مجتہدہ کے تاریخی حالات ۲ر
(۱۳) سیر نسوان۔ نامور خاتونان ارض کے تاریخی حالات ۸ر
(۱۴) ولادت سرور عالم۔ مولد شریف مصنفہ علامہ ابوالفرج ابن جوزی کا ترجمہ نثر کا نثر میں اور نظم کا نظم میں ۸ر
(۱۵) سفرنامہ امام شافعی امام شافعی کے سفر کے حالات ۴ر
(۱۶) صقلیہ میں اسلام۔ عربوں کا جزیرہ سسلی کا فتح کرنا ۱۴ر
(۱۷) سرسید کی دینی اسپرٹ ۲ر
(۱۸) قانون وراثت اسلام۔ مولنا کا ایک لکچر ۴ر
(۱۹) ہندوؤں کا تعلق اردو سے۔ ۴ر
(۲۰) ہندوستان کی موسیقی۔ ۴ر

## تاریخی ناول

(۲۱) الفانسو۔ ایک سچا عاشقانہ تاریخی ناول ۱۲ر
(۲۲) بابک خرمی۔ سلطنت عباسیہ کے زمانے کا ایک تاریخی ناول ہر دو جلد ۸ر
(۲۳) حسن انجیلنا۔ روس و روم کی لڑائی ۱۰ر
(۲۴) شوقین ملکہ دوسری صلیبی لڑائی عہ
(۲۵) طاہرہ۔ نہایت دلچسپ تازہ ناول ۴ر
(۲۶) مینا بازار۔ شاہجہان کے وقت کا تاریخی ناول عہ
(۲۷) عزیزہ مصر عہد بنی طولون کا تاریخی ناول ۴ر
(۲۸) فتح اندلس۔ اسپین پر عربوں کا حملہ ۴ر
(۲۹) رومۃ الکبری۔ روم پر گاتھ لوگوں کا حملہ ۴ر
(۳۰) مفتوح فاتح۔ ایک نہایت دلچسپ تاریخی ناول ۴ر
(۳۱) فلپانا۔ ارض طرابلس الغرب پر صحابہ کا حملہ ۸ر
(۳۲) فلورنڈا۔ ہسپانیہ کے عہد [illegible] آل مروان میں عیسائیوں کی حالت اور ان کا مجنونانہ جوش۔ ۸ر
(۳۳) فردوس بریں۔ جیتے جی جنت کی سیر۔ ۸ر
(۳۴) قیس و لبنیٰ مشہور عاشق عرب اور اس کی معشوقہ لبنیٰ ۸ر
(۳۵) لعبت چین۔ عہد صحابہ کا تاریخی ناول ۸ر
(۳۶) ملک العزیز ورجنا رچرڈ شیر دل اور صلاح الدین اعظم ۱۰ر
(۳۷) مقدس نازنین ایک حسینہ کا پوپ بن جانا ۸ر
(۳۸) ماہ ملک غوریوں کا عروج اور فتوحات ۸ر
(۳۹) منصور موہنا ارض سندھ میں ایک انصاری خاندان ۱۰ر
(۴۰) یوسف نجمہ کابل جگ بیتی نہیں آپ بیتی ۸ر
(۴۱) ایام عرب۔ جاہلیت عرب کی مکمل تصویر ہر دو حصہ ۸ر
(۴۲) جویائے حق۔ حضرت رسول اکرم کی سوانح عمری بطور ناول حصہ اول ۱۲ر دوم ۸ر کامل ۸ر

## دیگر مطبوعات دلگداز پریس

(۴۳) مرزا غالب کی شاعری مرزا محمد عسکری صاحب بی اے کا ایک محققانہ لکچر ۴ر
(۴۴) اکاڈیمی کی تاریخ پر مرزا صاحب موصوف کا لکچر ۳ر
(۴۵) رفع النقاب۔ مروجہ پردہ کی تردید ۴ر
(۴۶) رامائن کے بعض سین۔ ۸ر
(۴۷) مسلمان تاجدار ان ہند دہلی کے بادشاہوں کے دلچسپ حالات تین حصے ۴ر
(۴۸) جمیلہ مصنفہ برکات احمد صاحب ۱۲ر
(۴۹) بے وفا ایضاً ۱۲ر
(۵۰) پاداش عمل رینالڈ کے مشہور ناول کا ترجمہ حصہ اول عہ دوم عہ سوم عہ چہارم پنجم ۸ر
(۵۱) اتالیق بی بی میاں بی بی کی حرکتوں پر بی بی کی مزے دار نکتہ چینی۔ ۸ر

حکیم محمد سراج الحق منیجر دلگداز گڑھ بزن بیگ خان لکھنؤ